بارہ 12 امامیہ جنتری

الوہیت کا سال

One Allah

THREE FAITHS WITH ONE GOD

ASTROLOGY FOR ALL www.aienaeqismat.com.pk

بیادحضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

جلد نمبر 69 | NOVEMBER 2016 | شمارہ نمبر 08

بانی ادارہ مہتمم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبر شپ 9000 روپے
لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

چیف ایڈیٹر: شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی
گروپ ایڈیٹر: شہزادہ سید محمد علی زنجانی
آئینہ قسمت | زنجانی جنتری | جنتری | البیرونی تقویم
ایڈیٹر: شہزادہ سید مصور علی زنجانی
سب ایڈیٹر: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

اللہ کے راستے میں روزہ

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی بندہ اللہ کے راستے میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے اللہ اس ایک دن کی وجہ سے اس کے چہرے کو آگ سے ستر خزاں (ستر سال کی مسافت) دور کر دیتا ہے۔

(مسلم: بفضل الصیام فی سبیل اللہ)

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر / پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

ورائے لفظِ بیاں لا الٰہ الا اللہ
وقارِ کون و مکاں لا الٰہ الا اللہ

تمام شے پہ ہے قادر وہ ذات ربِّ کریم
اسی یقیں کا نشاں لا الٰہ الا اللہ

یہی ہے حاصل ایماں کہ ہے حقیقت میں
نوید امن و اماں لا الٰہ الا اللہ

ہزار دل پہ سیاہی جمی ہو غفلت کی
بدل ہی دے گا سماں لا الٰہ الا اللہ

بنے گی بات اگر مومنو! رہے تا عمر
تمہارے وردِ زباں لا الٰہ الا اللہ

زمانہ اس کا زیاں کیا کرے گا اے انجمؔ
ہے جس کے دل پہ عیاں لا الٰہ الا اللہ

نعت

ریاض ندیم نیازی

مہکا ہوا ہے ہر طرف گلزار آپؐ سے
نسانیت کا بڑھ گیا معیار آپؐ سے
جھونکا گیا ہے اُس کو جہنم کی آگ میں
جو بھی ہُوا ہے برسرِ پیکار آپؐ سے
اُنؐ کے طفیل فصلِ بہاراں ہے ہر طرف
پھولوں کی پتیوں میں ہے مہکار آپؐ سے
جو آگیا حضورؐ کی محفل میں ایک بار
وہ تشنہ کام ہو گیا سرشار آپؐ سے
محشر میں ہو گئی اُنؐ کو شفاعت حضورؐ کی
اُمید رکھ رہے ہیں گنہگار آپؐ سے
ہر بار مجھ کو اذنِ حضوری نصیب ہو
یہ التجا حضورؐ ہے ہر بار آپؐ سے
مجھ پر ندیم چشمِ کرم ہے حضورؐ کی
پایا ہے میں نے دیدہ بیدار آپؐ سے

بقیہ غزل صفحہ ۱۰۴

منقبت

ریاض ندیم نیازی

مولا علیؑ کی آنکھ کے تارے حسینؑ جی
ہیں فاطمہؑ کی راج دُلارے حسینؑ جی
جو ہو گئے ہیں آپؑ کے، وہ کامراں ہوئے
کہتے ہیں ہم سے دل کے یہ دھارے حسینؑ جی
دنیا میں اُنؑ کے صبر کی کیسے مثال دوں
دریائے ضبط کے ہیں کنارے حسینؑ جی
جاں دے کے دینِ حق پہ، ہوئے سرخرو مدام
کہتا ہے کون جنگ میں ہارے حسینؑ جی
نسبت ہے جن کو آپؑ سے وہ کامراں ہُوا
دریائے عشق کے ہیں کنارے حسینؑ جی
میری حیات رنج و الم کی ہے شاہکار
کافی ہے تیرے غم کے سہارے حسینؑ جی
نامِ حسینؑ باعثِ رحمت ہے اے ندیم
اُمّت کے ہیں امام ہمارے حسینؑ جی

نومبر 2016ء آرمی چیف کی تبدیلی ملک کی مستقبل کی سیاسی صورت حال کے لئے اہم فیصلوں کا مہینہ، چیف جسٹس آف پاکستان کے ریماکس سیاست دانوں کے لئے نہ سہی پاکستان قوم کے لئے نہایت لمحہ فکریہ

زائچہ (نیو مون): ۔ نیو مون چوتھے وتد الارض اپنے فطری گھر طلوع ہونے سے پاکستان کی عالمی علاقائی جغرافیائی صورتحال پاک چائنہ راہداری کامیابی اور تعمیری کاموں میں تیزی کے سبب وطن عزیز کی نمایاں وممتاز حیثیت میں اضافہ ہو۔ ملکی زرعی پیداوار کو بڑھانے کے لئے زرعی ماہرین کی کاشت کاروں کو مسلسل معاونت رہے کسانوں کے مسائل کے حل اور انہیں مراعات دینے کے لئے حکومتی اور زرعی بینکوں سے بھی تعاون ملے جس کے نتیجہ میں زراعت، باغبانی اور ہاؤسنگ کے شعبوں میں ترقی دیکھنے میں یقینی آئے۔ پانچویں دسویں کا مشترکہ حاکم چھٹے اور ساتویں آٹھویں کا مشترکہ حاکم زحل ہمراہ پانچویں گیارہویں سے حالت قران میں ہونے سے حکومت کے خلاف چلنے والی اپوزیشن تحریکوں میں اچانک شدت آنے سے کرپشن کے معاملات پر حکومت کو ہزیمت اور شرمندگی اُٹھانی پڑے چھٹے سروسز کے گھر مریخ کی موجودگی اسٹیبلشمنٹ یا عسکری اداروں کی دہشت گردوں کے خلاف اندرونی اور سرحدوں پر چوکس پوزیشن رہے۔ الیکشن ٹربیونل اور پارلیمنٹ میں ایسے قوانین بنانے کی سفارش یا قرارداد پیش جس سے کرپشن زدہ کرداروں کو بے نقاب کیا جائے ایسے قوانین جو اشرفیہ کے مفاد میں نہیں انکی بھرپور مخالفت۔ بحران جیسی کیفیت مشتری کے زائچہ میں کمزور ہونے کے سبب اچانک پیش آسکتی ہے۔

زائچہ (فل مون): ۔ فل مون زائچہ میں طالع چھٹے کا مشترکہ حاکم زہرہ آٹھویں نحس گھر شمس وقمر بھی چھٹے بارہویں نحس گھروں میں ہونے زائچہ میں نحوست کا رنگ کچھ زیادہ بھر گیا ہے۔ حکمرانوں کے لئے شمس کی نشست انتہائی برے ثمرات سیاسی مذہبی فسادات کے نتیجہ میں اموات، حادثات اور جرائم کی شرح میں اضافہ حکومت کے خلاف سازشیں سکینڈل بغاوت کی افواہیں پھیلنے سے مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی بڑھے، ساتویں بارہویں کا حاکم مریخ نویں عدلیہ کے گھر شرف یافتہ مذہبی قانونی تنازعات اپوزیشن کا دباؤ کمرشل طبقے میں بے چینی ٹریڈ کامرس سٹاک شیئر میں اتار چڑھاؤ بعض حساس علاقوں میں فسادات کے سبب لوگوں کا پولیس اور فوج سے تصادم حساس علاقوں میں حکومت خلاف مظاہرے عدالتوں میں حکومت کو چیلنج کیا جائے۔ خواتین کے ساتھ بدسلوکی کے واقعات بڑھیں۔ مشتری پانچویں کمزور نویں دسویں کا مشترکہ حاکم زحل ساتویں ہمراہ عطارد زحل ایک معلم احتساب جج کی حیثیت رکھتا ہے۔ تمام زائچہ میں ستاروں کی نشست اہم سیاسی لوگوں کے لئے نیک فال نہیں ان کے احتساب خرابی صحت اور کسی بزرگ سیاست داں کی موت کا بھی اشارہ ہے۔ مالیاتی اسکینڈل جن سیاسی وغیر سیاسی لوگوں نے کرپشن کر رکھی ہے۔ ان کے لئے احتسابی دباؤ بڑھے گا۔

اس نحس وقت کی ابتداء 26 نومبر 13 بجکر 01 منٹ، خاتمہ 29 نومبر 01 بجکر 45 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

کربلا کے بعد کشمیر لہولہو

پاک بھارت کی فیصلہ کن جنگ سے کشمیر آزاد ہو گا ہندوستان کے مزید ٹکڑے ہو سکیں گے

ازتحریر: منجم شاہ زنجانی

آفرینش کائنات سے 28 حروف ابجد قمری میں ک یا گ (انگلش K.C) کا حرف ہمیشہ حساس رہا ہے۔ مثلاً کعبہ، (وادی) کنعان، کربلا، کشمیر، کارگل، کہوٹہ، (C چاغی)، کراچی، کوئٹہ، گوادر، کابل (ملک)، کویت، کوریا علیٰ ہذا مزید تحقیق خود کرلیں۔

قدرت نے کائنات کا نظام عدل پر رکھا ہے کہ ظلم فرعون نے موسیٰ علیہ السلام کی ولادت نہ ہونے دینے کے لیے 70 ہزار نومولود لڑکے قتل کروا دیے۔ کائنات کے وجود سے آج تک ہر ظالم کی قسمت میں نیل کے غوطے اور سمندر میں غرق ہونا لکھا ہے۔ بین المذاہب ہر مذہبی کتاب اور اس کے عالم واحدہ لاشریک کو مانتے ہیں۔ 2017ء کا مفرد نمبر 1 بھی اسی کی شان بیان کرتا ہے۔ ہندوستان کی تقسیم پاکستان اور بھارت کو آج 70 سال گزر چکے ہیں۔ یہ تعداد نمبرز 7 فرعون کے قتل و غارت کے نمبرز سے مشابہ ہے۔ عالمی نقشہ پر نگاہ ڈالیں تو کشمیر کا کل ایریا 222236 سکوئیر کلومیٹر، جبکہ اس میں آزاد کشمیر 13297 سکوئر کلومیٹر ہے۔ بھارت سرکار نے 208939 کلومیٹر پر قبضہ کے لیے 7 لاکھ افواج لگا رکھی ہے۔ 70 سال سے ہم پوری دنیا میں کشمیری پر مظالم کے خلاف مذمت کرتے چلے آ رہے ہیں۔ یوں ہر جگہ سات کا ہندسہ نمایاں ہو رہا ہے۔ علم الاعداد کی روشنی میں 2017ء کشمیر تصفیہ کے لیے فیصلہ کن سال دکھائی دیتا ہے۔ سرحد کے اُس پار مقبوضہ کشمیر 70 سال سے کشمیری بہن بھائیوں پر ظلم کی انتہا ہو چکی ہے۔ بھارتی سرکار اور افواج انہیں دہشت گرد اور عالم اسلام انہیں حریت پسندوں کا نام دیتا ہے۔ جو اپنے وطن کشمیر کی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ پاکستانی 70 سال سے کشمیر پر مظالم کی صرف مذمت پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔ ہماری کشمیر کمیٹی کے مولانا فضل الرحمٰن نے اب تک کچھ نہیں کیا۔ حالانکہ 70 سال سے جتنے مظالم کشمیر پر ڈھائے گئے ہیں اس کی مثال کم ہی ملتی ہے۔ جبکہ UNO کے مبصر دونوں ملکوں کے کشمیر علاقہ میں معین ہیں، وہ ان مظالم کو اپنی آنکھ سے دیکھتے ہیں۔ اب صبر کی انتہا ہو چکی ہے۔ ساتویں سارک کانفرنس نے پاکستانی وزیر داخلہ چوہدری نثار علی خان نے وزیر داخلہ ہند راج ناتھ سنگھ کو عالمی میڈیا کے سامنے بتا دیا ہے کہ بھارت جیسا کرے گا، ویسا ہی جواب دیں گے۔ ہمارے وزیر داخلہ کی کشمیری حریت پسندوں کے حق میں دلیرانہ بیان قابل تحسین ہے۔ مزاحمت سے بڑھ کر اب ان کی مرمت (جنگ) کی ضرورت ہے۔ خود بھارت نے اقوام متحدہ میں کشمیریوں کو حق خود ارادیت دینے کا وعدہ کر رکھا ہے۔ حال ہی میں یورپی یونین سے برطانیہ کے الگ ہونے کے لیے پرامن ریفرنڈم ہوا اور برطانیہ کے الگ ہونے کا فیصلہ آزادانہ رائے شماری سے آسان ہو گیا۔ مگر 70 سال گزر جانے کے باوجود بھی بھارت سرکار نے ایک تماشا لگا رکھا ہے اور ہر کوشش ہر مذاکرات کو سبوتاژ کر دیتا ہے۔

حریت کانفرنس کے رہنما سید علی گیلانی نے بھی چار نکاتی فارمولا پیش کیا ہے۔ سید علی گیلانی نے عالمی اداروں اور سربراہان مملکت کو ایک خط ارسال کیا ہے، جس میں انہوں نے کشمیر میں شورش کو ختم کرنے اور خطے میں پائیدار امن کی ضمانت کے لیے چار نکات پر مشتمل مطالبات کی فہرست جاری کی ہے۔ یہ مکتوب اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل، امریکہ، برطانیہ، فرانس، چین اور روس جیسے ممالک کے سربراہان، سارک ممالک اور جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک کی تنظیم آسیان اور اسلامی ممالک کی تنظیم کے علاوہ پاکستان، ایران، سعودی عرب اور ترکی کے سربراہان مملکت کو ارسال کیا ہے۔ علی گیلانی نے عالمی برادری سے اپیل کی ہے کہ اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتے ہوئے بھارت کو کشمیر سے متعلق فوجی پالیسی تبدیل کرنے پر آمادہ کریں۔ امن فارمولا کے نکات یہ ہیں:

(1) جموں کشمیر کی متنازعہ حیثیت اور اس کے باشندوں کو حق خود ارادیت تسلیم کیا

جائے۔

(2) آبادی والے علاقوں سے فوجی انخلا، عوام کش فوجی قوانین کا خاتمہ۔

(3) تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی، نظر بندی کے کلچر کا خاتمہ اور مسئلہ کشمیر سے جڑے سبھی سیاسی مکاتب فکر خاص طور پر حق خود ارادیت کے حامی سیاسی رہنمائوں کو سیاسی سرگرمیوں کی آزادی دی جائے۔

(4) اقوامِ متحدہ کے خصوصی مبصرین اور انسانی حقوق کے عالمی اداروں کے نمائندوں کو کشمیر کا دورہ کرنے کی اجازت دی جائے۔

یہ پہلا موقع ہے کہ اس قدر سنگین شورش کے دوران حریت رہنماؤں نے فہرست مطالبات جاری کی ہو۔ مبصرین کہتے ہیں کہ وسیع پیمانے پر لوگوں کے ساتھ زیادتیوں کے باوجود علیحدگی پسندوں نے ڈپلومیسی کا راستہ اختیار کر کے بھارت کو سفارتی چیلنج دیا ہے۔

آیئے! ہم علم نجوم کی روشنی میں تصفیہ کشمیر کے مستقبل پر روشنی ڈالتے ہیں۔ متنازعہ کشمیر کا زائچہ جو سبھی انڈین منجمین بناتے ہیں۔

کشمیر کی 70 سالہ تاریخ ہم سب کے سامنے ہے۔ اس کے پیدائشی زائچہ پر پھر کبھی روشنی ڈالیں گے۔ فی الحال حالات حاضرہ اور سیارگان و چلت سیارگان سے ہم آزادی کشمیر کا فلکی رخ دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

کشمیر اپنے زائچہ کے اعتبار سے ان دنوں مہادشا زحل 21 ستمبر 1999ء تا 21 ستمبر 2018ء گزر رہا ہے۔ اس میں اِنتر دشا مشتری 10 مارچ 2016ء تا 21 ستمبر 2018ء گزر رہا ہے۔ مہادشا زحل سبھی زمانہ خراب شورش زدہ کیونکہ زحل ساتویں وبال یافتہ اور مریخ سے قرانی درجات کے قریب ہے۔ زحل کے بعد دور عطارد مہادشا 21 ستمبر 2018ء تا 21 ستمبر 2035ء تک جاری رہے گا، فعلی اعتبار سے شمس اور مشتری زائچہ ناقص ستارے ہیں۔ مہادشا عطارد میں اِنتر دشا عطارد بھی 21 ستمبر 2018 تا 17 فروری 2021 تک رہے گی۔ عطارد زائچہ میں چھٹے اور فعلی اعتبار سے نویں گھر کا حاکم ہے۔ زائچہ کشمیر طالع کا حاکم زحل 26 جنوری 2017ء تا 24 جنوری 2020ء زائچہ کے بارہویں رہے گا۔ زحل کی رجعت 6 اپریل 2017ء تا 25 اگست 2017ء، 18 اپریل 2018 تا 6 ستمبر 2018، 30 اپریل 2019 تا 18 ستمبر 2019۔ ان ایام میں کشمیری حریت پسند آزادی کشمیر کی جنگ آزادی میں مشغول ہوں گے۔ تب بھارت سرکار اپنی لاکھوں کی فوج کے باوجود انہیں روک نہ پائے گی اور عالمی میڈیا یا اقوام متحدہ کے مبصرین اور عالمی طاقتیں پاک بھارت کو کسی بڑی ایٹمی جنگ سے روکنے کے لیے تصفیہ کشمیر کے حل اور اس کے ثالث بننے کی پیشکشیں کریں گے۔

ستارہ زحل طالع اور دوسرے کا مشتر کہ حاکم کشمیر کی عالمی شناخت اور جدوجہد آزادی کی آواز ہے۔ ستارہ زحل 24 جنوری 2020 تا 17 جنوری 2023 تک طالع میں رہے گا تو کشمیر کا مسئلہ عالمی اداروں، میڈیا میں ایک بار پھر ہائی لائٹ رہے گا۔ جبکہ 17 جنوری 2023 تا 29 مارچ 2025 یہ دوسرے اپنے فعلی گھر میں طاقتور ہوگا۔ اس زمانہ میں بھارت اپنے وعدہ کے مطابق اقوام متحدہ کے مبصرین کی نگرانی میں رائے شماری کرانے پر عالمی دباؤ کے تحت مجبور کیا جائے گا اور کشمیریوں کو حق ارادیت ملے گا کہ وہ پاکستان کے ساتھ الحاق کرنا چاہتے ہیں یا کہ بھارت سے علیحدگی اور اپنی الگ شناخت چاہتے ہیں۔ کشمیری لیڈران اور عوام کو اس اہم آسمانی کونسل پر بننے والے سعد اوقات میں حق آزادی کشمیر کی آواز کو بلند رکھنا ہوگا۔

زنجانی جنتری 2016ء کے صفحہ 43 میں ہم گذشتہ سال خاتون امیدوار ہیلری کلنٹن کی کامیابی اور پہلی امریکی خاتون صدر بننے کی پیش گوئی دے چکے ہیں۔

تاریخ ساز امریکی انتخابات کے عالمی اثرات

ستمبر آئینہ قسمت میں تفصیلی زائچہ کا اختصار منجم شاہ زنجانی کے قلم سے

ہیلری کلنٹن

زائچہ ہیلری کلنٹن 26 عقرب 07 — بحساب زیانہ

تاریخ 26 اکتوبر 1947ء بوقت 08 بجکر 48 منٹ صبح، بمقام شکاگو

محترمہ کا برتھ سائن ویدک سسٹم کے تحت عقرب 7 درجہ 26 دقیقہ ہے، سیارہ مشتری 7 درجہ 23 دقیقہ برج عقرب میں موجود ہے اور نہایت طاقت ور پوزیشن میں طالع کے درجات سے قران کر رہا ہے اور اس کے ساتھ ہی پانچویں (شعور، خوشیاں، اولاد، محبت)، ساتویں (تعلقات، شریک حیات) اور نویں (قسمت، آئین و قانون، مذہب، بیرون ملک تعلقات) پر بھی نہایت سعد اثر ڈال رہا ہے، مشتری زائچے کے دوسرے گھر کی مول ترکون کا حاکم ہے جس کا تعلق اسٹیٹس اور فیملی سے ہے، اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ پورا زائچہ مشتری کی غیر معمولی سعادت کے سبب رنگین و پرلطف ہوگیا ہے کیوں کہ اس کے علاوہ باقی دیگر سیارگان اتنے اہم نہیں ہیں۔

لہٰذا مشتری کی بھرپور پوزیشن سے ہیلری کو ایک شاندار کریئر رکھنے والا شوہر ملا جو امریکا کا دو بار صدر بنا اور ہیلری کو وہائٹ ہاؤس جیسی شاندار تاریخی عمارت میں 8 سال گزارنے کا موقع مل سکا۔

دوسری طرف ہیلری کلنٹن کی پوزیشن زیادہ مضبوط نظر آتی ہے، ان کے زائچے میں دسویں گھر کے حاکم سیارہ شمس کا مین پیریڈ چل رہا ہے اور سب پیریڈ سیارہ مشتری کا 26 ستمبر 2016ء سے شروع ہوگا، مشتری ان کے زائچے کا گولڈن اسٹار ہے اور زائچے میں طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے۔

4 نومبر کی صبح تقریباً 8 بج کر کچھ منٹ پر طالع برج عقرب طلوع ہوگا، یہ اُن کا ذاتی برج ہے، قمر جو اُن کی قسمت کا ستارہ ہے، زائچے کے دوسرے گھر میں ہوگا اور گھر کے درجات سے ناظر ہوگا، دوسرا گھر اسٹیٹس کا ہے، گویا وہ اپنی زندگی کا ایک نیا اسٹیٹس حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکتی ہیں اور امریکا کی تاریخ بدل سکتی ہیں جس میں آج تک کوئی خاتون ملک کی صدر نہیں بنی۔

ڈونلڈ ٹرمپ

زائچہ ڈونلڈ ٹرمپ 51 اسد 06 — بحساب زیانہ

تاریخ 14 جون 1946ء بوقت 10 بجکر 54 منٹ صبح، بمقام جمیکا

موجودہ صدارتی انتخاب کی متنازع شخصیت مسٹر ڈونلڈ ٹرمپ برتھ سائن اسد (Leo) ہے۔

موجودہ صدارتی انتخاب کی متنازع شخصیت مسٹر ڈونلڈ ٹرمپ برتھ سائن اسد (Leo) ہے۔

برج اسد کو بادشاہوں کا برج کہا جاتا ہے، طالع کے درجات 6 درجہ 51 دقیقہ ہیں اور سیارہ مریخ برج اسد میں طالع کے درجات سے قران کر رہا ہے، مشتری دوسرے گھر میں برج سنبلہ میں ہے اور راہو کی نظر کا شکار ہے، چوتھے گھر میں کیتو اور قمر حالت قران میں ہیں، دسویں گھر میں راہو اور شمس حالت قران میں ہیں گویا راہو کیتو محور کے ساتھ زائچے کے دو اہم سیارگان قمر اور شمس بری طرح متاثرہ ہیں۔

قمر برج عقرب میں ہبوط یافتہ اور راہو کیتو سے متاثرہ ہو کر فطری طور پر حسد، جیلسی، تنگ نظری اور دیگر اخلاقی برائیوں کو جنم دیتا ہے۔ اب تک اخبارات میں موصوف کے بارے میں جو جنونی نوعیت کے قصے سامنے آئے ہیں وہ قمر کی اس خرابی کی وجہ سے ہیں۔

حسب دستور امریکا میں الیکشن کا آخری معرکہ 4 نومبر کو ہوگا۔ مریخ کا سب پیریڈ 29 اکتوبر 2015ء سے شروع ہوا تھا اور 16 نومبر 2016ء تک جاری رہے گا، اس کے بعد زائچے میں مشتری کا مین پیریڈ اور سب پیریڈ شروع ہوجائے گا، ٹرانزٹ کرتے ہوئے سیارے عین وقت پر کرشمہ سازی دکھاتے ہیں، قسمت کا ستارہ مریخ جو سب پیریڈ کا بھی حاکم ہے، 4 نومبر کو زائچے کے چھٹے گھر میں ہوگا لہٰذا خوش قسمتی مسٹر ڈونلڈ سے دور ہوگی۔

انگلش حروف کی پاور سے ہیلری کے نمبر 3 اور ڈونلڈ ٹرمپ کے نمبر 5 نکلتے ہیں۔ غالب اور مغلوب کے کلیہ

HILLARY DIANE RODHAM CLINTON	نمبر ہیلری 3	DONALD JOHN TRUMP	نمبر ڈونلڈ 5	غالب 468	3	مغلوب 975

مولود کعبہ کا نام رسول اللہ ﷺ نے علی علیہ السلام اور ان کی ماں فاطمہ بنت اسد نے حیدر رکھا

پاک فوج کا سب سے اعلیٰ نشان نشانِ حیدر ہے۔ مولودِ کعبہ شیرِ خدا مولا علیؑ کے نام حیدر پر ہی پاک فوج کا یہ نشان مخصوص ہے۔ پاک فوج کا نعرہ بھی نعرۂ حیدری جواباً یا علیؑ ہی ہے۔ جبرائیلؑ امین اسی علیؑ کے لیے آسمان سے جنگ بدر میں خدا کی طرف سے تلوار کا تحفہ لے کر مولا علیؑ کی شان میں یہ شعر پڑھتے ہوئے تشریف لائے:

لافتی الا علی علیہ السلام لا سیف الا ذوالفقار

میجر شبیر شریف نشانِ حیدر اور کیپٹن ممتاز شریف کے آپ چھوٹے بھائی ہیں۔ آپ کے خاندان کا خون وطن عزیز پاکستان کے دفاع کے لیے بہہ چکا ہے اور جب سے آپ نے پاک فوج کی کمان سنبھالی ہے۔ پوری پاکستانی قوم کو ان کی موجودگی میں حوصلہ ملا ہے۔ پاکستان کی تاریخ جب بھی لکھی جائے گی، آپ کی خدمات وطن کے لیے سنہرے حروف سے لکھی جائیں گی۔ عہدہ سنبھالنے کے دن سے لے کر آج اس تحریر لکھنے تک آپ متحرک نظر آتے ہیں۔ ضرب عضب سے اگرچہ دہشت گردوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے۔ وطن کے عروس البلاد شہروں کراچی، لاہور، پشاور میں پہلے سے حالات بہت سکون سے اور بہتر ہیں۔ تاہم بلوچستان کوئٹہ کا وسیع رقبہ اور بیشتر بنجر علاقہ ہونے کے سبب اب بھی دہشت گردوں کے نشانہ پر ہے۔ 8 اگست 2016ء سانحہ کوئٹہ اس کی دکھ بھری مثال ہے۔

ہمیں یقین ہے کہ ایسے دلیر سپہ سالار کی موجودگی میں ہم اپنے باقی ماندہ دشمنوں پر بھی فتح پالیں گے۔ پاکستان میں گذشتہ 8 / 10 سال سے جو امن روٹھ گیا تھا۔ 70 / 80 ہزار بے گناہ شہریوں، پولیس اور فوج کے جوانوں نے جو مسلسل قربانیاں دیں تو قوم مایوسی کی طرف جا چکی تھی۔ یوں خاکم بدہن لگتا تھا کہ ملک دشمنوں، غداروں کی سازشوں سے ٹوٹنے والا ہے۔ جنرل راحیل شریف کی قیادت میں قوم نے سکھ کا سانس لیا ہے۔ 26 نومبر 2016ء کو آپ کی ریٹائرمنٹ ہے۔ جبکہ آپ نے بھی جانے کا بہت پہلے اعلان کر رکھا ہے۔ آپ کے جانے سے اشرافیہ اور کرپٹ لوگ خوش ہوں گے، مگر 22 کروڑ پاکستانی قوم آپ کے جانے کے خیال سے ہی مضطرب ہے۔ سوشل میڈیا کے علاوہ پاکستان بھر کے بڑے شہروں میں آپ کے جانے کے فیصلہ پر نظر ثانی کی اپیل کے پوسٹر نمایاں پوری قوم دیکھ چکی ہے اور ہنوز دیکھ رہی ہے۔ موجودہ نواز شریف سیاسی حکومت نے اپنے دور اقتدار میں اب تک جو سیاسی غلطیاں کیں۔ سانحہ ماڈل ٹاؤن یا الیکشن دھاندلی یا پھر غیر فعال خارجہ پالیسی اب تک کوئی اور جنرل ہوتا تو یقیناً مارشل لاء لگ چکا ہوتا۔ سیاسی سول حکومت کے ساتھ ساتھ تقریباً ہر حساس ملکی دفاعی امور میں فوجی قیادت سول حکومت کے ساتھ ساتھ اب تک چل رہی ہے۔

وزیر اعظم نواز شریف کو میں نے ذاتی طور سے مشورہ دیا تھا کہ پاکستان کا پیدائشی زائچہ جمہوری نہیں عسکری ہے۔ اسی سبب اب تک 5 مارشل لاء لگ چکے ہیں۔ زائچہ پاکستان کے تحت حکومت کو مشورہ ہے کہ وہ آئین میں ترمیم کر کے دفاع پاکستان کے لیے ہر آرمی چیف کو ریٹائرمنٹ کے بعد صدر پاکستان کا عہدہ تین سال کے لیے دیں۔ ایسا کرنے سے مستقبل میں نہ تو کبھی مارشل لاء لگے گا اور سول حکومت اور فوج کے تعلقات بھی ہمیشہ کے لیے بہتر ہو جائیں گے۔ جنرل راحیل شریف کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے میرا زائچہ پاکستان کے تحت حکومت کو روحانی و فلکیاتی مشورہ ہے۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف

قوم اور وطن کے خیر خواہ سپہ سالار کو نیک دعاؤں کے ساتھ خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

دعا گو شاہ زنجانی
09-08-2016

24

2017-2016 سیارہ مشتری کا برج میزان میں ایک سالہ پڑاؤ

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

علم و دانش، وسعت و ترقی کا ستارہ آپ کو کیسے متاثر کرے گا؟

علم نجوم میں سیارہ مشتری کو نہایت اہم مقام حاصل ہے، یہ علم و دانش، فہم و فراست، وسعت و ترقی جیسی خصوصیات سے منسوب ہے، ہر برج میں اس کا قیام تقریباً 13 ماہ تک رہتا ہے اور 13 سال میں یہ دائرۂ بروج کا ایک چکر مکمل کرتا ہے، اس دوران میں حمل سے حوت تک 12 برجوں میں اس کی گردش ہمارے نظام شمسی میں نہایت اہمیت کی حامل سمجھی جاتی ہے، کہا جاتا ہے کہ مشتری کی گردش دنیا میں ترقیاتی عمل کو تیز کرتی ہے، مشتری کا تعلق مذہب اور آئین و قانون سے بھی ہے کیوں کہ فطری کائناتی زائچے میں یہ نویں گھر کا حاکم ہے جو مذہب، آئین و قانون اور سرپرستِ اعلیٰ یعنی باپ کا گھر بھی ہے، انگریزی میں اسے جوپیٹر، ہندی میں گرو، فارسی میں برجیس کہا جاتا ہے۔ سیارہ مشتری اس سال 9 ستمبر کو اپنے برج اوج میزان میں داخل ہوگیا ہے اور آئندہ سال ستمبر تک اسی برج میں اپنی الٹی اور سیدھی چال سے گردش کرتا رہے گا، آئندہ سال فروری کے پہلے ہفتے میں اسے رجعت ہوگی جو تقریباً جون کے دوسرے ہفتے تک جاری رہے گی۔

مختلف بروج پر مشتری کا اثر

مشتری چوں کہ ایک سال کے لیے برج میزان میں حرکت کرے گا، چناں چہ بہتر ہوگا کہ ہم اپنے قارئین کو مشتری کے موافق یا ناموافق اثر سے آگاہ کرتے چلیں، ہر برج سے مشتری کی پوزیشن ایک نیا رنگ زندگی میں ظاہر کرتی ہے اور یہ ضروری نہیں ہے کہ مشتری اگر سعد سیارہ ہے تو ہر برج کے لیے سعادت کا باعث ہوگا، بعض برجوں کے لیے یہ نحس اثر کا باعث بھی ہوسکتا ہے، اس کی وجہ کسی بھی انفرادی زائچے کی اپنی حیثیت و آراستگی ہوسکتی ہے، یہ نظریہ درست نہیں ہے کہ ہر ستارہ ہر شخص کے لیے موافق و مددگار یا سعد اثرات کا حامل ہے جیسا کہ اکثر خیال کیا جاتا ہے کہ مشتری سعد اکبر ہے اور زحل یا مریخ نحس اکبر ہیں تو ہر شخص کے لیے مشتری کی سعادت یا زحل و مریخ کی نحوست کوئی مسلمہ حیثیت رکھتی ہے، ایسا ہرگز نہیں ہوتا، کوئی بھی سیارہ اپنے فطری اثر میں سعد یا منحوس نہیں ہیں، خالق کائنات نے تمام سیارگان کو خاص احکام کا پابند بنایا ہے اور وہ اپنی اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں، کسی شخص کے مخصوص وقتِ پیدائش کے مطابق جو طالع پیدائش برآمد ہوتا ہے، وہی اس امر کی نشان دہی کرتا ہے کہ کون سا سیارہ اس کے لیے سعد اثر رکھتا ہے اور کون سا نحس، بالکل اسی طرح جیسے کسی شخص کو کوئی خوراک موافق ہوتی ہے اور کوئی ناموافق، کسی شخص سے کوئی فائدہ اٹھاتا ہے اور کسی سے نقصان، چناں یہ تمام سعادت و نحوست کے مسائل انفرادی نوعیت کے ہیں، اجتماعی نہیں۔

برج حمل

حمل افراد دائرۂ بروج کے اولین لوگ ہیں، یہ جوشیلے اور سرگرم ہوتے ہیں، زندگی کے چیلنج کھلے دل سے قبول کرتے ہیں، جلد باز اور بے صبرے ہوتے ہیں لیکن صاف دل، نیک نیت اور نڈر، مشتری آئندہ ایک سال حمل افراد کے زائچے میں ساتویں گھر میں حرکت کرے گا، یہ بہت ہی موافق اور مبارک پوزیشن ہے، ساتواں گھر تعلقات، پارٹنرشپ، ازدواجی زندگی، بیرون ملک سفر سے متعلق ہے، ان تمام معاملات پر مشتری اچھے اثرات ڈالے گا، ان حوالوں سے جو مسائل پہلے سے موجود ہیں، حل ہوں گے، اس کے علاوہ اس گھر میں رہتے ہوئے مشتری آپ کے ذاتی برج حمل پر بھی اثر انداز ہوگا، صحت میں بہتری آئے گی، کچھ کرنے کا جذبہ اور لگن پیدا ہوگی، مشتری تیسرے اور گیارھویں گھر سے بھی اہم زاویے بنائے گا جس کے نتیجے میں آپ کی کارکردگی بہتر ہوگی، نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے آپ کی کوششیں تیز ہوں گی، خصوصاً

آمدن میں اضافے کے لیے کوششیں کریں گے۔

برج ثور

یہ دائرۃ البروج کا دوسرا ہیوی ویٹ برج ہے جس کا نشان بیل ہے، ثوری افراد سخت محنت کرنے والے لیکن بنیادی طور پر آرام و آسائش پسند ہوتے ہیں، نہایت مستقل مزاج اور مستحکم شخصیت کے مالک، اس حقیقت کو سمجھنے والے کہ دنیا میں تمام آرام و آسائش دولت کے ذریعے ہی حاصل ہوسکتی ہیں لہٰذا زیادہ سے زیادہ دولت کا حصول ضروری ہے، سیارہ مشتری آئندہ ایک سال برج ثور والوں کے زائچے میں چھٹے گھر میں حرکت کرے گا، چھٹے گھر کو اچھا تصور نہیں کیا جاتا، یہ صحت، کام، قرض، دوسروں سے اختلافات اور تنازعات، مقدمات کا گھر ہے، مشتری برج ثور والوں کے لیے مبارک اور موافق سیارہ نہیں ہے، چھٹے گھر میں رہتے ہوئے صحت کے مسائل پیدا کرسکتا ہے، ان لوگوں کو بدپرہیزی سے گریز کرنا چاہیے، ثوری افراد عمدہ کھانوں کے شوقین ہوتے ہیں، کاموں میں رکاوٹیں اور تاخیر کا سامنا ہوسکتا ہے لیکن اچھی بات یہ ہوگی کہ وہ اپنے مخالفین اور دشمنوں کو نیچا دکھانے میں کامیاب رہیں گے، بہتر تو یہی ہوگا کہ کسی تنازع میں الجھنے سے گریز کریں، بعض ثوری افراد وراثتی نوعیت کے مسائل کا شکار ہوں گے جس کی وجہ سے خاندانی تنازعات کا سامنا ہوسکتا ہے، کوشش یہ ہونی چاہیے کہ باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے مسائل کو حل کرلیا جائے اور کسی قانونی جنگ جوئی سے بچا جائے، ثوری افراد کے لیے اس عرصے میں جمعرات کے روز صدقہ دینا بہتر ہوگا، ایسے لوگوں کی مدد کریں جو اہل علم ہوں یا بچوں کو تعلیم دیتے ہوں۔

برج جوزا

ذہانت اور ہوشیاری اس برج کا امتیاز ہے لیکن بے فکری اور بے پروائی بھی جوزا افراد سے زیادہ کسی میں نہیں ہے، یہ لوگ کم ہی کسی پریشانی یا مصیبت کو خاطر میں لاتے ہیں، کسی شاعر کا یہ مصرع جوزا افراد کے لیے ہی کہا گیا ہے ؎ گردش شام و سحر سے ہیں قدح خوار بری۔ جوزا افراد کے زائچے میں مشتری پانچویں دانش و حکمت کے گھر میں رہے گا، اس گھر کا تعلق اولاد، زندگی کی خوشیاں، انعامی اسکیمیں یا دیگر آمدن میں اضافے سے متعلق کام لہٰذا جوزا افراد ایک سال کے لیے بہت سی خوشیاں اور کامیابیاں حاصل کرنے کے قابل ہوں گے، یہ الگ بات ہے کہ جوزا کی فطری بے پروائی بہت سے فائدہ بخش مواقعوں کو ضائع کرے، جوزا افراد کا بہت بڑا مسئلہ ''تالج'' ہے، مشتری کی پانچویں گھر میں موجودگی اکثر جوزا افراد کو زیادہ سے زیادہ حصول علم کی جانب راغب کرسکتی ہے، وہ اپنے پروفیشن سے متعلق مزید معلومات حاصل کریں گے، اپنی صلاحیتوں میں اضافے کو اہمیت دیں گے، پانچواں گھر چوں کہ محبت اور رومانی تفریحات کا بھی ہے لہٰذا اس نوعیت کی دلچسپیاں بھی زندگی میں نمایاں ہوں گی، بعض جوزا خواتین و حضرات کی زندگی میں نئے افیئرز کی گنجائش نکل سکتی ہے، یہ الگ بات ہے کہ جوزا افراد محبت میں اتنے سنجیدہ نہیں ہوتے جتنے بعض دوسرے بروج ہوتے ہیں۔

برج سرطان

سرطانی افراد کے شمسی زائچے میں مشتری چوتھے گھر میں ایک سال رہے گا، چوتھا گھر پہلے سے جمع شدہ سرمایہ، اپنا گھر یا پراپرٹی، ماں، سواری وغیرہ سے متعلق ہے، مشتری کے اثرات ان معاملات پر گہرا اثر ڈالیں گے اور اکثر سرطانی افراد جو پہلے ہی اپنے گھر، ماں وغیرہ کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں، اس جانب متوجہ ہوں گے، وہ پراپرٹی کے معاملات سے متعلق مسائل کو حل کرنے کی جستجو کریں گے، ماضی سے جڑے ہوئے مسائل ان کے پیش نظر رہیں گے، اس کے علاوہ اپنی رہائش کو زیادہ بہتر بنانے کے لیے اخراجات کریں گے، اگر کوئی وراثتی مسئلہ موجود ہے تو وہ بھی اس دوران میں سر اٹھائے گا، گھر میں کسی نئے فرد یا مہمان کا اضافہ ہوسکتا ہے، کاروباری معاملات کو بہتر بنانے کے لیے نئے اقدام کی ضرورت محسوس کریں گے، اگرچہ سرطانی افراد کسی تبدیلی سے گھبراتے ہیں، وہ زیادہ بھاگ دوڑ یا تبدیلی کو ناپسند کرتے ہیں، اپنے جمے جمائے حالات سے خوش رہتے ہیں، کسی بھی تبدیلی کا مرحلہ انہیں پریشان کرتا ہے، حالاں کہ تبدیلی ہی ترقی کے زینے کا پہلا قدم ہے، اس پر پاؤں رکھنے سے پہلے وہ سو بار سوچتے ہیں کہ کہیں ان کا اٹھایا ہوا قدم، ان کے لیے کوئی نیا مسئلہ نہ پیدا کردے۔

برج اسد

شاہانہ مزاج اسدی افراد کے زائچے میں مشتری ایک سال کے لیے تیسرے گھر میں آ گیا ہے، یہ گھر قریبی عزیزوں، روزمرہ سرگرمیوں، کوشش، اقدام اور نئی مہم جوئی کے لیے مخصوص ہے، گویا برج اسد والے یہ سال بہت مصروف

گزاریں گے، مشتری ان کے لیے خوش قسمت اثرات دینے والا سیارہ ہے، وہ کسی نئے کام یا ماحول میں کسی نئی تبدیلی کے لیے تیار ہوسکتے ہیں، تیسرے گھر میں حرکت کے دوران میں مشتری زائچے کے اہم ترین گھروں کو ایکٹیویٹ کرے گا، نئے تعلقات، نئے منصوبے، بیرون ملک سفر، حج یا عمرہ، مالی فوائد، اسدی افراد کے منتظر ہیں، برج اسد سے تعلق رکھنے والے افراد اگر اس خوش قسمت سال سے فائدہ نہ اٹھاسکیں تو یہ ان کی اپنی ہی کمزوریاں ہوں گی، بعض غیر شادی شدہ اسدی مرد وخواتین کی شادیاں ہوسکیں گی۔

برج سنبلہ

دائرۂ بروج کا چھٹا برج جو فطری زائچے میں صحت اور کام سے منسوب ہے، سنبلہ افراد کو نہایت غیر سوشل بناتا ہے، ان کی زندگی ایک ہی سلوگن کے گرد گھومتی ہے، کام، کام اور صرف کام، بے شک یہ بہت محنتی اور ذمے دار لوگ ہیں لیکن نہایت خشک طبیعت اور غیر رومانی، سیارہ مشتری زائچے کے دوسرے گھر میں بے حد سعد پوزیشن میں ہے، دوسرا گھر اسٹیٹس، ذرائع آمدن، فیملی وغیرہ سے متعلق ہے، اس سال مشتری کی اس گھر میں موجودگی آمدن میں اضافے کے لیے نئے مواقع پیدا کرسکتی ہے، فیملی سے متعلق مسائل کے حل میں مدد ملے گی، مالی امور میں مدد مل سکے گی، کوئی ڈوبی ہوئی رقم واپس مل سکتی ہے، نئی جاب یا کاروباری منصوبوں میں کامیابی ہوگی، سنبلہ افراد کو اپنے ماتحت یا ساتھ کام کرنے والوں سے مدد وتعاون مل سکے گا، ان کی عزت و وقار اور پوزیشن میں اضافہ ہوگا، اگر کوئی وراثتی مسئلہ موجود ہے تو اسے حل کرنے میں مدد ملے گی، بعض غیر شادی شدہ سنبلہ افراد شادی کے بندھن میں بندھ سکتے ہیں۔

برج میزان

دائرۂ بروج کا ساتواں برج میزان توازن اور ہم آہنگی کا برج ہے، میزانی افراد صلح جو اور امن پسند ہوتے ہیں، ہمیشہ خوش امید رہتے ہیں، سیارہ مشتری ان کے زائچے کا نہایت اہم اور مبارک ستارہ ہے، برج میزان میں اس کی موجودگی نئی توانائی کا باعث ہوگی، صحت بہتر ہوگی، زندگی میں نئی خوشیاں آئیں گی، حج و عمرہ، بیرون ملک تفریحی سفر، اولاد کی خوشیاں اور اولاد سے متعلق مسائل کے حل میں مدد ملے گی، میزانی افراد کچھ سست اور کاہل ہوتے ہیں، اکثر اہم معاملات کو نظر انداز کرتے رہتے ہیں، اگر وہ اس خرابی پر کنٹرول کرلیں تو یہ سال ان کے لیے نہایت فائدہ بخش ثابت ہوسکتا ہے، ضروری نہیں ہے کہ وہ اس سال دولت کمائیں لیکن وہ ایسے کام کرسکتے ہیں جو اس کے بعد آنے والے سالوں میں منافع بخش ثابت ہوسکتے ہیں، یہ لوگ اچھے منصوبہ ساز ہوتے ہیں، اس سال کسی نئے منصوبے کا آغاز کرنا بہتر ہوگا۔

برج عقرب

دائرۂ بروج کا آٹھواں برج عقرب بڑا ڈیمانڈنگ برج ہے، یہ لوگ اپنی خواہش کو بہت اہمیت دیتے ہیں، اسے ہر قیمت پر پورا کرنا چاہتے ہیں، سیارہ مشتری ان کے زائچے میں بارھویں گھر میں ایک سال رہے گا، بارھواں گھر فکر اور خوف لانے والا گھر ہے، خاص طور سے آمدن اور فیملی سے متعلق معاملات، اسٹیٹس کے مسائل سارا سال برج عقرب والوں کو فکر مند رکھیں گے، اخراجات میں اضافہ، آمدن محدود رہے گی، محفوظ سرمایہ یا پراپرٹی کے معاملات پر خصوصی توجہ دینا پڑے گی، بعض ملازمت پیشہ افراد کو ناپسندیدہ حالات وواقعات سے واسطہ پڑسکتا ہے، بعض لوگ بیرون ملک جانے کی کوششوں میں مصروف ہوسکتے ہیں، صحت کے معاملات پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہوگی، فیملی میں قریبی لوگ وائف یا بچے بھی صحت کی خرابیوں کا شکار ہوکر اخراجات میں اضافے کا سبب بنیں گے، اس سال عقرب والوں کو کوئی نئی انویسٹمنٹ یا مالی مہم جوئی سے گریز کرنا چاہیے۔

برج قوس

مشتری برج قوس والوں کا ذاتی سیارہ ہے، قوسی افراد ایک فلسفیانہ سوچ کے ساتھ نہایت خوش امید رہتے ہیں، مشتری کی سعادت انہیں خوش بخت بناتی ہے، اپنی فلسفیانہ موشگافیوں کے سبب کبھی کبھی مسائل ومشکلات کا شکار ہوتے ہیں، اپنے نظریات اور عقائد میں کٹر ہوتے ہیں لیکن کھلے دل اور صاف ذہن کے مالک، سیارہ مشتری ان کے زائچے کے گیارھویں گھر میں حرکت کرے گا جو کاروباری مفادات کا گھر ہے، بڑے بہن بھائی اس گھر سے متعلق ہیں، ایسے قوسی افراد جنہوں نے گزشتہ سالوں میں نئے منصوبے یا کاروبار شروع کیا ہے، وہ اب مالی فوائد حاصل کریں گے، کاروبار ترقی کرے گا اور منصوبے کامیابی سے ہم کنار ہوں گے، قوسی افراد کی ذاتی کوششیں نمایاں رہیں گی، وہ کوئی بڑا رسک

لے کر صورت حال کو اپنے حق میں تبدیل کر سکتے ہیں، اولاد کی خوشیاں یا اولاد سے متعلق مسائل کے حل میں مدد ملے گی، غیر شادی شدہ قوسی افراد کی منگنی یا شادی کے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں، یہ لوگ اپنے فلسفیانہ نظریات کی وجہ سے کبھی کبھی زندگی میں ملنے والے کسی بہترین موقع کو ضائع بھی کر دیتے ہیں، بہر حال صورت حال جو بھی ہو یہ سال انہیں بے حد مصروف رکھے گا۔

برج جدی

مزاحمت اور احتیاط پسند جدی ہمیشہ اپنی دھن میں مگن رہتا ہے، اس برج کو ''مزاحمتی برج'' بھی کہا جاتا ہے، یہ مزاحمت ان کی اپنی زندگی میں بھی جاری رہتی ہے، نظم وضبط کی خلاف ورزی انہیں پسند نہیں ہے، سیارہ مشتری ان کے زائچے میں دسویں پیشہ ورانہ امور کے گھر میں حرکت کرے گا لہٰذا پیشہ ورانہ معاملات میں اُتار چڑھاؤ کا سامنا ہو سکتا ہے، اس حوالے سے مثبت یا منفی اثرات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، صحت کے معاملات، ذرائع آمدن اور فیملی یا پراپرٹی کے معاملات اس سال اہم ہوں گے، ان پر خصوصی توجہ دینا پڑے گی، جدی افراد کی احتیاط پسندی اور نظم وضبط کی پابندی ان کے کام آئے گی کیوں کہ مندرجہ بالا تمام امور کوئی بھی مثبت یا منفی رُخ اختیار کر سکتے ہیں لیکن بہر حال وہ اپنی محنت اور لگن سے ہر طرح کے چیلنج سے نمٹنا جانتے ہیں اور نتائج بالآخر ان کے حق میں بہتر ہوں گے، انہیں چاہیے کہ اپنی ذات سے باہر نکل کر بھی دیکھیں، دوسروں کے جذبات اور احساسات کو سمجھیں، اس طرح وہ زندگی کے ہر چیلنج کا بہتر انداز میں مقابلہ کر سکتے ہیں، خیال رہے کہ جدی وہ برج ہے جس میں سیارہ مشتری کو ہبوط یعنی نہایت کمزور پوزیشن ملتی ہے لہٰذا مشتری کے فوائد کا حصول بعض اوقات جدی افراد ضائع کر دیتے ہیں۔

برج دلو

اگر برج دلو والوں کے لیے کہا جائے ''انوکھا لاڈلا کھیلن کو مانگے چاند'' تو غلط نہیں ہوگا، ہم برج دلو کو دائرۃ البروج کا ''انوکھا لاڈلا'' کہتے ہیں کیوں کہ یہ لوگ اپنی غیر معمولی آئیڈیلوجی کے زیر اثر زندگی گزارتے ہیں، عجیب اور حیرت انگیز چیزوں میں انہیں کشش محسوس ہوتی ہے، انہیں روایت شکن بھی کہا جاتا ہے، ان کی سوچ اور ان کے کام کرنے کا انداز غیر روایتی ہوتا ہے، سیارہ مشتری آئندہ ایک سال تک ان کے زائچے میں ایک بہترین پوزیشن میں رہے گا، یعنی نویں گھر میں جو قسمت، نئی منصوبہ بندی اور نئے جہانوں کا گھر ہے، اگر دلو مرد وخواتین اس سال ہواؤں میں اڑنے لگیں تو حیرت نہیں ہونی چاہیے، یہ لوگ بہت بلند پرواز اور خلا میں رہنے والی مخلوق ہیں لہٰذا تخت یا تختہ دونوں ہی چیزیں زندگی میں ساتھ ساتھ چلتی ہیں، بہر حال برج دلو والوں کے لیے یہ ایک خوش قسمت سال ہے، دیکھنا یہ ہوگا کہ وہ کس طرح اور کس انداز میں اپنے یونیک آئیڈیاز پر عمل پیرا ہوتے ہیں، بعض دلو مرد وخواتین کسی رومانی افیئر میں دیوانگی کی حد تک جا سکتے ہیں، بعض کی منگنی ہو سکتی ہے، تجربے کار اور سینئر دلو افراد یقیناً اس سال ملنے والے مواقع سے بھر پور فائدہ اٹھائیں گے۔

برج حوت

آبی برج حوت احساسات سے بھرپور ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ دماغ سے نہیں دل سے سوچتے ہیں اور دل تو دیوانہ ہے، پاگل ہے، سیارہ مشتری قدیم نظریات کے تحت برج حوت پر بھی حکمران ہے، شمسی زائچے میں آٹھویں گھر میں مشتری کا ایک سالا قیام کوئی خوش گوار اثر نہیں دے گا، حوت افراد پیشہ ورانہ اور کاروباری معاملات میں مشکلات محسوس کر سکتے ہیں، ایسا محسوس ہو سکتا ہے کہ جیسے کوئی بندش ہو گئی ہے، ہر معاملے میں رکاوٹیں پیش آ رہی ہیں، بہتر ہوگا کہ وہ کسی وہم وگمان کا شکار ہو کر زبردستی کاموں کو آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں، صبر وسکون سے اپنے فرائض انجام دیتے رہیں، لوگوں کی باتوں میں نہ آئیں، اخراجات بڑھیں گے، ان کی پوزیشن کمزور ہوگی لیکن یہ صرف تھوڑے دنوں کی بات ہوگی، ایسے اوقات میں صبر وبرداشت سے کام لینا چاہیے مگر صبر وبرداشت برج حوت میں کہاں؟

اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ پورا سال پریشانی، رکاوٹ یا دیگر مسائل کا سامنا رہے گا، البتہ یہ ضرور ہے کہ آپ کے بڑے بڑے اہداف جو کاروباری یا دیگر معاملات سے متعلق ہوں گے، انہیں پورا کرنے میں دشواری ہوگی، اگر پابندی سے جمعرات کے روز صدقات دیتے رہیں تو مشتری کی خراب پوزیشن کا ناقص اثر دور ہوگا۔

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ نومبر 2016ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات و تعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2016ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق	جنوب مغرب	جنوب	مغرب
24`16`09`01	25`17`10`02	26`18`11`03	27`19`12`04
شمال مغرب	**شمال مشرق**	**مشرق**	**شمال**
00`20`13`05	28`21`00`06	29`22`14`07	30`23`15`08

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَارِجَالُ الْغَیْبِ وَیَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَةِ اَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ وَّانْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَةٍ یَارُقَبَاءُ یَانُقَبَاءُ یَانُجَبَاءُ یَااَبْدَالُ یَااَوْتَادُ یَاقُطْبُ یَاغَوْثُ اَعِیْنُوْنِیْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری							تیسری								چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس عطارد مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 14 نومبر 15 بجکر 58 منٹ، مکمل نظر 15 نومبر 22 بجکر 23 منٹ اور خاتمہ نظر 17 نومبر 5 بجکر 3 منٹ پر ہوگا۔ مرد و زن، دوستوں میں الفت قائم کرنے کے لئے مؤثر وقت ہے۔ سورۃ یوسف کے 2 خالی البطن نقش لکھ کر ایک درخت انار سے باندھیں دوسرا باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۳۵۹۹۴	۳۳۰۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۰۱۹۹۲

تسدیس عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 22 نومبر 5 بجکر صفر منٹ، مکمل نظر 22 نومبر 23 بجکر 19 منٹ اور خاتمہ نظر 23 نومبر 17 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی کاروبار، صنعت وحرفت ہر قسم کے فوائد کیلئے سورۃ مزمل کا خالی البطن نقش لکھ کر کاروباری جگہ پر لٹکائیں۔

۷۸۶		
۱۷۱۹۰	۴۵۸۴۶	۵۷۳۰
۴۸۱۱۶	یہاں مقصد لکھیں	۲۸۶۵۰
۱۱۴۶۰	۲۲۹۲۰	۳۴۳۸۶

قران عطارد زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 23 نومبر 6 بجکر 12 منٹ، مکمل نظر 23 نومبر 23 بجکر 44 منٹ پر ہوگا۔ جبکہ خاتمہ نظر 8 بجکر 30 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں و حاسدین میں نفاق کیلئے اشد ضروری ہو ساعت زحل میں سورۃ لھب کے 8 عدد نقش لکھ کر مسلسل 8 دن ساعت زحل میں احاطہ قبور میں دفن کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

تربیع زہرہ مشتری: اس نحس وقت کی ابتداء 24 نومبر 18 بجکر 50 منٹ، مکمل نظر 25 نومبر 18 بجکر 44 منٹ اور خاتمہ نظر 26 نومبر 6 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔ دو ناجائز محبت کرنے والوں میں نفاق ضروری ہو تو سورۃ مائدہ کا نقش سیاہی سے لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔

والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ

محمد — اللّٰہ — س

اللّٰہ — اللّٰہ

س — اللّٰہ — محمد

فلاں بن فلاں مابین فلاں بن فلاں میں نفاق ہو

تثلیث مریخ مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 30 نومبر 15 بجکر 31 منٹ، مکمل نظر 2 دسمبر 8 بجکر 45 منٹ اور خاتمہ نظر 4 دسمبر 1 بجکر 43 منٹ پر ہوگا۔ برائے حصول اسٹاک شیئرز، دولت، انعامی اسکیموں میں کامیابی کیلئے اسم اعظم یا وھاب کا نقش بنا کر پاس رکھیں اور 313 مرتبہ کوئی سا درود شریف بلاناغہ پڑھنا معمول بنالیں۔

یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب
یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب
یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب
یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب

شرفِ مریخ

قوت بدنی و مغلوبیٔ دشمناں

از تحریر: سید مستور علی زنجانی

شرف 5 نومبر 8 بجکر 54 منٹ، 6 نومبر 17 بجکر 48 منٹ، حضیض 3 دسمبر 16 بجکر 43 منٹ، 5 دسمبر صفر بجکر 38 منٹ

مریخ پانچویں آسمان کا پُرجلال ستارہ ہے۔ جو دنیا کے شر و فساد اور جنگ اور اونچے مراتب کے لوگوں سے خصوصاً فوجی افسروں اور بادشاہ سے متعلق ہے یہ ڈیڑھ سال میں بارہ بروج کا دورہ طے کرتا ہے۔ جب شرف کے درجہ پر پہنچتا ہے تو اپنی تمام طاقتوں اور رعنائیوں سے جلوہ گر ہوتا ہے اور یہ بھی ضروری نہیں کہ اس وقت تمام نحس اثرات اس سے پیدا ہوں بلکہ وہ اپنے ذاتی اور ماحولی خواص جو نیک بھی ہوتے ہیں۔ دنیا پر اثر انداز کرتا ہے۔ یہ بات تو سب جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے وقت کے اندر بہت سی تاثیرات پوشیدہ کر رکھی ہیں۔ کوئی وقت اچھا ہے، کوئی نحس ہے۔ کوئی کسی کام کے لیے موثر ہے اور کوئی کسی کام کے لیے ہے۔ یہ بات ساعات کی تفصیل میں بآسانی معلوم کی جاسکتی ہے۔ جیسا کہ میں نے اوپر لکھا ہے مریخ قوت و شجاعت کا ستارہ مانا گیا ہے۔ اس سے آدمی میں ہمت و جرأت پیدا ہوتی ہے۔ کارہائے نمایاں انجام دینے اور مہم بازی کی قوت بھی اسی ستارہ سے متعلق ہے۔ علماء جفر نے اس سے خصوصاً دو اہم کام لیے ہیں۔ ایک فتح یابی کے لیے۔ خواہ وہ کسی کام یا مقابلہ کے لیے ہو اور دوسرا قوت بدنی کے لیے۔ اس کے علاوہ سحر جادو وغیرہ کا بھی علاج کیا جاتا ہے۔

چنانچہ جو لوگ اپنے مخالفین پر فتح پانا چاہتے ہیں یا مقدمہ یا مقابلہ کی کھیلوں میں اس کی قوت سے مدد لے لیکن نقش کے اوپر دونوں اسماء الٰہیہ ضرور لکھے۔ اس وقت کے دوران عمل یا نقش تیغ بندی بھی تیار ہوتا ہے۔

سات کے عدد کو جس کا اس نقش سے تعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر اسے نوازا ہے۔ دنیا بھر کی اقوام میں سات کا عدد کسی نہ کسی وجہ سے متبرک مانا گیا ہے۔ مثلاً سات آسمان، سات زمین، سات طبقات، سات سمندر، بہشت، دوزخ کے اللہ نے سات طبقات رکھے ہیں۔ کلمہ کے سات الفاظ ہیں، ہفتہ میں سات دن ہیں۔ غرض یہ کہ اس عدد کی قوت عظیم ہے۔ اس لیے اس نقش میں بھی عظیم قوتیں پوشیدہ ہیں۔ اس وقت ایک خاص عمل قوت بدنی کا تیار ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو مختلف بدنی امراض میں مبتلا ہوں اور بدن میں کمزوری محسوس کرتے ہوں اور باوجود اعلیٰ سے اعلیٰ ادویات کے آرام نہ ملتا ہو۔ وہ طلسمی انگوٹھی تیار کر کے استعمال کریں۔ اپنے نام معہ والدہ کے اعداد میں 62 کا اضافہ کریں۔ پھر اس میں 1631 کا مزید اضافہ کر کے 28 پر تقسیم کریں۔ جو باقی بچے اس کا حرف بنا کر آگے طیش کا اضافہ لوہے کی انگوٹھی پر ساعت مریخ میں کندہ کر کے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہنیں اور ہر وقت پہنے رکھیں۔ اگر مردانہ قوت درکار ہو تو 1003 کا اضافہ کر لیں۔

لیکن میں موقع کی مناسبت سے ایک الگ اور اچھوتا عمل دے رہا ہوں۔ جو لوگ حصول روحانیت میں سرگرداں ہیں وہ اس دوران اگر سورۃ "النجم" کی زکوٰۃ ادا کر لیں تو بہت سے اسرار منکشف ہوں گے۔

اپنے نام معہ والدہ کے اعداد میں یا حَسِیبُ یا مَتِینُ کے اعداد شامل کریں۔ پھر ان میں آیت فتوح کے اعداد شامل کریں۔ ان سے ایک نقش مسبع پُر کریں۔ اس کے خواص مندرجہ ذیل ہوں گے، ہر حاجت پوری ہوگی، افسران اور بالا لوگوں کے نزدیک معزز ہوں گے، کاروبار میں برکت ہوگی، مخالفین اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں گے، مقابلہ میں کامیابی ہوگی، ضعف بدن دور ہوگا، سحر و جادو سے نجات ہوگی، جن لڑکیوں کی شادی میں بندش بذریعہ سحر ہوگی وہ ختم ہوگی اور گھر آباد ہو جائے گا، ناگہانی آفت سے حفاظت ہوگی۔ باقی بعد از استعمال خود تجربات سے معلوم ہوگا۔

نام کے عدد	1134
اسماء الٰہیہ:	580
آیت فتوح نصر من اللہ تا قریب	1302
	3016
	168
	7+2848
	406 -2

۷۸۶
جبرائیل

۴۳۸	۴۴۴	۴۵۰	۴۰۶	۴۲۰	۴۲۶	۴۳۲
۴۴۶	۴۵۲	۴۰۸	۴۱۵	۴۲۱	۴۳۴	۴۴۰
۴۵۴	۴۱۰	۴۱۷	۴۲۳	۴۲۹	۴۳۵	۴۴۸
۴۱۲	۴۱۹	۴۲۵	۴۳۱	۴۳۷	۴۴۳	۴۴۹
۴۱۴	۴۲۷	۴۳۳	۴۳۹	۴۴۵	۴۵۱	۴۰۷
۴۲۲	۴۲۸	۴۴۱	۴۴۷	۴۵۳	۴۰۹	۴۱۶
۴۳۰	۴۳۶	۴۴۲	۲۵۵	۴۱۱	۴۱۸	۴۲۴

مخالفین اور دشمنوں پر فتح یابی:

نقش ۷ × ۷ مریخ سے متعلق ہے۔ یہ طبعی نقش اسم الٰہی یالطیف ولی کا ہے۔ اس کے اعداد 175 ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام معہ والدہ لیں۔ اس میں آیت پاک کے اعداد 2162 کا اضافہ کریں۔ کل مجموعہ سے 168 نفی کریں اور سات پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو خانہ نمبر 43 میں اضافہ کریں۔ دو بچے تو خانہ 36، تین بچے تو خانہ 29، چار خانہ 22، پانچ خانہ 15 اور چھ بچے تو خانہ نمبر 8 میں اضافہ کریں۔ نقش لوہے پر لکھیں یا سرخ کاغذ پر زعفران یا سرخ سیاہی سے، مریخ کا بخور جلائیں۔ نقش کے نیچے رب انی مغلوب فانتصر لکھیں۔ سرخ کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھیں، اس کے علاوہ الگ کمرہ میں سرخ مرچ کا بخور سلگا کر لوہے کے پترے پر اپنا نام معہ والدہ نقش ہفت در ہفت میں پُر کریں۔ جس شخص کے پاس یہ دونوں لوحیں ہوں گی، اس پر کوئی غالب نہ آسکے گا۔ دشمن اس سے لرزہ براندام رہیں گے۔ مقدمہ میں فتح یابی کے لیے یہ نقش بہت مؤثر ہے۔ مشکل کام خواہ کتنا ہی سخت ہو آسانی سے حل ہو جائے۔ اس کے علاوہ یہ نقش تیغ بند کا کام دے گا، ہر قسم کے وار چاقو چھری بندوق کی گولی سے محفوظ رکھے گا۔ بادشاہوں، امرا، حاکموں اور افسران میں قدر و منزلت ہوگی۔ اس نقش میں بہت اسرار پوشیدہ ہیں۔ اس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اسم اعظم سلام قولاً من رب رحیم کے اعداد ہیں۔ نعم المولیٰ ونعم النصیر کے اعداد امداد ربی کے لیے ہیں۔ جتنا غور کریں گے، اسرار کھلتے جائیں گے۔

۷۸۶
یالطیف جبرائیل یاولی

۸۱۳	۸۱۹	۸۲۵	۷۸۲	۷۹۵	۸۰۱	۸۰۷
۸۲۱	۸۲۷	۷۸۴	۷۹۰	۷۹۶	۸۰۹	۸۱۵
۸۲۹	۷۸۶	۷۹۲	۷۹۸	۸۰۴	۸۱۰	۸۲۳
۷۸۸	۷۹۴	۸۰۰	۸۰۶	۸۱۲	۸۱۸	۸۲۴
۷۸۹	۸۰۲	۸۰۸	۸۱۴	۸۲۰	۸۲۶	۷۸۳
۷۹۷	۸۰۳	۸۱۶	۸۲۲	۸۲۸	۷۸۵	۷۹۱
۸۰۵	۸۱۱	۸۱۷	۸۳۰	۷۸۷	۷۹۳	۷۹۹

ربِّ انّی مغلوب فانتصر

عمل انگوٹھی قوت مردمی و بدنی

وہ لوگ جن کے اندر قوت مردانہ اور امساک کی کمی ہے۔ اس وجہ سے ازدواجی زندگی اور گھریلو ماحول ناخوشگوار رہتا ہو، حکماء کا علاج کروا کر تھک چکے ہوں یا جسمانی طور پر کمزور رہوں، جسم لاغر و کمزور ہو یا بدن میں خون کی کمی ہو یا جسم میں قوت مدافعت ختم ہونے کی بنا پر آئے روز بیماریوں کا حملہ ہوتا رہتا ہے۔ ایسے لوگوں کو چاہیے وہ شرف مریخ کے موقع پر طلسمی انگوٹھی تیار کروا کر انگلی میں پہنیں۔ ایک دفعہ کا تو شباب کا لطف آجائے گا۔ جس میں توانائی بحال ہو کر نقاہت و کمزوری ختم ہو جائے گی۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ نام معہ والدہ کے ابجد قمری سے حاصل کریں۔ ان میں **ج، غ** کے اعداد شامل کر کے **1631** اعداد کا مزید اضافہ کریں۔ اس میزان میں **یاقوی یامتین** کے اعداد کا اضافہ کر کے مجموعہ کو 28 پر تقسیم کریں۔ اب جو عدد باقی بچے، اس کا حرف بنا کر لفظ طیش لگا کر لوہے کی انگشتری پر کندہ کرلیں اور داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں بوقت حاجت پہنو تو شباب کا لطف اٹھاؤ۔ ہزاروں دواؤں جتنی طاقت دے گی، انشاء اللہ

مثال:	نام کے اعداد:	1765
	ج، غ کے اعداد:	1003
	عدد خاص:	1631
	اعداد اسماء الٰہیہ:	616
	میزان:	5015 ÷ 28 باقی 3

حرف: ج + طیش = مؤکل جطیش انگوٹھی پر لکھا جائے گا۔

از تحریر: میاں جاوید اقبال بودلہ

شرف 5 نومبر 8 بجکر 54 منٹ، 6 نومبر 17 بجکر 48 منٹ، حضیض 3 دسمبر 16 بجکر 43 منٹ، 5 دسمبر صفر بجکر 38 منٹ

اس شرف کے موقع پر سب سے پہلے سات حروف کی خاصیت پر ہے جو کہ امراض قلب، قوت قلب اور قوت باہ کے لیے انتہائی اکثیر کا درجہ رکھتے ہیں، جو لوگ امراض قلب میں مبتلا ہوں، خواہ قلب کا مرض جو بھی ہو یا وہ لوگ جو شوگر یا کمزوری یا بڑھاپے کی وجہ سے قوت باہ کھو بیٹھے ہوں، وہ عین شرف کے اوقات میں مشک و زعفران سے 41 عدد درج ذیل حروف لکھ کر پی لیا کیا کریں گے۔ انشاء اللہ 41 یوم میں دل کے تمام امراض سے خلاصی ہوگی اور قوت باہ دوبارہ بحال ہوگی۔ آزمائش شرط ہے، حروف درج ذیل ہیں:

"ب دی ن ص ت ض"

(2) وہ حضرات جو کسی عادت یا مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے قوت باہ کمزور کر بیٹھے ہیں۔ اُن کے لیے تحفہ خاص ہے جو کہ کئی بار کا آزمودہ ہے۔ صرف 3 یوم میں قوت بحال ہو جاتی ہے اور جسمانی کمزوری بھی رفع ہو جاتی ہے۔ عین شرف کے اوقات میں مشک و زعفران سے سورۃ ابراہیم کو 3 برابر آیات میں 3 حصوں میں لکھیں۔ بعد ازاں پہلا حصہ پہلے دن، دوسرا حصہ دوسرے دن اور تیسرا حصہ تیسرے دن پانی میں حل کر کے پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آج تک اس سے بڑا نسخہ حکمت آپ نے دیکھا ہوگا، فوری اثر کرتا ہے اور جسم میں ایسے کرنٹ دوڑتا ہے کہ جیسے ابھی ابھی جوانی آئی ہو۔ یہ عمل بھی کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔ ان دونوں اعمال کو آپ کر سکتے ہیں۔ کیونکہ شرف کے ناقص ہونے کا ان دونوں اعمال پر کوئی اثر نہ ہوگا، آپ بلا خوف و خطر اس کو کر سکتے ہیں۔

اس شرف کے موقع حصول قوت و شجاعت دل کو قوی کرنا، دشمنوں پر غلبہ اور ان کے شر اور موذی جانوروں سے بچنے کے لیے تحفظ جان و مال، تحفظ سحر و آسیب اور حادثات قدرت کے تحفظ، مقابلہ کھیل و امتحان میں کامیابی، امراضِ دل، لقوہ رعشہ، قوت باہ اور امساک کے لیے مختلف الواح تیار ہوتی ہیں۔

اگر کوئی صاحب دشمن سے محفوظ رہنے کے لیے یا کسی مخالف کے شر سے تحفظ اور اس پر فتح حاصل کرنے کے لیے یا مقدمہ میں کامیابی اور غلبہ دشمن اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے پلیٹ چاندی پر یہ لوح کندہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر میدان میں کامیابی ہوگی، رزق اور انعام و اکرام کی بارش ہوگی، دشمنوں کے شر سے محفوظ ہوگا، اللہ کی طرف اپنی رحمتوں کی بارش ہوگی۔

لوحِ مبارکہ:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نصر من اللہ	فتح قریب	بشر المؤمنین	واللہ خیر حافظ	ھو الرحیم الرحمٰن
۱	۱۸۱	۸	۲	۱۵
م	ء	۲	۱۲۲	۵عہ
ع	۱ع	۳۲۲		۸ء
۲ء	۱۸	۳۴	۱۸۲ء	۱۷ء
لا	الٰہ	اِلّا اللہُ	محمدٌ	رسول اللہ

درج بالا الواح انتہائی سریع التاثیر ہے۔ اس کو پاس رکھنے سے تمام مشکلات سے نجات مل جاتی ہے۔ اس کی پشت پر آیت مبارکہ:

"اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا"

اعداد 1233 میں اپنے نام بمعہ والدہ کے اعداد جمع کر کے مربع آتشی میں پُر کریں اور مربع کے چاروں اطراف درج بالا آیت لکھ دیں تو یہ عمل بھی انتہائی کارگر ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ مخالفین خوف کھائیں گے۔

کراماتِ جفر "لوح شرف مشتری"

Gossamer Rings
Main Ring
Halo

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ

ستارہ مشتری جب برج سرطان کے **15** درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ اور یہ تقریباً **12** سال کے بعد شرف یافتہ ہوتا ہے۔

لوح مبارکہ یہ ہے:۔

پشت پر یہ طلسم تحریر کریں

صرفیائیل

یامحصرائیل معــعہ صمہ

یامرکیل یاکنکائیل یاودائیل یاعمائیل شمھورش

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرائیل

یائیل واسع	رزاق ۵۴	باسط ۵۷	جائیں غنی
غنی ۵۶	باسط ۴۵	رزاق ۵۰	واسع ۵۵
رزاق ۴۶	واسع ۵۹	غنی ۵۲	باسط ۴۹
بیائیل باسط	غنی ۴۸	واسع ۴۷	زیائیل رزاق

میکائیل

وکفی باللہ شہیداً محمد رسول اللہ

حصول انعام کا خاص عمل

اب قارئین کیلئے حصول انعام کا عمل خاص پیش کر رہا ہوں۔ جو شخص مسلسل انعامی اسکیموں میں ناکام ہو رہا ہو اور مالی پریشانیوں میں مبتلا ہو اور کوئی حل نظر نہ آ رہا ہو تو پھر آپ کو اب پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس عمل کی برکت سے ملکی وغیر ملکی انعامی اسکیموں میں کامیابی کے لئے اور درست نمبر حاصل کرنے کیلئے تیار کر سکتے ہیں۔ عمل کا طریقہ کچھ یوں ہے کہ نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری واس کے علاوہ شرف مشتری میں بھی تیار کر سکتے ہیں۔ کہ سعد وقت میں جب قمر درعقرب نہ ہو میں شروع کر دیں۔ علیحدہ جگہ ہونی چاہئے۔ جہاں خوشبودار بخور جلائیں اور رجال الغیب پشت پر ہوں۔ پھر سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے درج ذیل طلسم انعامی لکھیں۔ اگر غلط طریقے سے طلسم لکھا تو اُلٹا نقصان ہوگا اور مالی مزید خرابی ہوگی۔ پھر تین سو تیرہ روپے کی مٹھائی جو عمل سے پہلے موجود ہو پر حضرت مولا علی علیہ السلام کی نیاز دلوائیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اسی طرح لگاتار 9 روز کرنا ہے۔ سارا کام احتیاط سے کریں ورنہ کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ پھر جب انعامی اسکیموں کے نمبر کی ضرورت ہو تو رات کو سونے سے پہلے بعد از نماز عشاء طلسم انعامی اپنی جیب میں رکھیں۔ اور وظیفہ 350 مرتبہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ باحصار خصوصی کے ساتھ پڑھیں۔ اور دُعا کر کے سو جائیں۔ انشاءاللہ تین تا چھ روز میں درست اور واضح نمبر ملے گا۔ اور یاد بھی صبح ہونے تک رہے گا۔ یہ نمبر خرید کر رکھ لیں اور کسی کو ہرگز نہ بتائیں ورنہ نقصان ہوگا۔ یہ عمل زندگی میں ایک بار کام دے گا۔ دوران عمل پرہیز جمالی کریں اور اجازت کے بغیر فائدہ نہ دے گا۔

عبارت عمل یہ ہے۔

طلسم انعامی یہ ہے

عزمت علیکم یادردائیل بحق یابدوح
یاعلیم یاخبیر فسٹ، سیکنڈ نمبر
بتاؤ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
العجل الساعۃ الوحا

عطلب عطلب مقلو ھقلو مقلھفلو مقلھفلو
ہہہ طسح یابدوح یابدوح یابدوح
اجب یاجیوش یابھروش یابدوح یابدوح
فسٹ، سیکنڈ نمبر بتائو بحق یابدوح العجل الساعۃ الوحا

شرف مریخ

لوح غلبہ قوت و نصرت

ازتحریر: حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء، کراچی

محترم قارئین آئینہ قسمت السلام وعلیکم! جناب محترم بڑے شاہ زنجانی صاحب کی شفقت ونظر التفات اور اپنے استاد محترم بابائے فلکیات جناب سید انور فراز صاحب کی اجازت سے لوح شرف مریخ غلبہ قوت ونصرت لے کر حاضر خدمت ہوں۔ عزیزان من۔ سیارہ مریخ کو اس ماہ شرف 5 نومبر 2016 کو 08:54 Am سے 6 نومبر 05:48 Pm تک ہوگا۔

اپنے شہر کے مطابق سعد ساعات مریخ کا انتخاب کر کے لوح تیار کریں۔ سیارہ مریخ غلبہ قوت اور ہمت وجرأت سے منسوب ہے اور سیاروی کابینہ کا سالار اعظم ہے۔ مریخ مذکر مردانہ صفت خشک آتشی مزاج ہے وہ لوگ جن کا ستارہ مریخ ہے یا پھر ان کے زائچہ پیدائش کے سعد گھروں میں سے کسی ایک گھر کا حاکم ہے یا خاص کر زائچہ کے خانہ 9,5,3,1 گھروں میں سے کسی کا حاکم ہو۔ کیونکہ زائچہ کے یہ گھر بڑی اہمیت کے حامل ہیں ان گھروں کے حاکم کی کمزوری، قوت وصحت میں کمی، سر درد، ذہنی تناؤ، ہمت وحوصلہ میں کمی، تعلیم، عقل وشعور، یاداشت، مذہب، اولاد، خوشی، غیر ممالک کے سفر روحانیت، اعلیٰ تعلیم، سرمایہ کاری، اور دیگر اہم امور میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے اس کے علاوہ مریخ سے منسوبی کمزوری قوت وہمت کا فقدان پیدا کرتی ہے۔ کسی بھی فرد کے زائچہ پیدائش میں مریخ کمزور یا ناقص اثر رکھتا ہے تو انہیں لوح مریخ بنا کر دی جاتی ہے تاکہ وہ ایک کامیاب زندگی گزار سکیں نیز لوح مریخ، سحری وآسیبی اثرات کے خاتمے وبچاؤ کے لئے بھی بے حد مفید ہے۔

اس کے علاوہ قوت وشجاعت اور ہر قسم کے مقابلے میں کامیابی کے لئے اور امراض جگر وخون کی کمی کے لئے بھی مفید ہے۔ لوح مریخ کو اسٹیل یا تانبے کی تختی پر کندہ کریں کندہ کرتے وقت کوئی بھی تیز خوشبو لگالیں۔ اور جلانے کے لئے بخور سندرس، قسط رائی وغیرہ ہیں۔ ملائکہ میں حضرت عزرائیل علیہ سلام سے مریخ کا تعلق اور ان کا ورد اسمائے الٰہی "یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ" ہے دونوں اسمائے الٰہی کے اعداد ابجد قمری دوسواکسٹھ 261 ہیں شرف کے وقت سے پہلے گول لوح پر دائرے اور ستارہ داؤدی پہلے سے بنالیں اور نقش کے اضلاع بھی لکھ لیں اس کے بعد شرف میں مریخ کے ساعتوں میں نقش کے اندرونی خانوں میں اعداد بھرنے ہیں نقش کی چال کو مدنظر رکھتے ہوئے۔

(چال سے مراد نقش کے خانوں کی وہ ترتیب ہے جس کے مطابق نقش بھرا جاتا ہے) نقش بنانے سے پہلے ۸۶ لکھیں پھر ستارے کے خانوں کو بھریں نقش کا پہلا خانہ وہ ہے جس میں اعداد ۸۴ لکھے گئے ہیں اور آخری خانہ ۹۰ ہے ۸۴ سے ۹۰ تک خانوں کو ترتیب وار بھرتے جائیں تو نقش درست طریقے پر مکمل ہوجائے گا۔ خانوں میں اعداد لکھنے کے بعد دائیں وبائیں مریخ سے منسوب حروف نورانی الٓرٰ اور صٓ لکھیں پھر مئوکلات وطلسم لکھ کر لوح کو مکمل کرلیں اور نوچندے منگل کو صبح سورج نکلنے کے فوراً بعد پہن لیں یا پھر کسی مناسب اچھے وقت میں پہنیں اور روزانہ 261 مرتبہ "یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ" کا ورد کریں۔

لوح خود نہ تیار کرسکیں تو مجھ سے یا جناب شاہ زنجانی صاحب سے تیار کروا کر فیوض وبرکات حاصل کریں۔

چال نقش

نقش لوح مریخ

شرف 5 نومبر 8 بجکر 54 منٹ، 6 نومبر 17 بجکر 48 منٹ، حضیض 3 دسمبر 16 بجکر 43 منٹ، 5 دسمبر صفر بجکر 38 منٹ

اوجِ مریخ میں اس مرتبہ آئینہ قسمت کے لیے طلسم فراخیٔ رزق پیش کرتا ہوں۔ طلسم فراخیٔ رزق کیا ہے؟ یہ میری کتاب الہامات جفر حصہ دوم میں موجود ہے۔ جسے عنقریب ادارہ آئینہ قسمت شائع کرے گا۔ اوجِ مریخ کے دوران سعد ساعت میں یہ عمل تیار کریں۔ یہ لوح جب تیار ہو جائے تو (110 مرتبہ سورۃ القدر پڑھ کر اس پر دم کریں۔ اس کا ثواب میرے پیرو مرشد حضرت غوث اعظم سیّد شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمۃ کو بخشیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

محمد
احمد
احمد٧٨٦احمد
احمد احمد احمد

٨	١١	٢٥١٥	١
٢٥١٤	٢	٧	١٢
٣	٢٥١٧	٩	٦
١٠	٥	٤	٢٥١٦

حم حم حم حم
الم الم الم
کھیعص کھیعص
محمد رسول اللہ

شرف مریخ میں اکثر عاملین جفر تسخیر فتوحات، مقدمات، میں کامیابی کے لیے دشمن پر فتح حاصل کرنے کے لیے الواح اور نقوش تیار کرتے ہیں۔ میں آج کی محفل میں آئینہ قسمت کے لیے لوح فتح نامہ کے ساتھ حاضر ہوں۔

اعداد آیت کیمیائے سعادت: 5217

مقصد فتوحات، اعداد: 974

طالب شعیب الرحمٰن: 712 کل اعداد: 7903

تفریق: 2340 باقی: 5563

تقسیم: 4 باقی: 3

تو خانہ نمبر 5 میں ا کا اضافہ کرنے سے حاصل تقسیم: 1390

تو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 78 کا اضافہ کرنا ہے اور اس ساتھ میں اسم اعظم یا کلیمہ کا ورد کریں۔

اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔ آخر میں مجھ گنہگار سیّد شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

٧٨٦
ھم ١١٠٩٢

١٩٣٧	٢١٧١	٢٤٠٥	١٣٩٠
٢٣٢٧	١٤٦٨	١٨٥٩	٢٢٤٩
١٥٤٦	٢٥٦١	٢٠١٥	١٧٨١
٢٠٩٣	١٧٠٣	١٦٢٤	٢٤٨٣

و کفٰی باللہ شہیداً محمد الرسول اللہ

ہر ماہ شرفِ قمر کا مجرب عمل

خاتم پنجتن پاک علیہ السلام

از تحریر: ظہیر عباس، کراچی

قارئین آئینہ قسمت کی خدمت میں ''خاتم پنجتن پاک علیہ السلام'' پر لکھ رہا ہوں۔ ربّ ذوالجلال نے تخلیق حضرت آدمؑ سے لاکھوں سال پہلے اپنی پہچان کیلئے پنجتن پاک علیہ السلام کے نور مقدسہ کو اپنے ارادہ سے ظاہر کیا اسی سبب سے حدیث قدسی ہے کنت کنذا مخفیا فاحبت ان اعرف مخلقت خلقا ط (میں ایک مخفی خزانہ تھا میں نے چاہا میں پہچانا جاؤں پس میں نے خلق کیا خلق کو) اس خلق عظیم سے مراد انوار چہاردہ معصومین علیہ السلام خصوصاً پنجتن پاک علیہ السلام ہیں۔ جنہیں اللہ نے اپنی معارفت نامہ کیلئے خلق کیا اور باقی تمام مخلوق کلی کو انہی کے صدقے میں اور انہی کی معرفت (پہچان) کیلئے خلق کیا۔

قرآن حکیم کی آیت ''استکبرت ام کنت من العالین'' (سورة ص:75) کے متعلق پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لفظ عالین کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ''انا و علی و فاطمة و الحسن الحسین''عالین سے مراد میں، علی علیہ السلام فاطمہ علیہ السلام، حسن علیہ السلام، حسین علیہ السلام ہیں۔ ہم سرا پردہ عرش میں تھے اور خدا کی تسبیح کرتے تھے ملائکہ نے ہماری تسبیح سنکر تسبیح کرنا سیکھی اور خدا کی تسبیح کرتے تھے۔ یہ آدم کی خلقت سے دو ہزار سال پہلے کی بات ہے جس وقت خدا نے آدم کو خلق کیا ملائکہ کو حکم ہوا کہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں یہ حکم نہیں ہوا مگر ہمارے لئے! تمام فرشتوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے انکار کیا، اس وقت خدا نے اس سے فرمایا۔

''قال یا بلیس مامنعك ان تسجد لما خلقت بیدی ج استکبرت ام کنت من العالین علیہ السلام'' ''اے ابلیس تیرے لئے کیا شے منع ہوئی کہ تو نے اسے سجدہ کرنے سے انکار کیا جسے میں نے اپنے دست قدرت سے بنایا ہے۔ تو نے غرور اختیار کیا یا تو عالین میں سے ہوگیا ہے'' یعنی تم بھی ان لوگوں کی طرح ہو (کہ جن کے نام سرادق عرش پر لکھا ہے) ''فتحن باب الله الذی یوتی منه و بنا یهدی المهتدون'' ''ہم خدا کے دروازے ہیں کہ جن دروازے سے وہ عطا کرتا ہے۔ ہماری وجہ سے ہدایت پانے والے ہدایت پاتے ہیں اور جو ہم سے محبت کرتے ہیں خدا بھی ان سے محبت کرتا ہے اور جو ہم سے بغض رکھتے ہیں خدا بھی ان سے بغض رکھتا ہے اور انہیں جہنم میں دھکیل دیتا ہے اور حدیث کے آخر میں فرماتے ہیں کہ ''ولا یحبنا الا من طاب مولده'' ہمیں دوست نہیں رکھتا مگر وہ کہ جس کی ولادت پاکیزہ ہو۔ معرفت خداوند عزوجل کا وسیلہ فقط چہاردہ معصومین علیہ السلام ہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ذات باری تعالیٰ ان ذوات مقدسہ کے ساتھ مودت کا حکم محکم دیا۔ چنانچہ کائنات میں بنی نوع انسان خواہ کسی بھی مذہب و ملت سے تعلق رکھتا ہوا گر وسیلہ پنجتن پاک علیہ السلام کو اختیار کرکے جو بھی دُعا مانگے وہ بارگاہ رفیع الدوجات میں مستجاب ہوگی۔ میں نے یہ خاتم پنجتن پاک علیہ السلام کے باطنی اعداد سے تیار کیا ہے۔ اسم پاک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باطنی اعداد 132 ہیں جو کہ اسلام کے اعداد بھی ہیں۔ اسم پاک ''علی علیہ السلام'' کے باطنی اعداد 102 ہیں جو کہ ایمان کے اعداد بھی ہیں۔ اسم طاہر فاطمہ علیہ السلام کے باطنی اعداد 163 ہیں جو کہ ''لا الہ الا ہو الطیباً'' کے اعداد بھی ہیں۔ اسم پاک ''حسن علیہ السلام'' کے باطنی اعداد 117 ہیں جو کہ ''لا الہ الاحی'' کے اعداد بھی ہیں اور اسی طرح سے اسم پاک ''حسین علیہ السلام'' کے اعداد باطنی 118 ہیں جو کہ اسم پاک ''حسن علیہ السلام'' کو ظاہر کرتے ہیں۔ اسکے ساتھ ہی ''لا الہ الا واحد'' کے اعداد بھی 118 ہیں۔ مجموعی اعداد باطنی 632 =118+117+163+102+132 کل میزان حاصل ہوا۔ ان مجموعی باطنی اعداد سے یہ خاتم جو نقش مثلث بارہ خانوں پر محیط ہے۔ خاتم پنجتن پاک علیہ السلام یہ ہے۔

نقش میں چھوٹے ہند سے نقش کی چال کو ظاہر کر رہے ہیں۔ یہ ہند سے کندہ کرتے وقت ہرگز نہ لکھیں۔

کشکول

مستحصلہ جفر قاعدہ اجیز طکم خاص

محترم قارئین آئینہ قسمت! عدیم الفرصت ہونیکی وجہ سے کافی عرصہ بعد اس بزم میں شرکت کر رہا ہوں اور آج کی نشست میں حضرت علامہ شاد گیلانی کی کتاب علم حروف کا حیرت انگیز الجبرا سے ایک مستحصلہ خاص کے ساتھ حاضر خدمت ہوں۔

قارئین آئینہ قسمت ماضی قریب میں بھی یہ قاعدا اکثر مرتبہ نامکمل حل کے ساتھ رسالہ ہذا میں ملکی پیشنگوئیوں کے ساتھ شائع ہو چکا ہے اس قاعدہ سے سوالات حل کرنے والے جفار حضرات سے باادب گوش گزار ہوں کہ براہ کرم قاعدہ کو مکمل حل کیا کریں۔ مطلب یہ کہ تمام حروف حاصل کا جواب بتایا کریں اور تمام حروف حاصلہ کی سطر نظیرہ کی سطر ہوتی ہے۔ یہ قاعدہ مرکزی اور محوری ہر دو اقسام کے سوالات کے جواب دیتا ہے۔ قاعدہ ہذا جدول اجیز طکم سے حل ہوتا ہے اور پانچویں سطر میں جواب آتا ہے۔

پہلی سطر حروف خالص دوسری سطر صدر مؤخر تیسری سطر مؤخر صدر چوتھی صدر نظیرہ قمری اور پانچویں سطر میں جواب اور ایسا یقینی جواب جس پر انسانی عقل مبہوت ہو کر رہ جائے۔ مستحصلہ حل کرتے وقت سطر اساس پر نمبر لگائیں جس حرف کا مستحصلہ لیا جا رہا ہے دیکھنا یہ پڑتا ہے کہ اس کے آگے سطر اساس میں کتنے حروف باقی ہیں باقی ماندہ تعداد کے مطابق جدول میں آگے پیچھے اوپر نیچے گنتی کریں جو حرف جواب پر صادر ہوا سے مستحصلہ لے لیں قاعدہ بڑا مستحصلہ چار نظریات سے حل ہوتا ہے دیکھنا یہ ہے کہ بعض دفعہ حرف ناطق اوپر والے عدد سے آتا ہے بعض دفعہ اوپر یا سامنے کے عدد استطاق سے مستحصلہ آتا ہے۔ جوابی حروف جواب بتانے کیلئے بالکل سیدھے لیں یعنی بغیر تقدیم و تاخیر کے اور آپ کے سوال کا جواب عین بمطابق سوال ہو۔ ترتب جواب کا قاعدہ یہ ہے کہ ایک حروف چھوڑ کر مستحصلہ لیا جائے اور آخری سطر پر الٹ حروف کا مستحصلہ لیا جائے۔

جدول اجیز طکم

ا	ب
ج	د
ھ	و
ز	ح
ط	ی
ک	ل
م	ن
س	ع
ف	ص
ق	ر
ش	ت
ث	خ
ذ	ض
ظ	غ

سوال:۔ یا علیم کیا غلام مرتضیٰ بن زیباں کا روبینہ بنت پٹھانی سے نکاح کرنا نیک بخت ہوگا؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
خالص	ک	ی	ا	غ	ل	م	ر	ت	ص	ب	ن	ز	و	ھ	س	ح	خ
صدر مؤخر	ک	خ	ی	ح	ا	س	غ	ھ	ل	و	م	ز	ر	ن	ت	ب	ص
مؤخر صدر	ص	ک	ب	خ	ت	ی	ن	ح	ر	ا	ز	س	م	غ	و	ھ	ل
نظیرہ	د	ذ	ع	ی	ح	خ	غ	ت	و	س	ش	ا	ظ	ن	ر	ق	ض
جواب	ب		ل		ک		ل		ھ		ی		د		ر		س
	ب		و		خ		ھ		ت		ش		ر		ت		

جواب:۔ بالکل ہی درست رشتہ خوب۔

کشکول جفر

زکوٰۃ نقش مثلث اور اسم بدوح

قارئین آئینہ قسمت ماہ جولائی 2016ء کے صفحہ نمبر 24 پر جناب محترم واجب الاحترام عامل کامل بزرگ علمی شخصیت آغا حسنین احمد آف بہاولپوری کا مضمون نقش مثلث برائے تسخیر خلق شائع ہوا۔ جس طریق پر یہ مضمون شائع ہوا اان میں کچھ ترمیم کی ضرورت ہے یاد رہے کہ میں سن دو ہزار ایک میں جناب محترم آغا صاحب سے ملاقات کا شرف حاصل کر چکا ہوں اس وقت یہ محترم احمد پور شرقیہ سے آگے بمقام بھتیجی پر عوام کے مسائل حل کرنے فیض پہنچانے اور عملیات کے درس و تدریس میں مصروف تھے۔ قارئین مجھے اس بات کی بے حد خوشی ہوئی کہ یہ وہ عمل ہے کہ جس کا حقیقت عملیات سے تعلق ہے اور انتہائی دکھ کے ساتھ کہ ماضی قریب میں وہ اعمال بھی شائع ہوئے جن کا اعمال حقیقی سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ اور یہ امر مانع نہیں کہ اگر ایسا ہوتا رہا تو وہ وقت دور نہیں جب عملیات سے لوگوں کا یقین بالکل ختم ہو جائے گا۔ بغیر تحقیق و تجربات کہ سب کچھ لکھا جا رہا ہے اور شائع کیا جا رہا ہے قارئین آئینہ قسمت میں اس مضمون سے ہٹ کر بات کر رہا ہوں کیونکہ آغا صاحب کا یہ عمل تو وہ عمل ہے جن کا اعمال حقیقی سے تعلق ہے اور اس عمل میں اسم بدوح اور نقش مثلث کی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے سندھ کے ایک عظیم صوفی بزرگ نے جناب سید علامہ شاد گیلانی کو یہ عمل و طریقہ عنایت فرمایا تھا کیونکہ یہ عمل بیاض شاد گیلانی میں درج ہے میں خود اس عمل کو اپنے استاد محترم حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب کی اجازت خاص سے کر چکا ہوں۔ جس کا طریقہ بالا تصریح بیان کر رہا ہوں۔ عمل شروع کرنے سے قبل آم کے درخت کی تختی انار کی لکڑی کا قلم اور زاعفران کی سیاہی بنائی جائے۔ یہ عمل چاند کی یکم تاریخ کو شروع کیا جائے۔ صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد طلوع آفتاب سے قبل زاعفران کی سیاہی سے انار کے قلم سے آدم کی تختی پر لکھنا ہے۔ بند کمرے میں علیحدہ ایک بالٹی پانی کی بھر کر سامنے رکھ لیں۔ چاند کی پہلی تاریخ کو درج ذیل نقش ایک بار لکھیں۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

اور تھوڑے سے آٹے کو آم کی تختی پر مل کر نقش مثلث مٹا دیں یہ آیا پانی والی بالٹی میں آنا چاہئے اور یہ پانی بہتے پانی میں ڈال دیا کریں نہر یا دریا میں اور آتے جاتے وقت کسی سے بالکل بات چیت نہ کریں اس بات پر سختی سے عمل کرنا ہے اور رات کو بعد نماز عشا بند کمرے میں علیحدہ پاک و صاف خوشبو وغیرہ لگا کر درج ذیل عزیمت 2004 مرتبہ پڑھیں اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھیں عمل شروع کرنے سے پہلے صدقہ ضرور دیں یہ عمل بغیر اجازت بالکل نہ کریں پرہیز جلالی و جمالی کریں، چھوٹا بڑا گوشت، انڈہ، کچا پیاز، لہسن اور جماع وغیرہ سے سخت پرہیز کریں۔

عمل یہ ھے:۔ اجب یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل بحق یا بدوح

اسی طریقے سے چاند کی پہلی تاریخ کو ایک نقش لکھ کر مٹا دیں۔ دوسری تاریخ کو دو تیسری تاریخ کو تین اسی طرح چاند کی پندرہ تاریخ کو پندرہ نقش لکھ کر مٹا دیں۔ اسی طرح پندرہ تاریخ تک ایک ایک نقش روزانہ بڑھا کر لکھنا ہے۔ اور عمل روزانہ رات کو 2004 مرتبہ 39 ات تک پڑھنا ہے۔ اس کے بعد سولہ تاریخ سے ایک ایک نقش روزانہ کم کرنا ہے۔ سولہ تاریخ کو چودہ نقش لکھ کر مٹا دیں سترہ تاریخ کو تیرہ نقش لکھ کر مٹا دیں۔

18 تاریخ کو 12 نقش لکھ کر مٹا دیں۔ 19 تاریخ کو 11 نقش لکھ کر مٹا دیں۔ 20 تاریخ کو 10 نقش لکھ کر مٹا دیں۔ اور چاند کی 29 تاریخ کو ایک نقش لکھ کر مٹا دیں۔

اور بعد میں عمل قابو میں رکھنے کیلئے تا حیات 101 مرتبہ (101) مرتبہ پڑھنا لازمی ہے۔ عمل تمام ہونے کے بعد تختی و قلم سیاہی بہتے پانی میں چھوڑ آئیں اور نیاز حضرت خضر علیہ السلام کی دیں اس عمل سے حب و تسخیر اور تسخیر خلق اور خاص طریق پر تمام مقصد کیلئے کام لیا جا سکتا ہے اور یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ اس عمل کو کرنے والا اس عمل سے فیضیاب نہ ہو۔

لوحِ تحفظِ جان و مال (شرف مریخ)

از تحریر: سید قاسم علی نقوی البساکری سیالکوٹ

قارئین کرام! لوح تحفظِ جان و مال و دافع آفات بلیات اور امراض ہر قسم اور رد سحر کے لئے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ آج دہشت گردی کا دور دورہ ہے۔ پوری دنیا کے اندر کسی بھی انسان کی جان و مال کی حفاظت نہیں۔ بے اطمینانی کا دور دورہ ہے۔ لوح تحفظ جان و مال خالص قرآنی لوح ہے جس طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی حفاظت کے لئے خود فرمایا ہے۔

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ط (سورۃ الحجر آیت نمبر 9)

ترجمہ:۔ بے شک یہ قرآن مجید ہم نے اُتارا ہے ہم خود اسکے نگہبان ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید اور آئمہ اطہار علیہ السلام کے صدقے میں ان لوگوں کے جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری کا خود ذمہ اُٹھایا ہے۔ جنہوں کے دلوں میں ربّ کائنات نے قرآنِ مجید اور محمدؐ وآل محمدؐ کی محبت رکھی ہے۔

لوح کی تیاری

یکم رجب المرجب، شرف شمس، شرف مریا مریخ و مشتری کی نظر شمس سے تثلیث یا تسدیس ہو کسی امام علیہ السلام کا ظہور مبارک ہو۔ قمر نحوست سے پاک ہو۔

لکھائی و تیاری

چاندی یا مخلوط تانبے اور چاندی کی لوح پر کندہ کریں۔ یا کاغذ، ہرن جھلی پر زعفرانی سیاہی سے بخور متعلقہ جلا کر لکھیں، سب کو اجازت ہے۔ لوح کے اندر استعمال ہونے والی آیات مقدسہ اور اسمائے اعظم کی تفصیل:۔

اِسمائے اعظم

یَاحَافِظُ یَاحَفیظُ یَارَقِیبُ یَاوَکِیلُ

اعداد:۔ 989+998+312+66 میزان=2365

آیات مقدسہ قرآن مجید

وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی أَمْرِہٖ	سورہ یوسف آیت نمبر 21		1461
فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَھُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِینَ	سورہ یوسف آیت 64		2550
وَلَا یَئُودُہُ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیمُ	سورۃ بقرہ آیت 255		2305
لَہُ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُونَہُ مِنْ أَمْرِ	سورہ رعد آیت 11		4427
إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ	سورہ حجر آیت 9		1652
وَحَفِظْنَاھَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ	سورہ حجر آیت 17		1893
وَحِفْظًا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَارِدٍ	سورہ صافات آیت 7		1750
إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ	سورہ طارق آیت 4		1467

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ وَاللَّهُ مِنْ وَرَائِهِمْ مُحِيطٌ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ

سورہ بروج آیت 12 تا 22 — 12316

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ط — اعداد 786

کل اعداد 32972

مفرد عدد 5

حامل لوح پنجتن پاک علیہ السلام کے سایہ میں حفظ و امان میں ہوگا۔ موجودہ دور میں ہر مومن کے پاس اس لوح کا ہونا بہت ضروری ہے۔ جو مومن یا مسلمان اس لوح کو بنوائے، یا بنائے، گلے میں، گاڑی میں، گھر میں، جائے کاروبار میں رکھے۔ سفر کرنے والے بطور امام ضامن پاس رکھیں یا بازو پر باندھیں باندھتے وقت منہ سے کہیں پروردگار میں نے اپنی جان و مال کو قرآن اور محمدؐ وآل محمدؐ کے سپرد کیا۔ میری جان و مال کی حفاظت فرما۔

مثالی نقش حاضرِ خدمت ھے:۔

یاجبرائیل علیہ السلام

یَاحَافِظُ یَاحَفِیظُ یَارَقِیبُ یَاوَکِیلُ علیہ السلام ۸۶ ے یَاحَافِظُ یَاحَفِیظُ یَارَقِیبُ یَاوَکِیلُ علیہ السلام

(دائیں جانب: یا اسرافیل علیہ السلام — کھیعص؛ بائیں جانب: یا عزرائیل علیہ السلام — حم عسق)

٣٨٩٣	٣٨٩٦	٣٩٠٠	٣٨٨٦
٣٨٩٩	٣٨٨	٣٨٩٢	٣٨٩
٣٨٨٨	٣٩٠٢	٣٨٩٤	٣٨٩١
٣٨٩٥	٣٨٩٠	٣٨٨٩	٣٩٠١

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَھُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِینَ ط
وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی أَمْرِہٖ ط

یَاحَافِظُ یَاحَفِیظُ یَارَقِیبُ یَاوَکِیلُ یامیکائیل علیہ السلام یَاحَافِظُ یَاحَفِیظُ یَارَقِیبُ یَاوَکِیلُ

پروردگار حامل لوح کے جان و مال کی حفاظت فرما۔

اسمائے باری تعالیٰ ﷻ میں دس (10) اسمائے باری تعالیٰ ﷻ ایسے ہیں جن کے اعداد میں اور عدد کامل ایک بنے گا۔ دس (10) کا بھی ایک عدد بنے گا۔ اِن دس اسمائے الٰہی میں چار اسم حرف ''م'' سے شروع ہوتے ہیں۔

المومن	المُہیمن	المُقیت	المجیب
۱۳۶	۱۴۵	۵۵۰	۵۵

دو اسم حرف ''و'' سے شروع ہوتے ہیں۔

الولی	الواحد
۴۶	۱۹

اور ایک اسم حرف ''ج'' سے شروع ہوا (جلیل ۷۳)

اور ایک اسم حرف ''ر'' سے شروع ہوا (رحمٰن ۲۹۸)

اور ایک اسم حرف ''ص'' سے شروع ہوا (صبور ۲۹۸)

اور ایک اسم حرف ''ا'' سے شروع ہوا (اوّل ۳۷)

تشنگانِ اسرار و رموز کیلئے ایک راز دے رہا ہوں کہ یہ تمام اسمائے باری (10 اسمائے باری) ایم اسم میں بند ہیں۔

یعنی:۔ مومن صبور ولی رحمٰن

م ص و ر

مُصَوِّرُ

بس زیادہ وضاحت نہیں کرسکتا۔ یہ یاد رکھیں کہ 10 اسم 1 اسم میں بند ہیں اور 2017ء کا عدد کامل بھی 1 ہے۔

دس اسمائے الٰہی جنکا عدد مفرد ایک ہے۔

المومن	کے اعداد	136	ہیں۔
المھیمن	// //	145	ہیں۔
المقیت	// //	550	ہیں۔
المجیب	// //	55	ہیں۔
الجلیل	// //	73	ہیں۔
الولی	// //	46	ہیں۔
الواحد	// //	19	ہیں۔
اوّل	// //	37	ہیں۔
الرحمٰن	// //	298	ہیں۔
الصبور	// //	298	ہیں۔
		1657	

ان تمام اسمائے مبارکہ کا مجموعہ لیں تو عدد کامل 1 آئے گا۔

1= (1+0) 10= (1+9) 19= (1+6+5+7)

طلسم یہ ہے:

۷۸۶
یا اسرافیل
۱۱۱ الف ۱۱۱
اوّل
۱۰ ۱۹ ۱۶۵۷

کسی بھی مبارک دن و ساعت تحریر کر کے پاس رکھیں۔ سن عیسوی **2017**ء اور تمام زندگی لاعلاج امراض، آفات و بلیات و حادثات و سحر و آسیب و بداثرات سے حفاظت کامل ہوگی۔

تخلیق کائنات کے شہ لولاک کی شان محبوبی تو دیکھئے کہ آپ ﷺ پر خالق کائنات کے صلوٰۃ پیہم کی مسلسل نوازش ہو رہی ہیں۔ فرشتوں کو بھی اس کا حکم ہے وہ بھی صلوٰۃ کے تحفے ارسال فرما رہے ہیں اور اولاد آدم علیہ السلام میں امت محمد یہ ﷺ کو یہ شرف بخشا جارہا ہے۔

"بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پاک ﷺ پہ درود پڑھتے ہیں۔ اے ایمان والوں تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجو" (سورۃ احزاب) سورۃ احزاب کی یہ آیت شعبان کے مہینے میں نازل ہوئی صوفیاء کرامؒ اس آیت کو قرآن کا قران کہتے ہیں۔ درود شریف سے زیادہ کوئی وظیفہ موثر نہیں تو پھر آپ کوئی سا بھی درود پاک لاکھوں کروڑوں کی تعداد میں پڑھیں اس سے ہر وقت یاد الٰہی کا دل میں شوق و ذوق ہوگا دنیا سے سلامتی ایمان لے کر آخرت کی طرف جائیگا۔ درود شریف کی برکت سے غیبی امداد ہوگی اور جہاں سے خیال و امید بھی نہ ہو وہاں سے مدد ہو کر کام سرانجام پائیں گے۔

درود شریف چشتیہ عالیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

درود شریف اولیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُومٍ لَّكَ

درود شریف غوثیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

درود شریف خفریہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ

درود شریف ابراھیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

درود شریف شوقیہ

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِيْ بِنُوْرِ شَوْقِكَ

ان میں سے ایک یا سب درود پاک کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں اور تصور شیخ کے ساتھ یکسو ہو کر اور اجازت لیکر پڑھیں لامحدود روحانی برکات حاصل ہوں گی۔

حضرت ابو سعید خذریؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ جنات او انسانوں کی نظر بد سے پناہ طلب کیا کرتے تھے پھر جب محوذ تین (سورۃ الفلق، سورۃ الناس) نازل ہوئیں تو آپ ﷺ کثرت کے ساتھ انہیں پڑھتے جبکہ باقی دعاؤں کے پڑھنے میں کمی واقع ہوئی (ابن ماجہ الترمذی)

نظر بد کی عمومی شناخت:۔ انسان کو ہلکا ہلکا ہے تیز بخار ہو جاتا ہے، طبیعت نڈھال ہو جاتی ہے، آنکھوں میں آنسو، پانی اور گید نمایاں طور پر نظر آتی ہے، شدید اثرات کی صورت میں چہرے کا رنگ بدل جاتا ہے، سیاہ یا پیلا ہو جاتا ہے اس پر دھبے پڑ جاتے ہیں، رات کو سونے میں مشکلات کا سامنا کرنا اور دن کو نیند کی کیفیت طاری رہنا ماتھے ہاتھ پاؤں اور کمر سے حرارت خارج ہونا، اکتاہٹ، بوریت، مایوسی کا شکار ہونا بار بار لٹرین جانا وغیرہ۔

نظر بد کی کاٹ:۔ نظر بد کے علاج کے لئے یسے مریض کے سامنے پہلے درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا اللہ شافی یا اللہ کافی گیارہ مرتبہ پڑھ کر چہرے پر پھونک ماریں۔ اس ترتیب سے کل گیارہ مرتبہ پڑھ کر گیارہ پھونک لگائیں، پانی پر دم کر کے پلائیں، غسل کروائیں یہ دم ایک تین، سات یا گیارہ دن کریں۔

(1) اسمِ اعظم قادریہ: یَا مُحِیطُ یَا رَبُّ بعد نمازِ فجر ایک 1000 بار یا 100 مرتبہ کشائش ظاہر کے لئے نہایت مجرب ہے۔

(2) اسمِ اعظم چشتیہ: یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بعد نماز فجر ایک 1000 بار یا 100 بار پڑھیں کہ جمیع مقاصد ظاہری و باطنی حاصل ہوں۔

(3) اسمِ اعظم نقشبندیہ: یَا اَللّٰہُ یَا مُصَوِّرُ یَا عَلِیُّ بوقت سب 2 ہزار بار یا 200 بار ورد کریں انشاء اللہ العزیز سیف زبان و متجاب الدعوات ہو۔

(4) اسمِ اعظم سہروردیہ: یَا اللّٰہُ دورانِ شب ہمیشہ بارہ سو 1200 بار پڑھنا چاہئے اسکے فوائد بے شمار ہیں۔ جو ورد رکھے گا اس پہ خود منکشف ہوں گے۔

ہر مشکل آسان:۔ رات 12 بجے کے بعد از غسل، معطر و پاک صاف لباس میں دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ الحمد شریف کے بعد پہلی رکعت میں سورۃ اخلاص 10 بار دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص 10 بار بعد سلام درود شریف 11 بار پھر بیٹھ کر ننگے سر یَا وَھَّابُ 300 بار پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں پھر بیٹھ کر یَا وَھَّابُ 400 بار پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں پھر بیٹھ کر یَا وَھَّابُ 3420 بار پھر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ پھر سجدے میں گڑگڑا کر دعا مانگو انشاء اللہ ایک شب ورنہ تین شب پڑھنے سے اسماء اعظم کی برکت سے جائز مقصد ضرور پورا ہوگا۔

یَا وَدُودُ کا عملِ محبت

(1) نوچندی جمعرات کو عصر کی نماز بروقت پڑھی جائے نماز کے بعد مسجد میں یا گھر میں علیحدہ بیٹھ کر پورے 300 بار یَا وَدُودُ پڑھیں اوّل آخر درود 11،11 بار لیکن ہر سو بار کے بعد 3 بار مندرجہ ذیل اسماء پڑھیں۔

یَا رَفتمائیلُ یَا دَرْدَائیلُ

با پرہیز اور رات کو اسی طرح 4 ہزار بار یَا وَدُودُ ہر سو کے بعد 3 بار اوپر والے مؤکلات کے حروف پڑھیں 40 روز متواتر یہ عمل کرنے والا حب کا عامل بن جاتا ہے بعد از زکوٰۃ عصر کے بعد 300 بار کا ورد رکھے۔

(2) تسخیر خاص و عام

یَا وَدُودُ مِنْ کُلِ وَ دُوْدِ بِحَقِّ یَا ودودُ 400 سو بار پڑھ کر سونے والا محبوب خلائق ہو جاتا ہے۔

(3) جس عورت کا شوہر سخت مزاج ہو اولاد نافرمان ہو وہ عورت کھانا باوضو پکائے اور کثرت سے پڑھے۔ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یَا وَدُود مِنْ کلِ وَدُودِ بِحَقِّ یَا وَدُودُ سالن کی ہانڈی پر آٹا گوندھتے اور روٹی پکاتے ہوئے کثرت سے پڑھے اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد دم کیا کرے اللہ خیر کریگا۔

(4) جائز محبت کے لئے محبوب کا تصور کر کے 4 ہزار بار یَا وَدُوْدُ روزانہ پڑھے اور ہر ہزار کے بد 20 بار اوپر والی دعا پڑھے انشاء اللہ 21 روز میں دست بستہ حاضر ہوگا۔

(5) میاں بیوی کا جھگڑا:۔ 20 مرتبہ یَا وَدُوْدُ اور ایک مرتبہ اس کی پوری عزیمت پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر لیں اور ہاتھ منہ پر پھیر لیں جب آمنے سامنے جائیں تو سخت سے سخت دل بھی مائل ہو جائیں گے۔

(6) گھر کا امن:۔ سورج نکلنے سے پہلے 100 مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے کولر وغیرہ کے پانی میں ملا دیں، تا کہ سب گھر والے اس کو پیتے رہیں انشاء اللہ گھر کی فضاء بدل جائے گی اور گھر امن و سکون کا گہوارہ بن جائے گا۔

(7) میاں بیوی میں محبت:۔ بعد نماز عشاء میاں بیوی کے لئے اور بیوی میاں کے لئے 100 بار یَا وَدُوْدُ اور 41 بار سورۃ الکوثر پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ اللہ کے فضل سے دونوں قابل رشک محبت میں منسلک اور ہم خیال و ہم جذبات ہو جائیں گے گھر کی فضا پرسکون ہو جائے گا۔ صدق دل اور کامل یقین کے ساتھ دعا کریں۔ انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

نایاب حاضرات

از تحریر: خضر عباس بیاسی، راجن پور

سورہ کوثر: سورۃ کوثر وہ آیت ہے جس کی فضیلت کے بارے میں کسی بھی اِنسان میں وہ بصیرت ہی نہیں کہ اِس کی تعریف و تشریح کر سکے۔ یہ وہ فضیلت والی مقدس آیت مبارکہ ہے جو اُس وقت نازل ہوئی تھی جب کفار آپ کی اُولاد پر اعتراضات کر رہے تھے۔ آپ کی تو سب بیٹیاں ہیں اور نسل بیٹے سے چلتی ہے اِس لمحے یہ سورۃ مبارکہ نازل ہوئی۔ انا اعطینک الکوثر ''پس اپنے رب کی نماز پڑھا کریں اور قربانی دیا کریں'' ان شانئک ھو الابتر ''بے شک آپ ﷺ کا دُشمن ہی بے مراد ہے'' یہی وجہ ہے کہ اِس آیت مبارکہ کی فضیلت بے انتہاء ہے۔ یہ حاضرات اسی مبارک آیت کی ہے۔ اگر آپ نے مومن کی تمام شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے اِس حاضرات کو کیا تو یقیناً آپ اپنے ہر سوال کا جواب صدفی صد تسلی بخش پائیں گے۔ جس روز حاضرات کی ضرورت پیش آئے خود بھی غسل کریں اور بچے کو بھی جس کی عمر دس سے بارہ سال ہو جسے حاضرات کے لئے پہلے سے تیار کیا ہو، اِسے نہلا کر صاف اور پاکیزہ کپڑے زیب تن کر کے باوضو ہو کر ایک دوسرے کے رُوبرو بیٹھیں اِس حاضرات کو دو طریقے سے آپ کر سکتے ہیں۔ ناخن پر بھی اور نقش کے ذریعے بھی۔ پہلے آپ کو نقش کے ذریعے حاضرات نکالنے کے طریقے سے آگاہی دیتے ہیں۔

۷۸۶

۹۱۹	۹۱۴	۹۲۱
۹۲۰	۹۱۸	۹۱۶
۹۱۵	۹۲۲	۹۱۷

بحق سورۃ کوثر حاضر شو حاضر شو

اِس مقدس نقش کو کسی سفید کاغذ یا گتے پر بنائیں اور سیاہ مقام پر تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے کو اِس خانے پر نظریں مرکوز کرنے کیلئے کہیں۔ پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور پھر معمول پر سورۃ کوثر پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ سورۃ کوثر اِس وقت تک پڑھتے رہیں اور بچے پر پھونکتے رہیں جب تک حاضرات کا نزول شروع نہ ہو جائے۔ جب بچہ یہ تصدیق کر دے کہ حاضرات کا نزول ہو رہا ہے تو آپ سب سے پہلے اپنا اور بچے کا سلام عرض کریں اور اِس کے بعد جو بھی آپ کا مدعا ہو بیان کریں۔ جب آپ کے تمام سوالوں کے جوابات تسلی بخش موصول ہو جائیں تو آپ شکریہ کے ساتھ سلام عرض کر کے رخصت کریں۔

ناخن پر حاضرات: بچے کو پاک و صاف کپڑے پہنا کر اِس کے کپڑوں پر عطر لگائیں اور کمرے کو بھی خوشبو سے معطر کریں۔ اِس کے لئے آپ کوئی اچھی خوشبو والی اگربتیاں سلگائیں۔ بچے کو اپنے سامنے بیٹھا کر اِس کے دائیں ناخن پر کاجل لگائیں۔ اور اُس پر ہلکا سا عطر بھی لگائیں اور بچے کو اُس ناخن پر کاجل میں دیکھنے کو کہیں۔ گیارہ بار پہلے درود شریف اور پھر گیارہ بار سورۃ کوثر پڑھ کر دم کریں۔ تھوڑی دیر بعد ہی حاضرات کا نزول شروع ہو جائے گا۔ لیکن حاضرات سے پہلے تھوڑی سی شیرینی پر سورۃ کوثر کے موکلوں کی نیاز دلا کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

طریقہ زکاۃ: اگر آپ عامل بننا چاہتے ہیں تو آپ نوچندی جمعرات کو کسی پاک صاف گوشہ تنہائی میں اِس چلے کا اہتمام کریں۔ اکیس (**21**) روز تک اِسی جگہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ پہلے نبی پاک ﷺ اور تمام انبیاء علیہم السلام و اولیاء کرام کی نیاز دیں۔ انہیں ایصال ثواب پہنچا کر پھر سورۃ کوثر کے موکلوں کی فاتحہ دیں۔ گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور **14** دن روزانہ **131** کی تعداد میں پڑھیں اور ساتویں دن **130** کی تعداد میں اِس طرح کل تعداد **2754** پوری کریں۔ جس دن چلہ کا اختتام ہو اُس روز پہلے دو رکعت نماز شکرانہ ادا کریں اور اللہ ربّ العزت سے اپنے لئے گڑگڑا کر دُعا مانگیں۔ پھر پہلے نبی پاک ﷺ تمام انبیاء کرام علیہ السلام اور اولیاء کرام کی نیاز دیں اور شیرینی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اگر آپ صوم و صلوٰۃ کے پابند اور متقی ہیں تو بغیر زکاۃ کے بھی حاضرات کا عمل کر سکتے ہیں لیکن ایمان کامل یقین محکم ہونا ضروری ہے۔ عامل حضرات جو سورۃ کوثر کے عامل ہیں خود بھی یہ حاضرات دیکھ سکتے ہیں۔ اُس کیلئے سورۃ کوثر اکیس مرتبہ پڑھیں اور اپنے ذہن اور قوت ارادی کو اِس سیاہ خانے پر مکمل طور پر مرکوز رکھیں۔ انشاء اللہ صدفی صد کامیابی ہوگی۔

محمدؐ وآلِ محمدؐ کا فیض

از تحریر: زوار حکیم محمد ابصار حیدر (حیدری)، تلہ گنگ

يَلُوحُ الخَطُّ فِي القِرْطَاسِ دَهْرًا وَكَاتِبُهُ رَمِيمٌ فِي التُّرَابِ

ترجمہ:۔ تحریر باقی رہ جاتی ہے اور لکھنے والا مٹی میں مل جاتا ہے۔

محترم قارئین وعالمین:۔ السلام علیکم تحفہ یا علی علیہ السلام مدد

سب سے پہلے خالقِ کائنات کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے ہم خوش نصیبوں کو محمدؐ وآل محمدؐ کی شدید محبت اور مؤدت جیسی انمول نعمت اور نہ رائیگاں ہونے والی نایاب دولت سے نوازا۔ یہ وہ نعمت ہے جو ہر کسی کو نصیب نہیں۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اللہ تعالیٰ واجب العزت جناب سید انتظار حسین زنجانی صاحب کو مع خاندان اور معاونین کو ہمیشہ سلامت رکھیں آمین بحق رحمت العالمینؐ جن کی محبتوں اور کاوشوں سے بندہ ناچیز آپ کی زیارتوں سے بذریعہ تحریر مشرف ہو رہا ہے۔ دیکھیں انسان مرجاتا ہے یعنی خاک میں خاک ہوجاتا ہے مگر تحریریں زندہ رہتی ہیں نہ جانے کس موڑ پر سانسوں کی تسبیح ٹوٹ جائے۔ بظاہر تو مومن مرجاتا ہے مگر ان لوگوں کے لئے جو الفتِ محمدؐ اور معرفتِ محمدؐ وآل محمدؐ سے دور ہیں۔ آج پہلی مرتبہ مومنین کرام کے لئے چند آزمودہ تحائف پیش ہیں قبول فرما کر دعاؤں میں یاد رکھیں۔

نمبر 1:۔ **ایڑھی کا درد**:۔ اکثر خواتین کے فون آتے ہیں کہ پاؤں کی ایڑھی میں شدید درد رہتا ہے۔ ان کے لئے عرض ہے کہ جس ایڑھی میں درد ہو وہاں ۵۰۰۷۰۳۰ ۰۰۴ تین مرتبہ لکھیں اور اُلٹے یعنی پیچھے کی طرف 17 قدم چلیں یہ عمل 17 دن تک مسلسل کریں انشاء اللہ شفا ملے گی نیز جن کو موٹاپا زیادہ ہو وہ اُلٹے 7 قدم 49 دن تک چلیں مہرے کے درد سمیت پیٹ بھی اڑھائی انچ تک پیچھے ہوجائے گا۔ آزمائش شرط ہے۔

نمبر 2:۔ **تعویز خاک معلی**:۔ محسنِ کبریا شہید اعظم حضرت امام حسین علیہ السلام کی بنائی ہوئی ''معلی'' جسے کربلا کہتے ہیں کی مٹی جو کہ باعث شفا ہے شب جمعۃ المبارک خالص آب زم زم میں خاک شفا ڈال دیں نماز مغربین سے فارغ ہو کر زیارتِ حضرت مولا امام حسین علیہ السلام تلاوت فرمائیں اس کے بعد دو رکعت نماز نفل زیارت امام حسین علیہ السلام قائم کر کے دعا مانگ کر مصلّے پر مندرجہ ذیل نقش آب زم زم خالص اور خاک شفا سے بالکل لال یا بالکل سفید کاغذ پر تحریر کریں۔ نیچے اپنا مقصد لکھیں اور پھر مسلسل 7 جمعہ کی شب زیارت امام حسین علیہ السلام تلاوت فرما کر دو رکعت نفلِ زیارت پڑھنے کے بعد دعا کے وقت نقش ہاتھوں کے غلاف میں رکھ کر دعا مانگیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ
رزق حلال و شفا اَرسال شُد	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	مددی و کرمی وَ کُل امور حل شد
	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	
یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ	یامولا ماحسینؑ

نام مع والدہ

یہ نقش سبز رنگ کے کپڑے میں ڈال کر سامنے والی جیب میں رکھیں نیز یہی نقش ہر قسم کے روحانی وجسمانی مریض کو اسی طریقہ سے لکھ کر 21 دن پینے کے لئے دیں۔

بچیوں کے رشتوں کے مسائل:۔ یہ نقش سبز ریشمی کپڑے پر لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ اور روزانہ اوّل وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف 3 وقت سورۃ ممتحنہ 1 مرتبہ پڑھیں۔

۷۸۶/۹۲/۱۱۰

۲۵۳۳۷	۲۵۳۴۰	۲۵۳۴۳	۲۵۳۳۰
۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۱	۲۵۳۳۶	۲۵۳۴۱
۲۵۳۳۲	۲۵۳۴۵	۲۵۳۳۸	۲۵۳۳۵
۲۵۳۳۹	۲۵۳۳۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۴۴

نام مع والدہ فلاں بنت فلاں کا بخت کشادہ شُد بحق محمدؐ وآل محمدؐ

نیز:۔ 2 رکعت نماز نفل بی بی سین صغریٰ بنت حضرت امام حسین علیہ السلام بجا لیں برائے شادی۔

دردِ شقیقہ

یہ درد سر کے کسی آدھے حصہ میں ہوتا ہے۔ عموماً برج حمل اور برج عقرب کے لوگوں کو یہ درد زیادہ تر ہوتا ہے اس درد میں کبھی قے اور متلی بھی ہوتی ہے۔ یہ درد سورج جوں جوں اپنی کرنیں زمین پر ڈالتا ہے یہ درد اُتنا ہی تیز ہوتا ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرائیں۔

ھو الشافی:۔ دھنیا 3 گرام، اسطوخودوس 3 گرام، اور کالی مرچ 5 عدد سفوف بنا کر صبح سورج نکلنے سے پہلے استعمال کریں۔ اگر دن کو درد ہو تو کمرے میں لائٹ بجھا کر یعنی بالکل اندھیرے میں ایک چٹکی پانی سے استعمال کریں ساتھ اطریفل زمانی آدھا چمچ رات سونے سے پہلے اور اطریفل اسطوخودوس 7 گرام سوتے وقت استعمال کریں۔ لائٹ بجھانے کا مقصد یہ ہے کہ زحل اور مریخ زیادہ تر لڑائی جھگڑا، ذہنی پریشانی اور مسائل اور دماغی بیماریوں سے متعلق ہیں اور زحل و مریخ کے اثرات روشنی میں زیادہ ہوتے ہیں اس لئے اندھیرا میں دوا لینا بہت مؤثر ثابت ہے۔ میرے والد محترم زوار حکیم اشفاق حیدر (حیدری) صاحب جن کو 50 سال حکمت (طب نبویؐ) کی پریکٹس کرتے ہوئے ہو گئے ان کے تجربہ میں یہ نسخہ اور لائٹ بجھا کر دوا لینے والی ترکیب تقریباً 27 سال سے ہے جس کے نتائج 110% سے بھی زیادہ مل رہے ہیں، بے شک شفا منجانب اللہ تعالیٰ اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کی مرضی سے ہے، اس نسخہ کو سفوف اسطوخودوس کہتے ہیں۔ اطریفل سے مراد تین پھل آملہ، بہیڑہ اور ہرڑ ہیں، اسطو خودوس کو جاروب دماغ یعنی دماغ کا جھاڑو بھی کہتے ہیں۔

نیز:۔ پورے سر کے درد اور دردِ شقیقہ کے لئے مندرجہ ذیل نقش اسی ترتیب سے سبز ٹاکی میں باندھ کر سر پر ماتھے پر رکھیں انشاء اللہ نقش باندھتے ہی درد غائب ہو جائے گا۔ حسب توفیق سبز رنگ کی مٹھائی بچوں میں لازماً تقسیم کریں۔

حُب کے لئے:۔ روزانہ ایک تعویز سرخ کپڑے میں لپیٹ کر چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف ہو۔ انشاء اللہ بہت جلد کامیابی حاصل ہوگی۔

نوٹ:۔ یہ عمل صرف اور صرف جائز محبت کے لئے ہے۔ عمل کُل 3 دن مغرب اور عشاء کے درمیان کریں۔

پہلا دن	ااااا ططط ااا د ر ہ ھ
	الحب فلاں بنت فلاں علیٰ حُب فلاں بن فلاں
دوسرا دن	اااا اط ہ و ط م ح م ااا ھ ہ ی
	الحب فلاں بنت فلاں علیٰ حُب فلاں بن فلاں
تیسرا دن	اا ااا ط ہ اااا ھ ع ااا ھ ہ ی
یہ جلائیں	الحب فلاں بنت فلاں علیٰ حُب فلاں بن فلاں

شوہر گھر لے جائے:۔ اگر شوہر ناراضگی کی وجہ سے بیوی کو گھر نہ لیکر جاتا ہو تو یہ نقش عورت اپنے پاس رکھے۔

۱۱۰ / ۹۲ / ۷۸۶

۲۸	۱۹	۱۳
۱۳	۲۸	۱۹
۱۹	۱۳	۲۸

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یا اللہ مددی و کرمی و محبت کثیر ارسال شُد

بحق یا احدُ یا واحدُ یا وحید بحق محمد و آلِ محمد

نیچے شوہر کا نام مع والدہ لکھیں

یہ نقش کوئلوں پر گوگل ڈال کر نقش اوپر رکھ دیں اور مطلوب یعنی شوہر کی تصویر کو دھواں دیں اگر تصویر نہ ہو تو نیچے شوہر کا نام مع والدہ لکھیں۔

۳۰۹	۴۹۶	۹۷
۵۰۲	۱۰۳	۴۰۶

آخر میں دُعا ہے مولا پنجتن پاکؑ امام زمانہؑ کے صدقہ سے خاندانِ زنجانی کو ہمیشہ خوش و خرم رکھیں آمین۔ ماہر عملیات جناب سرفراز احمد کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب ہو۔ تمام قارئین و عاملین بندہ ناچیز سمیت سدا اسلامت رہیں سوائے غم شبیرؑ کے دُنیا کا کوئی غم نہ ملے۔ آمین

عنایاتِ محمدؐ و آلِ محمدؐ

از تحریر: سید فیضان رضا نقوی، سیالکوٹ

محمدؐ و آلِ محمدؐ کے فیضیاب گھرانے سے ہر خاص و عام نے جھولیاں بھری ہیں۔ ان کا فیض تا قیامت جاری رہے گا۔ شرط محبتِ محمدؐ و آلِ محمدؐ ہے۔

شاہ مدینہ یثرب کے والی
سارے نبی تیرے در کے سوالی

اس در سے فرشتے بھی فیضیاب ہوئے اور انسان تا قیامت فیض حاصل کرتے رہیں گے۔ چند اعمال جو آلِ محمدؐ نے تعلیم فرمائے ہیں عمل کریں اور فیضیاب ہوں۔

1۔ حضرت غازی عباس ابن حضرت علی علیہ السلام کا تعلیم کردہ عمل حاضر ہے۔ آزمائیں اور مالا مال ہو جائیں تجربہ شرط ہے۔

ماہ شعبان کے یا ماہ رمضان کے آخری جمعہ کو اس نقش کو تیار کرکے پاس رکھیں۔ غربت و افلاس دور ہو۔ جیب اور بٹوہ کبھی مال سے خالی نہ ہوں۔

حوالہ جات:۔ آیات نمبر سورۃ تغابن نمبر **16-17** اعراف نمبر **10**

2۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا عطیہ کبھی کوئی چیز گم ہو جائے تو درج ذیل عمل کریں کاغذ پر سورۃ عبس لکھیں اس کے نیچے یہ طلسم بھی لکھیں۔ لکھ کر مٹی کے کورے کوزے کے اندر پاک پانی ڈال کر اس میں اس نقش کو ڈال دیں۔ گھر میں اس پانی کو شمال، جنوب، مشرق اور مغرب کی طرف چھینٹے لگائیں۔ انشاء اللہ گم شدہ اشیاء آپ کو مل جائے گی۔

طلسم:۔

بحوالہ:۔ (تحفہ رضویہ صفحہ **294**)

3۔ مرحوم عبدالمطلبؒ نے "الواح الجواہر" میں لکھا ہے کہ اگر کوئی انسان گم ہو جائے۔ یا فرار ہو جائے یا کوئی شے گم ہو جائے تو ان کی واپسی کے لئے درج ذیل عمل کریں۔

مرغی کے انڈے پر درج ذیل نقش لکھ کر چولہے میں آگ کے نیچے دفن کریں۔ انڈے پر اس چیز کا نام یا گم ہو جانے، فرار ہونے والے انسان کا نام معہ والدہ لکھیں۔ آج کل گیس کے چولہے جلائے جاتے ہیں۔ لہٰذا ایک ڈبہ لے کر اس میں انڈہ رکھ دیں۔ ریت کو توے پر گرم کرکے انڈے کو اس میں چھپا دیں۔ پھر بھی یہ عمل سرانجام پا جائے گا۔

آیت نمبر **16** سورۃ لقمٰن بحوالہ:۔ (کلیات مجمع الدعوات **197**)

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ

مِنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ

يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ

جبرائیل — میکائیل

ب	ط	٤
وز	ھ	ج
و	٠	ا

4۔ مرحوم عبدالمطلبؒ نے (کلیات مجمع الدعوات صفحہ **205**) پر لکھا ہے کہ جس سامان/ اناج میں یہ نقش رکھا جائے یا گھر میں رکھا جائے یا جائے کاروبار میں رکھا جائے وہاں چوری نہ ہوگی نہ ہی آگ لگے گی نہ تلف ہوگی گھر میں کاروباری جگہ پر یا جس کی حفاظت مقصود ہواس پر **111** مرتبہ کلام پاک پڑھ کر دم بھی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو محفوظ رکھے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ یَاذَوالْجَلَالِ وَالْاِکرام صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ علیہ السلام مُحَمَّدٍ وَاَحْفِظْنِی وَمَالِی بحق مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وَ آلِ علیہ السلام مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ ط

5۔ مرحوم سقازادہ وعظؒ نے (سرِ المُستر صفحہ **37**) پر لکھا ہے کہ خلق خدا کی نظروں میں محبوب ہونے کے لئے، وسعت رزق کے لئے، جان و مال کی حفاظت کے لئے، شرف قمر میں اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے عین شرفات کے دوران لکھیں۔ نقش پر سنہری ابری چڑھالیں نقش کو خوشبو عطر گلاب لگائیں۔

قول — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا جبرائیل — له

یا اسرافیل | یا عزرائیل

ذٰلِكَ (15)	تخفِیفُ (2)	مِن رَبِّکُمِ (9)	عَلِیم الحکیم (8)
نورُ (5)	مکرم دائم (12)	قیّ یا غَنِیُ (3)	حَیُّ خالِقُ (14)
باسط مغنی (4)	نورفوق کل نور (13)	یَامُتِبرُ (6)	ولی رازق (11)
مُیسِّر جلی (10)	بُرھان (7)	یافتاح یامقصود (16)	غائب مومن (1)

ولی — ه

پروردگار اسمائے اعظم کے صدقے میں
حامل لوح کو محبوب خلق فرمادے۔ روزی سے مالا مال فرما

بقیہ (چہرہ علی کو دیکھنے کا ثواب)

مجھے تو نہیں معلوم کہ میں نے کون سا کام انجام دیا ہے؟ سوائے اس کے کہ میں اپنے گھر سے مزدوری کے لئے نکلا تھا اور اس سے دیر ہوگئی تھی اور مجھے یہ خوف تھا کہ وہ ضائع ہو چکی ہے میں نے اپنے آپ سے کہا کہ چلو اس کے عوض میں علی علیہ السلام ابن ابی طالب کی زیارت کرتا ہوں کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا تھا کہ علی علیہ السلام ابن ابی طالب کے چہرے کی طرف نظر کرنا عبادت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اللہ کی قسم یہ بہت بڑی عبادت ہے، اے بندہ خدا یہ کتنی بڑی عبادت ہے کہ تو گھر سے نکلا تھا کہ دینار و درہم کمائے تا کہ ان سے اپنے خاندان و عیال کیلئے رزق و قوت حاصل کرنے اور ان کو ضائع کر چکا تھا اور اس کا عوض قرار دیا علی علیہ السلام ابن ابی طالب کے چہرے کی زیارت کو اور تو ان کے محب اور ان کی فضیلت کا قائل و معتقد بھی ہے اور یہ تیرا کام بہتر و خیر ہے تیرے لئے اس سے کہ پوری دنیا تیرے لئے سرخ سونے سے بھر دی جائے اور وہ تو راہ خدا میں خرچ کرے اور تو ضرور ہر وہ سانس جو تو نے اس رستے سے چلتے ہوئے لی ہے اس کے بدلے میں ہزار گنہگاروں کی شفاعت کر سکے گا اور اللہ تیری شفاعت کی وجہ سے ان کو دوزخ کی آگ سے نجات دے گا۔ (امالی شیخ صدوقؒ جلد 2 صفحہ **91** تا **93**)

یہ ہے ثواب علی علیہ السلام کے چہرے کو دیکھنے کا، شاید اسی وجہ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسلسل چہرہ علی علیہ السلام کی طرف دیکھتے رہتے تھے۔ آج جبکہ ہمارے درمیان بظاہراً علی علیہ السلام ابن ابی طالب موجود نہیں ہیں ہم ان کے چہرے کی زیارت نہیں کر سکتے تو اس کا نعم البدل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمایا کہ "ذِکْرُ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ" علی علیہ السلام کا ذکر عبادت ہے یعنی علی علیہ السلام علی علیہ السلام کرنا بھی وہی ثواب رکھتا ہے جو ثواب علی علیہ السلام کے چہرے کی طرف دیکھنے سے ملتا ہے۔ اسی مناسبت سے ذکر کرتا جاؤں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، قرآن کو دیکھنا عبادت ہے، والدین کی طرف دیکھنا عبادت ہے، کعبہ کو دیکھنا عبادت ہے، پھر فرمایا: اَلْقُرآنُ مَعَ عَلِیٍّ وَ عَلِیٌّ مَعَ الْقُرْآن کہ قرآن علی علیہ السلام کے ساتھ اور علی علیہ السلام قرآن کے ساتھ ہے۔ پھر فرمایا میں اور علیؑ اس اُمت کے باپ ہیں۔

زید بن ثاقب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص علی علیہ السلام کی زندگی میں اور اُن کی موت کے بعد اُن سے محبت کرے گا تو اللہ اس کیلئے قیامت تک کیلئے امن و ایمان کو لازم قرار دے گا اور جو شخص علی علیہ السلام کی زندگی اور موت کے بعد اُن سے دشمنی رکھے گا وہ جاہلیت کی موت مرے گا اور قیامت کے دن اُس کا سخت محاسبہ کیا جائے گا۔

بلڈ پریشر کا مجرب علاج

ازتحریر: ڈاکٹر دلشاد احمد، خانیوال

پرھیز اور غذا

1- نمک اور چکنائی کا استعمال نہ کریں۔ 2- غصہ اور مرغن غذاؤں سے ہرممکن پرہیز کریں۔ 3- صبح کی سیر اس مرض کا فطری علاج ہے۔ اس لئے کم از کم 1 گھنٹہ صبح کی سیر ضروری ہے۔ 4- آملہ کا استعمال لازمی کریں۔ مربہ آملہ کھائیں یا کسی اور شکل میں۔ 5- بناسپتی گھی بند کریں۔ کوکنگ آئل استعمال کریں۔

علاج:۔ الیکٹرو ہومیوپیتھی طریقہ علاج میں ایک نیلی بجلی کے نام سے دوا ملتی ہے۔ صرف دل پر لگا دیں۔ فوری افاقہ ہوگا۔

نسخہ:۔ تخم کاہو، چوب چینی، گل نیلوفر، زیرہ سفید، مرچ سیاہ، اسرول، اجوائن خراسانی، گل سرخ، سونف ہر دوا ہم وزن لیکر سفوف بنائیں۔ سوتے وقت آدھی چائے والی چمچی پانی سے کھائیں۔ تیار شدہ دوائی بھی دستیاب ہے۔

روحانی علاج

1- درود شریف 11 بار + سورۃ فاتحہ 7 بار + سورۃ یٰسین 1 بار پڑھ کر لہسن پر دم کر کے کھائیں۔

2- عرق گلاب گھر میں کشید کریں یا پھر بازار سے خرید کر عرق گلاب کی بوتل پر 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور اسکا پانی تین یا پانچ دن میں وقفہ وقفہ سے پئیں افاقہ اور صحت پائیں۔

بلڈ پریشر سے نجات

ہائی بلڈ پریشر کو انسان کا خاموش دشمن کہا جاتا ہے یہ ایک بہت عام مرض ہے مگر خطرناک ہے۔ جب یہ بیماری شروع ہوتی ہے تو مریض کو کوئی نقصان نہیں ہوتا لیکن عرصہ بعد یہ بدن میں پیچیدگیاں پیدا کر دیتی ہے۔ مثلاً امراض دل، گردوں کی بیماریاں اور فالج کی بیماری وغیرہ۔

علامات:

1- سر درد رہنا۔ 2- پیشاب کا زیادہ آنا۔ 3- نیند کم آنا۔ 4- دل کی دھڑکن تیز ہونا۔ 5- زیادہ شدت مرض میں بے ہوش ہونا۔ 6- متلی اور قے ہونا۔ 7- طبیعت بے چین رہنا۔ 8- نظر کی خرابی۔ 9- بے چینی اور گھبراہٹ۔

بلڈ پریشر کے بڑھنے کی وجہ سے دل کی تکلیف بڑھنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لئے بلڈ پریشر کو کنٹرول میں رکھیں۔ نارمل بلڈ پریشر 120/80 mm Hg سے لے کر 150/90 ہوتا ہے۔

وجوھات

1- خون کی نالیوں کا تنگ ہو جانا۔ 2- خون میں کولیسٹرول کا بڑھ جانا۔ 3- خون میں مادوں کا جمع ہو جانا اور شریانوں کا تنگ ہو جانا۔ 4- تمباکو نوشی کرنا۔ 5- موٹاپا۔ 6- شوگر کا مرض۔ 7- امراض گردہ کی وجہ سے۔

ازتحریر: امتیاز علی، حیدرآباد

اسلام علیکم یا علی مدد! تمام مومنین و مومنات آئینہ قسمت کے لئے ایک مجرب و قرآنی سورۃ یٰسین کا عمل حاضر خدمت ہے۔ یہ عمل راز سینہ ہے اور تنہا خاص ہے سورۃ یٰسین قرآن مجید کی دل ہے اس کا نقش مبارک بڑے معجزات کرشمات و اثرات رکھتا ہے۔ اس کے لاتعداد فوائد ہیں جو کہ لکھنے سے باہر ہیں۔

یہ نقش مبارک اپنی مثال آپ ہے ہر کام کے لئے جلد اثر دکھاتا ہے بہت سارے لوگ حضرات و خواتین فیض حاصل کر چکے ہیں۔

طریقہ:۔ اس نقش مبارک کو مکمل پاکی و صفائی کے ساتھ قوائد عملیات کے مطابق کی سعد وقت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے رکھیں۔

مختصر فوائد:۔ ہر قسم خطرناک امراض سے نجات، سحر جادو، آسیب، نظر بد سے نجات، حادثہ ایکسیڈنٹ سے حفاظت، ملازمت کا ملنا، ترقی کاروبار، ترقی دولت، قرضہ سے نجات م، عزت، شہرت محبت کا ملنا، شادی نکاح کا ہونا، اولاد کی تمنا، گھریلو جھگڑوں سے نجات، میاں بیوی میں محبت، امتحان میں کامیابی، افسران بالا میں کرخروئی، مخالفین پر رُعب و دبدبا قائم کرنا، گولی، بم، بندوق، تیر، تلوار سے حفاظت، تسخیر خلق، امن امان و سکون کا ملنا وغیرہ۔ **نقش**

۷۸۶

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۷	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۰	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۰
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۵۹

عرب کی دھوپ، تپتا ہوا ریگستان اور دوپہر کا وقت ساری قیامتیں ایک ساتھ جمع ہوگئی تھیں۔ قافلے والے پیاس کی شدت سے جاں بلب تھے۔ انہیں یقین ہو چلا تھا کہ اب وہ چند گھڑی کے مہمان ہیں۔

اسی عالم یاس میں انہیں بہت دور ایک پہاڑ کے دامن سے گزرتے ہوئے چند ناقہ سوار نظر آئے۔ سردار قافلہ نے کہا! اونٹوں کی رفتار بتا رہی ہے کہ یہ حجاز کے نخلستان سے آرہے ہیں۔ جانے کیوں میرا دل گواہی دے رہا ہے کہ یہ لوگ ہماری بجھی ہوئی زندگی کی امیدگاہ بن کر طلوع ہوئے ہیں۔ اپنی بکھری ہوئی قوتوں کو سمیٹ کر انہیں آواز دو۔ شاید ہماری چارہ گری ان ہی کے ہاتھ پر مقدر ہوگئی ہو۔ اپنے سردار کے حکم کے مطابق قافلے کے تمام چھوٹے بڑے افراد نے ایک ساتھ انہیں بلند آواز سے پکارا، خوشا نصیب کے سلطان حجاز کے گوش مبارک تک یہ آواز پہنچ گئی۔ سردار دوست مدار نے اپنے صحابہ سے ارشاد فرمایا! یہ عربی قبائل کا کوئی مصیبت زدہ کارواں معلوم ہوتا ہے، چلو اس کی اعانت کریں، بادصبا کی طرح تیز تیز قدم اٹھاتے ہوئے ان کے قریب پہنچے پیاس کی شدت سے وہ تمام بے حال ہو رہے تھے، ناقہ سواروں میں ایک چمکتا ہوا چہرہ دیکھ کر وہ چیخ اُٹھے،" اے رحمت ونور والے! ہم پیاس کی شدت سے جاں بلب ہیں تمہارے چھاگل میں پانی کے چند قطرے ہوں تو ہمارے حلق تر کر دو۔"

سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تسلی دیتے ہوئے ارشاد فرمایا! اس پہاڑ کی دوسری جانب ایک حبشی نژاد غلام اپنی ناقہ (اونٹنی) پر پانی کی ایک مشک لئے جا رہا ہے اس سے جا کر کہو کہ چل تجھے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آخرالزماں بلا رہے ہیں۔ فوراً قافلے سے ایک شخص دوڑتا ہوا پہاڑ کی دوسری طرف روانہ ہوگیا۔ کچھ ہی فاصلے پر اسے ایک حبشی نژاد ناقہ سوار نظر آیا اس نے اسے آواز دیکر روا اور سرکار نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام پہنچایا۔

سرکار کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سنتے ہی وہ ٹھٹھک کر رک گیا اور اپنی سواری سے اُتر آیا۔ اب اپنے ہاتھ سے اُونٹنی کی مہار تھامے ہوئے وہ پا پیادہ اس کے پیچھے پیچھے چل پڑا۔ جیسے ہی اُس کی نظر سرکار کریم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ نور پر پڑی اس کے دل کی دُنیا ہی بدل گئی ایک ہی جلوے میں وہ کاکل و رخ کا اسیر ہو کے رہ گیا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا! "تیرا پانی کم نہیں ہوگا ان پیاسوں پر اپنی مشک کا منہ کھول دے! اللہ تجھے روشن کرے۔"

اب وہ اپنے آپ میں نہیں تھا، سرکار کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تعمیل کیلئے بے ساختہ اس کے ہاتھ اُٹھے اور اس نے مشک کا منہ کھول دیا۔ آبشار کی طرح پانی کا دھارا گر رہا تھا اور قافلے والے سیراب ہو رہے تھے۔ جب سارے اہل قافلہ سیراب ہو چکے تو سرکار کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا اب مشک کا منہ بند کر لے۔ مشک کا منہ بند کرتے ہوئے اسے سخت حیرت ہو رہی تھی کہ کئی مشک پانی بہہ جانے کے بعد بھی اس کی مشک کا ایک بوند پانی کم نہیں ہوا تھا۔ شیفتہ جمال تو پہلی ہی نظر میں ہو چکا تھا۔ اب یہ کھلا ہوا معجزہ دیکھ کر وہ اپنے جذبہ شوق کو دبا نہیں سکا۔ بےخودی کے عالم میں چیخ اُٹھا! "میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے سچے رسولؐ ہیں۔ سرکار کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعائیں دیتے ہوئے اس کے چہرے پر رحمت و کرم کا ہاتھ پھیرا اور اسے رخصت کر دیا۔

حبشی غلام کا آقا پانی کی مشک کا بہت دیر سے منتظر تھا۔ جوں ہی دور سے اپنی آتی ہوئی اونٹنی پر نظر پڑی خوشی سے اس کا چہرہ کھل اُٹھا لیکن جوں جوں اونٹنی قریب ہوتی جا رہی تھی اس کا استعجاب بڑھتا جا رہا تھا اسے حیرت تھی کہ اونٹنی اسی کی ہے مشک بھی اسی کی ہے لیکن سوار اجنبی ہے۔ آخر اس کا اپنا حبشی غلام کہاں گیا۔ جب اونٹنی بالکل قریب آگئی تو آقا دوڑتا ہوا آیا۔ اور اس اجنبی شخص سے دریافت کیا تو کون ہے؟ میرا وہ حبشی غلام کہاں گیا مجھے ایسا لگتا ہے کہ تو نے اسے قتل کر کے میری اونٹنی پر قبضہ کر لیا ہے۔ سوار نے اظہار حیرت کرتے ہوئے جواب دیا۔ ہائے افسوس! آج آپ کو کیا ہوگیا ہے۔ اپنے قدیم غلام کو بھی آپ نہیں پہچانتے آپ کا غلام تو میں ہی ہوں۔ اور آپ کا کون غلام ہے۔ آقا نے غضب ناک ہو کر جواب دیا۔ مجھے فریب دیتے ہوئے تجھے شرم نہیں آتی، میرا غلام حبشی نژاد تھا۔ اس کے چہرے پر یہ سفید نور کہاں تھا؟ اب جو آئینہ میں اُس نے اپنا چہرہ دیکھا تو عالم بے خودی میں رقص کرنے لگا، جذبات کی والہانہ رفتگی میں سرشار ہو کر اس نے اپنے آقا سے کہا! یقین کرو میں ہی تمہارا وہی غلام ہوں، اعتبار نہ ہو تو مجھ سے اپنے گھر کے سارے حالات پوچھ لو، رہ گئی میرے چہرے کی یہ چاندنی تو یہ برکت ہے نخلستانِ عرب کے اس پیغمبر کی۔ جس کے چہرہ زیبا کا عکس دل ہی کو نہیں چہرے کو بھی روشن کر دیتا ہے۔

آج نور کے دریا میں نہا کر آرہا ہوں۔ پہاڑ کی ایک وادی میں ان کی زیارت سے شاد کام ہوا۔ دم رخصت انہوں نے اپنے نورانی ہاتھ میرے چہرے پر مس کر دیئے تھے۔ اسی کی برکت سے میرے چہرے کی سیاہی چمکتی ہوئی سفیدی میں بدل گئی۔ آقا نے یہ کیفیت معلوم کر کے غلام کی پیشانی چوم لی اور وہ بھی دولتِ ایمان سے مالا مال ہوگیا۔

چہرہ علی علیہ السلام کو دیکھنے کا ثواب

از تحریر: محمد علی سلیمانی، ڈیرہ اسماعیل خان

مشکوٰۃ شریف جلد نمبر سوم صفحہ نمبر 243,242 پر رسول اللہ ﷺ سے ایک متواتر اور معتبر ترین روایت آرہی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے روز فرمایا کل یہ جھنڈا میں ایسے شخص کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ فتح دے گا۔ وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہے نیز اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس سے محبت رکھتے ہیں اگلے روز صبح کے وقت ہر آدمی یہی اُمید رکھتا تھا کہ جھنڈا اسی کو دیا جائے گا فرمایا علی بن ابی طالب کہاں ہیں؟

مختصر طور پر حدیث کا پہلا پیراگراف لیا گیا ہے۔ معلوم ہوا کہ 39 دن تک جو جو بھی خیبر فتح کرنے جاتا تھا نا کام واپس پلٹتا تھا۔ معیار خداوندی کچھ اور ہی تھا۔ جو کہ مولا علی علیہ السلام کے نام لکھا پڑا تھا۔ اب رسول اللہ ﷺ فرما رہے ہیں کہ اللہ و رسول ﷺ علی علیہ السلام سے محبت کرتے ہیں اور علی علیہ السلام اللہ و رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے۔ اب جو ہستی بیک وقت اللہ کی محبوب بھی ہو محمد مصطفیٰ ﷺ کی محبوب بھی ہو تو کسی بھی زمانہ میں کوئی بھی ہوتا قیامت جو جو بھی علی علیہ السلام سے دشمنی رکھے گا علی علیہ السلام سے بغض و عناد رکھے گا وہ صرف علی علیہ السلام کا دشمن ہی نہیں بلکہ اللہ و رسول ﷺ کا بھی دشمن ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے ''تحفہ اثنا عشریہ'' میں لکھا اور اقرار کیا کہ ''تمام اہلسنت اس بات پر متفق ہیں کہ کل اہل بیت علیہ السلام کی محبت ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض و لازم ہے بلکہ ارکانِ ایمان میں داخل ہے۔ (صفحہ 77، کید بست و چہارم)

مسلمانوں کے پہلے خلیفہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ محفلِ رسول ﷺ میں مسلسل چہرہ علی علیہ السلام کو تکتے رہتے تھے چنانچہ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ ایک دن میں نے اپنے باپ سے سوال کیا کہ آپ کیوں مسلسل چہرہ علی علیہ السلام کو دیکھتے رہتے ہیں؟ کہا، میں نے سُنا رسول اللہ ﷺ سے کہ علی علیہ السلام کے چہرہ کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ اِس وجہ سے میں علی علیہ السلام کے چہرہ کو دیکھتا رہتا ہوں۔ (اَلصواعِق مُحرّقہ، ابن حجر مکّی)

پس بتانا یہ چاہتا ہوں کہ امیر المومنین علی علیہ السلام کے چہرے کو دیکھنا کس قدر ثواب ہے؟ چنانچہ امالی شیخ صدوق ؒ میں سے اس کو بیان کیا جاتا ہے کہ ''ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ ایک مرد رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، یا رسول ﷺ، آپ ﷺ کو پتہ ہے کہ فلاں شخص نے دریا کے ذریعہ چین کا سفر کیا ہے اور تھوڑا سامان اپنے ساتھ لے کر گیا تھا اور بہت جلدی واپس بھی آ گیا ہے اور بہت زیادہ منافع کما کر واپس آیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دُنیا کا مال جتنا بھی زیادہ ہو وہ اپنے مالک کیلئے مصیبت اور بلا میں گرفتار کرتا ہے۔ زیادہ مال پر رشک نہیں کرنا چاہئے مگر اس مال پر جو راہ خدا میں خرچ کیا جائے لیکن کیا میں تم لوگوں کو ایسے شخص کے بارے خبر دوں جو تمہارا ساتھی ہے اور مال کے اعتبار سے اس سے بہت کم ہے لیکن نفع اس نے بہت زیادہ کمایا ہے اور جو کچھ اس نے کمایا ہے وہ خزانہ خدا میں محفوظ ہے تمام نے عرض کی، کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ آپؐ نے فرمایا وہ مرد ہے جو تم لوگوں کی طرف آرہا ہے اس کی طرف دیکھو کہتے ہیں کہ ہم نے اس مرد کی طرف دیکھا تو ایک انصاری مرد ہے جس کا لباس پرانا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، یہی مرد ہے جو آج خیر اور اطاعت میں اس قدر اوپر چلا گیا ہے اگر یہ اپنے منافع کو تمام اہلِ زمین و آسمان میں تقسیم کر دے تو جو سب کو کم سے کم حصہ ملے گا وہ یہ ہے کہ اس کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے اور ان پر جنت واجب ہو جائے گی تمام نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ وہ کیا عمل ہے جو اس نے سرانجام دیا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا جاؤ خود اس سے سوال کرو، اصحاب رسول ﷺ اس کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سوال کیا کہ مبارک ہو آپ کو آپ کے بارے رسول اللہ ﷺ نے بشارت دی ہے۔ پس تم نے کون سا آج عمل سر انجام دیا ہے جس کی وجہ سے اتنا زیادہ ثواب لکھا گیا ہے اس شخص نے جواب دیا

بقیہ صفحہ نمبر 32

(اس میں ابتدائے آفرینش زمین وآسمان اور پیدائش آدم علیہ السلام کا ذکر فرمایا ہے)

تمام حمد اس اللہ کے لئے ہے، جس کی مدح تک بولنے والوں کی رسائی نہیں، جس کی نعمتوں کو گننے والے گن نہیں سکتے۔ نہ کوشش کرنے والے اس کا حق ادا کر سکتے ہیں، نہ بلند پرواز ہمتیں اسے پا سکتی ہیں نہ عقل وفہم کی گہرائیاں اس کی تہہ تک پہنچ سکتی ہیں۔ اس کے کمال ذات کی کوئی حد معین نہیں۔ نہ اس کے لئے توصیفی الفاظ ہیں نہ اس (کی ابتداء) کے لئے کوئی وقت ہے، جسے شمار میں لایا جا سکے، نہ اس کی کوئی مدت ہے جو کہیں پر ختم ہو جائے۔ اس نے مخلوقات کو اپنی قدرت سے پیدا کیا، اپنی رحمت سے ہواؤں کو چلایا، تھرتھراتی ہوئی زمین پر پہاڑوں کی میخیں گاڑیں۔ دین کی ابتداء اس کی معرفت ہے۔ کمال معرفت اس کی تصدیق ہے، کمال تصدیق توحید ہے۔ کمال توحید تنزیہ و اخلاص ہے اور کمال تنزیہ و اخلاص یہ ہے کہ اس سے صفتوں کی نفی کی جائے۔ کیونکہ ہر صفت شاہد ہے کہ وہ اپنے موصوف کی غیر ہے اور ہر موصوف شاہد ہے کہ وہ اپنے موصوف کی غیر اور ہر موصوف شاہد ہے کہ وہ صفت کے علاوہ کوئی چیز ہے۔ لہٰذا جس نے ذاتِ الٰہی کے علاوہ صفات مانے، اس نے ذات کا ایک دوسرا ساتھی مان لیا اور جس نے اس کی ذات کا کوئی اور ساتھی مانا اس نے دوئی پیدا کی جس نے دوئی پیدا کی، اس نے اس کے لئے جز بنا ڈالا اور جو اس کے لئے اجزا کا قائل ہوا وہ اس سے بے خبر رہا اور جو اس سے بے خبر رہا اس نے اسے قابل اشارہ سمجھ لیا اور جس نے اسے قابل اشارہ سمجھ لیا اس نے اس کی حد بندی کر دی اور جو اسے محدود سمجھا اور اسے دوسری چیزوں ہی کی قطار میں لے آیا جس نے یہ کہا کہ وہ کسی چیز میں ہے اس نے اسے کسی شے کے ضمن میں فرض کر لیا اور جس نے یہ کہا کہ وہ کس چیز پر ہے اس نے اور جگہیں اس سے خالی سمجھ لیں۔ وہ ہے، ہوا نہیں، موجود ہے مگر عدم سے وجود میں نہیں آیا۔ وہ ہر شے کے ساتھ ہے، نہ جسمانی اتصال کی طرح، وہ ہر چیز سے علیحدہ ہے، نہ جسمانی دوری کے طور پر، وہ فاعل ہے، لیکن حرکات وآلات کا محتاج نہیں، وہ اس وقت بھی دیکھنے والا تھا جب کہ مخلوقات میں کوئی چیز دکھائی دینے والی نہ تھی۔ وہ یگانہ ہے اس لئے کہ اس کا کوئی ساتھی ہی نہیں ہے کہ جس سے وہ مانوس ہو اور اسے کھو کر پریشانی ہو جائے۔ اس نے پہلے پہل خلق کو ایجاد کیا۔ بغیر کسی فکر کی جولانی کے اور بغیر کسی تجربہ کے جس سے فائدہ اُٹھانے کی اسے ضرورت پڑی ہو اور بغیر کسی حرکت کے جسے اس نے پیدا کیا ہو اور بغیر کسی ولولہ اور جوش کے جس سے وہ بے تاب ہوا ہو۔ ہر چیز کو اس کے وقت کے حوالے کیا۔ بے جوڑ چیزوں میں توازن وہم آہنگی پیدا کی، ہر چیز کو جداگانہ طبیعت و مزاج کا حامل بنایا اور طبیعتوں کے لئے مناسب صورتیں ضروری قرار دیں۔ وہ ان چیزوں کو ان کے وجود میں آنے سے پہلے جانتا تھا۔ ان کی حد و نہایت پر احاطہ کئے ہوئے تھا اور ان کے نفوس و اعضا کو پہنچانتا تھا۔ پھر یہ کہ اس نے کشادہ فضا، وسیع اطراف واکناف اور خلاء کی وسعتیں خلق کیں اور ان میں ایسا پانی بہایا، جس کے دریائے مواج کی لہریں طوفانی اور بحرِ زخار کی موجیں تہ بہ تہ تھیں اسے تیز ہوا اور تند آندھی کی پشت پر لادا۔ پھر اسے پانی کے پلٹانے کا حکم دیا اور اسے اس کے پابند رکھنے پر قابو دیا اور اسے اس کی سرحد سے ملا دیا۔ اس کے نیچے ہوا دور تک پھیلی ہوئی تھی اور اوپر پانی ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ پھر اللہ سبحانہ نے اس پانی کے اندر ایک ہوا خلق کی، جس کا چلنا بانجھ (بے ثمر) تھا اور اسے اس کے مرکز پر قرار رکھا۔ اس کے جھونکے تیز کر دیئے اور اس کے چلنے کی جگہ دور دراز تک پھیلا دی پھر اس ہوا کو مامور کیا کہ وہ پانی کے ذخیرے کو تھپیڑے دے اور بحرِ بےکراں کی موجوں کو اچھالے اس ہوا نے پانی کو یوں متھ دیا جس طرح دہی کے مشکیزے کو متھا جاتا ہے اور اسے ڈھکیلتی ہوئی تیزی سے چلی۔ جس طرح خالی فضا میں چلتی ہے اور پانی کے ابتدائی حصے پر اور ٹھہرے ہوئے کو چلتے ہوئے پانی پر پلٹانے لگی یہاں تک کہ اس متلاطم پانی کی سطح بلند ہوگئی اور وہ تہ بہ تہ پانی جھاگ دینے لگا اللہ نے وہ جھاگ کھل ہوا اور کشادہ فضا کی طرف اٹھائی اور اس سے ساتوں آسمان پیدا کئے۔ نیچے والے آسمان کو رکی ہوئی موج کی طرح بنایا اور اوپر والے آسمان کو محفوظ چھت اور بلند عمارت کی صورت میں اس طرح قائم کیا کہ نہ ستونوں کے سہارے کی حاجت تھی نہ بندھنوں سے جوڑنے کی ضرورت پھر اس ستاروں کی سج دھج اور روشن تاروں کی چمک دمک سے آراستہ کی اور ان میں ضوپاش چراغ اور جگمگاتا چاند رواں کیا جو گھومنے والے فلک چلتی پھرتی چھت اور جنبش کھانے والی لوح میں

ہے۔ پھر خداوندِ عالم نے بلند آسمانوں کے درمیان شگاف پیدا کئے اوران کی وسعتوں کو طرح طرح کے فرشتوں سے بھر دیا۔ کچھ اُن میں سربسجود ہیں جو رکوع نہیں کرتے، کچھ رکوع میں ہیں جو سیدھے نہیں ہوتے کچھ صفیں باندھے ہوئے ہیں جو اپنی جگہ نہیں چھوڑتے اور کچھ پاکیزگی بیان کر رہے ہیں جو اُکتاتے نہیں، نہ اُن کی آنکھوں میں نیند آتی ہے نہ اُن کی عقلوں میں بھول چوک پیدا ہوتی ہے نہ ان کے بدنوں میں سستی و کاہلی آتی ہے نہ اُن پر نسیان کی غفلت طاری ہوتی ہے ان میں کچھ تو وحی الٰہی کے امین، اُس کے رسولوں کی طرف پیغام رسانی کے لئے زبانِ حق اور اس کے قطعی فیصلوں اور فرمانوں کے لے کر آنے جانے والے ہیں، کچھ اُس کے بندوں کے نگہبان اور جنت کے دروازوں کے پاسبان ہیں، کچھ وہ ہیں جن کے قدم زمین کی تہہ میں جمے ہوئے ہیں اور اُن کے پہلو اطراف عالم سے بھی آگے بڑھ گئے ہیں۔ ان کے شانے عرش کے پایوں سے میل کھاتے ہیں۔ عرش کے سامنے ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہیں اور اس کے نیچے اپنے پروں میں لپٹے ہوئے ہیں اور ان میں اور دوسری مخلوق میں عزت کے حجاب اور قدرت کے سراپردے حائل ہیں۔ وہ شکل وصورت کے ساتھ اپنے رب کے تصور کو آخری تصور نہیں کرتے نہ اسے محل ومکان میں گھرا ہوا سمجھتے ہیں نہ اشباہ ونظائر سے اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

تمام حمد اس اللہ کے لئے ہے جو چھپی ہوئی چیزوں کی گہرائیوں میں اُترا ہوا ہے۔ اس کے ظاہر وہویدا ہونے کی نشانیاں اس کے وجود کا پتہ دیتی ہیں۔ گو دیکھنے والے کی آنکھ سے وہ نظر نہیں آتا پھر بھی نہ دیکھنے والی آنکھ اس کا انکار نہیں کرسکتی اور جس نے اس کا اقرار کیا اس کا دل اس کی حقیقت کو نہیں پاسکتا۔ وہ اتنا بلند وبرتر ہے کہ کوئی چیز اس سے بلند نہیں ہوسکتی اور اتنا قریب سے قریب تر ہے کہ کوئی شے اس سے قریب تر نہیں ہے اور نہ اس کی بلندی نے اسے مخلوقات سے دور کردیا ہے اور نہ اس کے قرب نے اسے دوسروں کی سطح پر لاکر ان کے برابر کردیا ہے۔ اس نے عقلوں کو اپنی صفوں کی حد ونہایت پر مطلع نہیں کیا اور ضروری مقدار میں معرفت حاصل کرنے کے لئے اُن کے آگے پردے بھی حائل نہیں کئے، وہ ذات ایسی ہے کہ جس کے وجود کے نشانات اس طرح اس کی شہادت دیتے ہیں کہ (زبان سے) انکار کرنے والے کا دل بھی اقرار کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اللہ ان لوگوں کی باتوں سے بہت بلند وبرتر ہے جو مخلوقات سے اس کی تشبیہہ دیتے ہیں اور اس کے وجود کا انکار کرتے ہیں۔

اعمال مجربہ برائے قبولیتِ دعا

از تحریر: سیّد قاسم علی نقوی البھاکری۔ سیالکوٹ

ایسے اعمال پیش خدمت ہیں جنکے اعمال کرنے سے حاجات پوری ہوتی ہیں۔ یہ اعمال مجرب ہیں۔

1۔ جمیع حاجات کے لئے

ایک ہی نشست میں ورد کریں۔ دوران عمل مکمل تنہائی ہو۔ دوران عمل ورد مکمل ہونے تک کسی سے بات نہ کریں۔ اُٹھ کر نہ جائیں تاوقت یہ کہ ورد مکمل نہ ہو۔ باوضو ہوکر کمرے میں اگربتی جلائیں پہلے دو رکعت نماز حاجت پڑھیں۔ بعد صدقہ دے کر ورد کریں۔ بلاناغہ ایک ہی جگہ ایک ہی وقت پر ورد کریں۔ اوّل آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ 7 مرتبہ سورۃ نمل کی آیت نمبر 62 اَمَّنۡ یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ تک پڑھیں۔ پھر 7 مرتبہ ''یااللہ'' پکاریں۔ بعد 1000 مرتبہ پڑھیں۔

حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ط

ورد مکمل ہونے پر مقصد کی دُعا مانگیں۔ عمل قبولیت تک جاری رکھیں۔

حوالہ:۔ (گوہر شب چراغ جلد نمبر 1 صفحہ 153) (معراج الذاکرین صفحہ 80) (دوہزار دستور العمل مجرب صفحہ 80)

2۔ ورد ھفتہ کے اندر اندر قبولیت ہو

یہ عمل وہ لوگ کریں جن کا شکوہ ہے کہ دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ مکمل یقین و اعتماد کے ساتھ عمل کریں۔ انشاء اللہ تمام شرعی حاجات ضرور پوری ہونگی۔

اوّل وآخر 11-11 مرتبہ درود شریف، 500 مرتبہ اسمائے اعظم ذاتی ''یَا اللّٰہُ''، بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم ط۔ یَا خَیۡرَ الرَّازِقِیۡنَ یَا عَلِیۡمُ یَا حَلِیۡمُ یَا عَفُوُّ یَا غَفُوۡرُ یَا سَمِیۡعُ یَا بَصِیۡرُ یَا عَلِیُّ یَا کَبِیۡرُ یَا لَطِیۡفُ یَا خَبِیۡرُ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیۡدُ یَا رَءُوۡفُ یَا رَحِیۡمُ اِفۡتَحۡ لِیۡ بَابَ رَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ط۔

اسمائے اعظم کا ورد 3 مرتبہ، سورۃ حج آیت نمبر 58 تا 65 تک ایک مرتبہ، اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ وَتَوَکَّلۡتُ عَلَی الۡحَیِّ الۡقَیُّوۡمِ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ ط تین مرتبہ پڑھ کر مقصد کی دُعا مانگیں۔

بحوالہ:۔ (گلہائے ارغوان جلد نمبر 1 صفحہ 118-119) (دوہزار دستور العمل مجرب صفحہ 21)

3۔ تحفظ دشمنان، ادائیگی قرض، شفائے بیماراں و قبولیت حاجات کا مؤثر مجرب عمل

حاجت مند صدقہ دے کر 2 رکعت نماز حاجت پڑھ کر عمل کرے۔ یہ عمل ایک ہی مجلس اور ایک ہی نشست میں مکمل کرے۔ اوّل درود پاک 100 مرتبہ۔ بعد 3333 مرتبہ سورۃ یوسف آیت نمبر 64 '' فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ''بعد مقصد کی دُعا مانگیں۔

عملِ استخارہ

از تحریر: زوار حکیم محمد ابصار حیدر (حیدری) تلہ گنگ

نوچندی جمعرات کو سونے والی جگہ اور اپنے آپ کو بالکل صاف ستھرا کر کے نماز مغربین کے بعد 2 رکعت نماز نفل برائے استخارہ اور 2 رکعت نماز نفل برائے امداد اللہ تعالیٰ اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کے ادا کریں۔ نوافل کے بعد 72 مرتبہ "یَا بَدِیعَ السَّمٰوٰتِ وَالاَرض" پڑھیں مکمل یکسوئی اور ایمان سے اس کے بعد کسی سے گفتگو یا کوئی کام نہ کریں۔ مغرب کی طرف منہ کر کے اکیلے کمرے میں سو جائیں جہاں پر عمل کیا تھا میں نے عسکری صاحب کو بتایا کہ پہلی رات، دوسری رات یا تیسری رات تو پکا آپ کو ہر سوال کا مفصل جواب یا اشارہ مل جائے گا۔ **محترم قارئین کرام!** عمل استخارہ سے عمل تسخیر اور رجوع الخلائق جو کہ جناب حکیم علامہ سید غضنفر علی عسکری صاحب کو خواب میں ملا اور انہوں نے جس طریقہ سے عمل کیا مندرجہ ذیل ہے۔ عسکری صاحب کا کہنا ہے کہ جس مقصد یعنی تسخیر الخلائق اور رجوع الخلائق کے لئے میں نے جس طریقہ سے عمل کیا واللہ اس کے 200 فیصد سے بھی زیادہ عمدہ اور اہم ترین رزلٹ ملے۔ کسی بھی ماہ قمری، اگر رجب ہو تو انتہائی بہترین ہے، نوچندی جمعرات کو ایک ہی نشست میں روزانہ گیارہ سو مرتبہ اوّل و آخر درود شریف "یا علی علیہ السلام و بحق یا علی علیہ السلام" 27 رجب المرجب "یا" کسی بھی قمری ماہ کی ستائیس تاریخ تک یہ عمل کریں۔ ہر تیسرے دن اللہ اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کے نام کی نیاز حسب توفیق چھوٹے بڑوں میں بانٹیں اور حسبِ توفیق اپنے محلے کے مستحق کو اس کی ضرورت یا اپنی مرضی کے مطابق کوئی نہ کوئی چیز لے کر دے ان عمل کے 27 دنوں میں ہر تیسرے دن پڑھائی کے ساتھ ساتھ یہ عمل بھی جاری رہے۔

نوٹ:۔ عمل پڑھنے کے بعد اپنا مقصد ضرور ذہن میں رکھیں اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے اور وسیلہ سے رب کائنات سے دُعا مانگیں اپنے مقصد کے حصول کے لئے اور چہرے پر ہاتھ پھیر لیں۔ پھر روزانہ 2 مرتبہ، 20 مرتبہ یا 200 مرتبہ یا علی علیہ السلام و بحق یا علی علیہ السلام کا ورد لازماً کریں اور ہفتے میں ایک بار یا مہینہ میں ایک بار 1100 بار ورد لازماً کریں۔ انشاء اللہ آپ کی سوچ سے بھی بالا اور عمدہ ترین فوائد ملیں گے۔ خالق اکبر محمدؐ و آلِ محمدؐ کے صدقے تمام مومنین و مومنات کو اپنے حفظ و امان میں رکھیں سوائے غم شبیر علیہ السلام کے دُنیا کا کوئی غم نہ دیکھیں۔ (آمین بحق آئمہ معصومین علیہ السلام)

بقیہ (برج عقرب کی بنیادی خصوصیات)

اس کی خوبیاں؟

لڑکپن ہی سے اس میں ایسی خوبیاں پائی جاتی ہیں کہ اس پر ہر طرح کے بحران میں بھروسا کیا جا سکتا ہے، عقرب کی بہترین بات یہ ہے کہ وہ ہمدرد، وجدانی، جذباتی سوجھ بوجھ اور بہت خیال رکھنے والا شخص ہے، وہ برے وقتوں میں سب سے وفادار دوست ہے جو ہر طرح کی کڑی آزمائش میں پورا اترتا ہے، وہ پرعزم، طاقتور اور انتہائی ذہین ہے۔

اس کی خامیاں؟

وہ حاسد، حق جتانے والا، مادیت پسند اور نہایت بے ایمان ہو سکتا ہے، اس کا موڈ کثرت سے بدلتا رہتا ہے، اگر وہ بے قابو ہو جائے تو کسی کو قتل بھی کر سکتا ہے لیکن عام طور سے وہ اپنا غصہ طنز کے زہر میں بجھے ہوئے تیر چلا کر نکالتا ہے جو سیدھے دل میں پیوست ہوتے ہیں۔

اس کی توجہ کیسے حاصل کی جائے؟

سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ اسے کیسے لبھایا جا سکتا ہے، اسی طرح اسے لبھائیں اور اپنے تمام نسوانی حربے آزمائیں، اپنے لباس سے اس کے خرمن ہوش پر بجلی گرائیں، سیدھا اس کی آنکھوں میں دیکھیں اور پراسرار طریقہ سے مسکرائیں، وہ مسحور ہو جائے گا لیکن اس مرحلہ کے بعد معاملات کیسے آگے بڑھیں گے یہ بالکل مختلف بات ہو سکتی ہے لیکن آپ تھوڑی سی کوشش سے اس پر ڈورے ڈالتی رہیں، تھوڑا قریب آئیں اور اچانک دور ہو جائیں، پھر کسی دعوت یا پارٹی کے موقع پر اس کی تعریف کریں اور بعد میں اس کی قربت حاصل کریں، وہ آپ کا ہو سکتا ہے۔

حقیقت پسندانہ توقعات؟

عقرب سے معاشقے کا دارومدار اس پر ہے کہ آپ اس معاملہ کو کتنا آگے لے جانا چاہتی ہیں اور وہ کتنی دور آپ کے ساتھ چل سکتا ہے پھر یہ دیکھیں کہ جب آپ مستقبل کی بات کرتی ہیں تو اس کا کیا ردعمل ہوتا ہے، کیا وہ پیچھے ہٹ جاتا ہے؟ اس سے قطع نظر کہ وہ کیا کہتا ہے، یہ غور کریں کہ وہ کیا کرتا ہے اور اگر وہ الجھا ہوا نظر آتا ہے، اپنے کام میں محو یا اداس لگتا ہے تو پیچھے ہٹ جائیں اور اس سے بے حد محتاط رہیں۔

مجربات دامانیہ

علم النجوم کی روشنی میں پرائز بانڈ کا حصول

از تحریر: عبداللطیف دامانی، اسلام آباد

زمانہ قدیم سے انسان کے دل میں دھن دولت کی حصول یابی کی چاہت رہی ہے اور وہ تب سے ہی دولت جائیداد کی حصول یابی کیلئے کسی نہ کسی شکل میں کوشش میں لگا رہتا ہے۔ قدیم کتب میں لکھا ہے کہ دولت اُن کے پاس ہوتی ہے جو محنت کرتے ہیں یہ حقیقت ہے کہ جو شخص سخت محنت کرتا ہے اُس کے پاس زمین جائیداد اور دولت ضرور ہوتی ہے اور انکو معاشرے میں باعزت سمجھا جاتا ہے۔ جبکہ ناجائز طور پر چوری، راہزنی، ڈکیتی، قتل، دھوکہ بازی سے دولت حاصل کرنیوالوں کو حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ حکومت بھی قانون کے مطابق انہیں سزا دیتی ہے۔ نیک انسان کچھ وقت کے بعد خدائے پاک کو دُنیا کی ہر چیز کا مالک تسلیم کرتے ہوئے قسمت پر یقین رکھنے لگا کہ اُسکی قسمت میں جتنی دولت لکھی ہوگی وہ اُس کو ملے گی۔ عام انسان کے ذہن میں مندرجہ ذیل سوالات پیدا ہوتے ہیں۔

1۔ کسی خاص شخص کے نام پرائز بانڈ کا انعام کیوں نکلتا ہے۔

2۔ آپ کو پرائز بانڈ کا انعام کیوں نہیں ملا۔

3۔ کیا آپ کی قسمت میں پرائز بانڈ کا انعام ملنے کا یوگ ہے۔

4۔ اگر پرائز بانڈ سے انعام ملنے کا یوگ ہے تو کب انعام ملے گا۔

5۔ اور وہ انعام کا روپیہ یا اچانک دولت کی حصول یابی کیلئے ہوگی۔

مندرجہ بالا سوالات کے جواب کسی بھی شخص کے پیدائشی زائچہ سے جانے جا سکتے ہیں۔ ہر شخص کو اپنے خاندان کے ہر فرد کا پیدائشی زائچہ کسی عامل منجم سے بنوا کر معلوم کرنا چاہیے کہ مطلوبہ شخص کو دولت کون سے ذریعہ سے دولت کا حصول ہوگا۔ اگر آپ کے خاندان کے جس فرد کے زائچہ پیدائش میں زمین، جائیداد، پرائز بانڈ کا انعام ملنے کا یوگ ہوگا تو پھر اس فرد کے پیدائشی زائچہ میں دیکھتے ہوئے پرائز بانڈ خرید کر قسمت کا فائدہ اُٹھا کر انعام حاصل کریں۔

پرائز بانڈ سے حصول دولت ملنے کے یوگ

1۔ جس شخص کے زائچہ پیدائش کے پانچویں گھر میں قمر اور گیارہویں گھر میں زہرہ ہو تو اسکو پرائز بانڈ سے اچانک دولت ملتی ہے۔

2۔ جس شخص کے زائچہ پیدائش میں مالک لگن سعد گھر میں طاقتور ہو اور پانچویں گھر میں مشتری ہو تو اسکو پرائز بانڈ کا انعام حاصل ہوتا ہے۔

3۔ جس شخص کے زائچہ پیدائش میں دوسرے گھر کا مالک آٹھویں گھر میں ہو تو اس کو پرائز بانڈ کا انعام ملتا ہے۔

4۔ اگر زائچہ پیدائش میں دوسرے گھر کا مالک گیارہویں گھر میں اور گیارہویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو تو پرائز بانڈ سے دولت ملتی ہے۔

5۔ اگر زائچہ پیدائش میں لگن کے مالک کا پانچویں گھر کے مالک سے تعلق ہے تو اس کو پرائز بانڈ سے انعام حاصل ہوتا ہے۔

6۔ جس شخص کی زائچہ پیدائش میں دوسرے گھر اور گیارہویں گھر کے مالک چوتھے گھر میں ہوں اور چوتھے گھر کا مالک سعد ستارے کے برج میں سعد ستارے سے ناظر ہو تو پرائز بانڈ سے انعام ملتا ہے۔

7۔ اگر زائچہ پیدائش میں لگن کے مالک کا پانچویں گھر کے مالک سے تعلق ہے تو اُس کو پرائز بانڈ سے انعام حاصل ہوتا ہے۔

8۔ اگر زائچہ پیدائش میں لگن یا قمری برج سے دوسرے گھر میں مشتری زہرہ ہوں یا دوسرے گھر میں زہرہ اور چوتھے گھر میں مشتری ہو تو پرائز بانڈ سے انعام حاصل ہوگا۔

9۔ اگر زائچہ پیدائش میں شمس دوسرے، پانچویں، دسویں گھر میں قمر یا مالک لگن (طالع) کی ساتھ ہو اور ان پر نحس ستاروں کی نظر نہ ہو تو مولود کو دولت کا خاص فائدہ ہوتا ہے۔

10۔ زائچہ پیدائش میں لگن یا قمری برج سے شمس، تیسرے چھٹے اور گیارہویں گھر میں ہو اور ان گھروں پر سعد ستاروں کی نظر ہو دولت کا فائدہ ہوگا۔

نومبر 2016ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

تاریخ: 01-11-2016
دن: منگل
شہر: مظفر آباد۔حیدر آباد
مالیت بانڈ: -/7500,-/25000

9	4
1	7

تاریخ: 15-11-2016
دن: منگل
شہر: کراچی۔راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/1500,-/100

4	0
2	1

نومبر 2016ء کے لیے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	15نومبر 2016ء	صبح 09 بجکر 10 منٹ سے لے کر 09 بجکر 50 منٹ تک
2	22نومبر 2016ء	دوپہر 11 بجکر صفر منٹ سے لے کر 11 بجکر 58 منٹ تک
3	23نومبر 2016ء	صبح 09 بجکر 15 منٹ سے لے کر 09 بجکر 45 منٹ تک
4	29نومبر 2016ء	سہ پہر 15 بجکر 02 منٹ سے لے کر 16 بجکر صفر منٹ تک
5	30نومبر 2016ء	دوپہر 11 بجکر 02 منٹ سے لے کر 11 بجکر 45 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

دوستو آداب! پہلے تو میں شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور آپ کی خدمت کے لیے مامور کیا۔ دوستو! میں 01-11-2016 مظفر آباد بانڈ -/7500 اور کراچی 15-11-2016 بانڈ -/1500 آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے کامیابی عطا فرمائے اور سیّد مصور علی زنجانی اور سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کے علم میں اضافہ فرمائے۔ آمین

تاریخ: 01-11-2016
دن: منگل
شہر: مظفر آباد۔حیدر آباد
مالیت بانڈ: -/7500,-/25000

274105

27	41
10	05

تاریخ: 15-11-2016
دن: منگل
شہر: کراچی۔راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/1500,-/100

201643

32	20
16	43

National Savings
Ministry of Finance

حکومتی پرائز بانڈز خرید کر ملکی معیشت مضبوط بنائیں

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0			02		04	05		07		09	025	097
1			12	13		15	16		18		132	186
2		21		23		25		27		29	213	275
3	30		32		34		36		38		302	386
4		41		43		45		47		49	413	475
5	50		52		54		56		58		520	586
6			62		64		66	67		69	626	697
7	70			73		75			78		735	780
8	80		82		84		86	87			820	867
9		91		93		95		97		79	915	979

تاریخ: 01-11-2016
دن: منگل
شہر: مظفرآباد۔حیدرآباد
مالیت بانڈ: -/7500, -/25000

79	03	04	07	02	91
13	06	09	73	05	87

تاریخ: 15-11-2016
دن: منگل
شہر: کراچی۔راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/1500, -/100

01	03	59	35	06	19
14	07	62	61	02	28

4 / 0 (1) 7 / 9

8 / 3 (5) 1 / 0

تاریخ: 15-11-2016
دن: منگل
شہر: کراچی۔راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/1500, -/100

F: 06, 36, 46, 56

7 9 / (2) / 8 1

S: 41, 39, 86, 65

اوپن: 0 - 3 - 4 - 5

فسٹ	069-367-468-567
سیکنڈ	268-353-882-514
سیکنڈ	414-912-725-236

تاریخ: 01-11-2016
دن: منگل
شہر: مظفرآباد۔حیدرآباد
مالیت بانڈ: -/7500, -/25000

F: 43, 73, 83, 93

5 0 / (6) / 1 2

S: 84, 14, 34, 29

اوپن: 7 - 8 - 9 - 4

فسٹ	434-737-835-936
سیکنڈ	845-147-347-297
سیکنڈ	106-636-541-757

ازتحریر: اقبال غنی، ہری پور ہزارہ

مقدر کا سکندر

نومبر کے انعام آپکے نام

3395-3390

339, 416, 393, 506, 874, 933

8 4 / (9) / 3 3

33, 41, 50, 39, 87, 93

5089-8745

تاریخ: 01-11-2016
دن: منگل
شہر: مظفرآباد۔حیدرآباد
مالیت بانڈ: -/7500, -/25000

4608-6408

062, 466, 460, 628, 640, 673, 356

8 0 / (6) / 4 9

06, 46, 35, 62, 67, 64

6732-6289

تاریخ: 15-11-2016
دن: منگل
شہر: کراچی۔راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/1500, -/100

انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں

مظفرآباد | مالیت -/7500 | مورخہ 01-11-2016

90	72	61	25	19	08	(بونس) 7519

کراچی | مالیت -/1500 | مورخہ 15-11-2016

95	85	49	30	28	14	(بونس) 4896

ہماری دعا ہے کہ آپ اِن لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

برج کی بنیادی خصوصیات
عقرب

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

حاکم سیارہ: پلوٹو
ذاتی عقیدہ: تخلیق (I Create)
نشان: بچھو، عقاب اور قُقنُس
عنصر: پانی
خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت)
نفسیاتی ٹائپ: احساس
منسوب رنگ: گہرا سرخ
اعضائے جسمانی: تناسلی اعضا
منسوب پتھر: تیز سرخ یاقوت
منسوب درخت: خاردار قسم کے
منسوب پھول: سرخ پھول
منسوب غذا: تیز خوشبو والی
منفی اور مونث برج
بائیو کیمک سالٹ: کلکیر یا سلف

مثبت توانائی
برج عقرب والے عام طور سے پختہ عزم کے مالک، ضدی، پے چیدہ، وہ کام انجام دینے کی صلاحیت کے حامل جسے کوئی اور انجام نہ دے سکے، انتہائی جذباتی، پُرشہوت، صاحب بصیرت، باطنی اقدار کے متلاشی، ذوق میں فضول خرچ، پیسے سے کوئی دلچسپی نہ رکھنے والے، شدت پسند، ہپناٹائز کرنے کی صلاحیت کے حامل، ذاتی معاملات میں نہایت سرگرم اور محنتی، صاحب فکر، کم آمیز، حساس، پرجوش عاشق، وفادار، سہارا دینے والے، تحفظ کرنے والے اور منکسر المزاج ہوتے ہیں۔

منفی توانائی
دوسری طرف وہ توجہ کے طالب، حقِ ملکیت جتانے والے، حاسد، غلطیوں پر معاف نہ کرنے والے، فوراً آگ بگولہ ہوجانے والے، کنبہ پرور، جانی دشمنوں کو جنم دینے والے، سیکس سے مغلوب، غصہ ور، شکّی، گُھنے، خود پر ترس کھانے والے اور خود کو صحیح سمجھنے والے ہوتے ہیں۔

پسند
عقرب افراد کو سیکس، مذہب، اپنے ساتھی میں وفاداری، سرّیت، راز داری، پرائیویسی، بھروسا، شہوت یا شہوانی جذبات، طاقت، یہ جاننا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں، تسلیم کرنا، ایمانداری اور تحفظ کے احساس کو پسندی کرتے ہیں۔

ناپسند
لیکن وہ استعجاب، جھوٹ اور فریب، بے رحمی، سوال کیا جانا، تجزیہ کیا جانا، سمجھ لیا جانا، حد سے زیادہ مدح سرائی، ریاکاری، پریشان کیا جانا اور جمود برداشت نہیں کر سکتے۔

عقرب کردار
عقرب کا نشان ان معنوں میں متاثر کن ہے کہ یہ سچ مچ اس کے برج سے مشابہ ہے، فارسی زبان میں عقرب بچھو کو کہا جاتا ہے جب کہ دوسرے نشان مبہم ہیں، اس برج کو اس کے نشان بچھو کی وجہ سے اکثر خطرناک قرار دیا جاتا ہے اور ایسے لوگوں کو جن کا برج عقرب ہو، ڈنک مارنے والا کہہ کر ان سے محتاط رہنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ عقرب کی اور بھی دو علامتیں ہیں (یہ واحد برج ہے جس کی تین علامتیں ہیں) عقاب اور قُقنُس اور ان تینوں علامات کے دلچسپ پوشیدہ مفاہیم ہیں۔ یہ تینوں علامتیں چوری چھپے، عیاری اور ذہانت کے اشتراک سے اپنے مشکل حالات پر قابو پانے کی اہل ہوتی ہیں، قُقنُس ایک اساطیری داستانوں کا فرضی پرندہ ہے جس کی قدیم مصر میں سورج دیوتا کے لیے قربانی دی جاتی تھی، یہ پرندہ عقاب سے مشابہ تھا اور اس کے پر شعلوں کی طرح سرخی مائل سنہرے ہوتے تھے۔ ایک وقت میں ایک ہی قُقنُس ہوا کرتا تھا اور افسانوی داستانوں کے مطابق اس کی عمر پانچ سے ہزار سال تک ہوتی تھی، زندگی کے آخری وقت میں قُقنُس خود اپنی چِتا تیار کرتا تھا، گھونسلہ بنانے کے بعد وہ اتنی سُریلی اور پُرسوز آواز نکالتا تھا کہ گھونسلے میں آگ لگ جاتی تھی اور وہ اسی آگ میں جل مرتا تھا، پھر اسی کی راکھ سے دوسرا قُقنُس جنم لیتا تھا، یہ چکر یونہی چلتا رہتا تھا لہٰذا قُقنُس شمس کی موت اور اس کے دوبارہ جنم لینے کی نمائندگی کی علامت بن گیا۔

"کیا تم نہیں دیکھتے کہ دکھ اور آلام کی دنیا کتنی ضروری ہے 'ایک ذہن کی تربیت کرنا اور اسے ایک روح بنانا"

جان کیٹس (شاعر) شمسی برج عقرب، پیدائش: 31 اکتوبر 1795ء

برج عقرب موت، پیدائش اور دوسرے جنم سے بہت زیادہ تعلق رکھتا ہے، یہ میزان کے سماجی میل ملاپ کے بعد تاریکی اور مشاہدۂ نفس کا دور ہے، میزان اور

اس کے پڑوسی عقرب میں بہت ہی بنیادی فرق ہے' شاید سب سے بڑا فرق تو یہ ہے کہ سچائی کے معاملے میں دونوں کا رویہ یکسر مختلف ہے' میزان کے نزدیک سچائی بدلی جاسکتی ہے جب کہ عقرب کے نزدیک سچائی اٹل ہے اور سچائی کو تلاش کرنا ہی ان کا مشن ہے' وہ کسی کو جھوٹی تسلی دینے کے لیے سچائی کو کبھی توڑیں مروڑیں گے نہیں بلکہ جو حقیقت ہوگی وہ من وعن بتادیں گے' چاہے وہ بھلی ہو یا بُری کیوں کہ حقیقت کو توڑا مروڑا نہیں جاسکتا ہے' میزان اور عقرب کے درمیان ایک اور بنیادی فرق یا تضاد یہ ہے کہ میزان خوش امید وخوش فہم ہے جبکہ عقرب کے دل ودماغ پر ہمیشہ تاریک پہلو غالب رہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ مایوسی کی حالت میں اپنے تیسرے نشان قُقنُس کی طرح خودکشی کرتا ہے۔

ماہنامہ سرگزشت کی ادارت کے زمانے میں ہم نے پرچے پر ''خودکشی نمبر'' نکالا تھا اور اس میں دنیا کے ایسے مشہور افراد کی سرگزشت شائع کی تھیں جنھوں نے کسی نہ کسی وجہ سے خودکشی کی تھی' ہمیں یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ خودکشی کرنے والے افراد میں اکثریت عقرب افراد کی تھی۔

''میں جو کچھ کہوں تم ہمیشہ اس پر یقین مت
کرو' سوالات تمہیں جھوٹ بولنے پر اکساتے ہیں'
خاص طور سے جب تمہارے پاس کوئی جواب نہ ہو''

پیبلو پکاسو (مصور) شمسی برج عقرب' پیدائش: 25 اکتوبر 1981ء

عقرب افراد چاہے کسی بھی مذہب کے پیروکار ہوں' گہرے مضبوط عقیدے کے مالک ہوتے ہیں' وہ زندگی کے مقصد کے بارے میں بہت گہرائی سے اور بہت جذباتی ہوکر سوچتے ہیں اور یہ صفت انہیں دینی پیشوائی یا اسی قسم کے پیشے کی طرف لے جاتی ہے۔ عقرب لوگ فطرتاً شکی مزاج ہوتے ہیں لہٰذا ان کے تعلقات میں بڑی گرما گرمی رہتی ہے' عام طور سے لوگ اس بات کی توقع کرتے ہیں کہ انہیں قابل بھروسا سمجھا جائے اور ان پر اعتبار کیا جائے لہٰذا عقرب کا یہ رویہ انہیں بے حد توہین آمیز لگتا ہے اور اس طرح عقرب افراد بہت سے اچھے لوگوں کو کھودیتے ہیں' لوگوں کے دور بھاگنے کو عقرب اس طرح دیکھتا ہے کہ جیسے اس کے شک کی تصدیق ہوگئی لہٰذا وہ اگلی مرتبہ اور بھی چوکس ہوجاتا ہے۔

عقرب کو چاہیے کہ وہ اپنی شریک حیات یا اپنے کاروباری ساتھی کو حقیر سمجھے بغیر تحفظ محسوس کرے' زیادہ شک و وہم میں مبتلا نہ ہو' یہ بہت ہی اہم توازن ہے جسے دونوں ساتھیوں کو وقت گزارنے کے ساتھ ساتھ سیکھنا چاہیے مگر توازن اور عقرب! یہ دو متضاد چیزیں ہیں لیکن اگر اس حقیقت کو سمجھ لیا جائے تو عقرب کے ساتھ تعلقات پائیدار ہوتے جائیں گے' تحفظ بھی اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔

عقرب ماضی کی فریب کاریوں سے لگنے والی چوٹ کو اس طرح لیے پھرتا ہے کہ جیسے یہ کل کی بات ہو' بہت سے عقرب اپنی پہلی ملاقات پر اپنے سابق محبوب یا محبوباؤں کی تیزابی کہانیاں سنا کر آنسو بہاتے ہیں اور یہ رویہ پھر خودترسی میں تبدیل ہوسکتا ہے اور عقرب خود ہی اپنے بدترین دشمن ہوسکتے ہیں۔

''ہم خود اپنی راہ میں پھندے بچھاتے ہیں اور
انہیں پھندوں میں ہمارا پیر پھنس جاتا ہے''

سینٹ آگسٹائن (مبلغ وپیشوا) شمسی برج عقرب' پیدائش: 13 نومبر 354

اگرچہ وہ حاسد اور حق ملکیت جتانے والے ہوتے ہیں تاہم آپ کو منطقۃ البروج میں اس سے زیادہ پُرجوش برج نہیں ملے گا' منطقۃ البروج میں سب سے زیادہ لچک دار برج بھی یہی ہے جو کسی بھی بات کو انا کا مسئلہ نہیں بناتا' وہ نہ تو توہین کیے جانے پر برا مانتے ہیں اور نہ ہی مدح سرائی سے خوش ہوتے ہیں' دونوں صورتوں میں اکثر ان کا چہرہ سپاٹ اور بے تاثر نظر آئے گا' انہیں اپنی طاقت اور کمزوریوں کا خوب علم ہوتا ہے۔ باقی گیارہ برجوں کے نزدیک عقرب کا کردار اتنا سیکسی، پے چیدہ اور پراسرار ہے کہ خود عقرب کو بھی یہ سب بہت اچھا لگتا ہے اور وہ بالکل یہی چاہتا بھی ہے' وہ اس بات پر کامل اور پختہ یقین رکھتے ہیں کہ دوستی سے دشمنی جنم لیتی ہے لہٰذا وہ اپنی الگ راہ پر چلتے ہیں اور اپنی شخصیت پر ایک پراسرار نقاب چڑھائے رکھتے ہیں۔

برج عقرب کو اکثر منطقۃ البروج کا ''اکیلا'' کہا جاتا ہے۔

سچی بات تو یہ ہے کہ وہ تنہا رہنے سے نفرت کرتے ہیں اور ان کے تحفظ کی خواہش کو تنہائی پسندی کا غلط مطلب پہنانا عقرب کے لیے سب سے تکلیف دہ بات ہے' وہ ایک گہری جذباتی آبی علامت ہیں جنہیں ساتھی کی شدید خواہش

اور ضرورت ہوتی ہے۔ آپ ان کی توہین کرنے کے اہل نہیں ہو سکتے لیکن اگر آپ کو موقع ملے تو آپ ان کا دل ضرور توڑ سکتے ہیں' عقرب انتہائی دردمند برج ہے جو تنہائی کو بے حد شدت سے محسوس کرسکتا ہے۔ عقرب منجمد پانی ہے اس کی مثال برف سے دی جاسکتی ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے جذبات قابو میں رہتے ہیں' وہ اپنے جذبات کو کنٹرول کرنے کے لیے انہیں بے دردی سے کچلنا بھی جانتے ہیں حالانکہ یہ ان کے اپنے لیے ایک خطرناک بات ہے' وہ کسی بھی تعلق میں غالب رہتے ہیں کیوں کہ اس کنٹرول کے باعث وہ خود کو محفوظ محسوس کرتے ہیں' دنیا والوں پر وہ خود کو اپنے ساتھی کا تابعدار اور فرماں بردار ظاہر کرتے ہیں لیکن درحقیقت وہ دوسروں کو کنٹرول کرنا خوب جانتے ہیں' اپنے کنٹرول کے لیے وہ بلیک میل اور ساز باز بھی کر سکتے ہیں۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

عقرب افراد سادہ اور مذہبی پیشوں کی طرف کھنچتے ہیں، بہت سے مذہبی پیشوا، پادری' صوفی' جوگی' سادھو اور ننیں عقربی اثرات کے حامل ہوتے ہیں لیکن بہر حال وہ اس پیشے کو اپنے گہرے جوش و اجنبی جذبات کو چھپانے کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں جو انہیں وقتاً فوقتاً تنگ کرتے رہتے ہیں' جذبات اور غصہ، احساسِ جرم اور اپنے آپ سے نفرت، یہ سب بڑی خوبصورتی سے ان میں ضم ہوجاتے ہیں لہٰذا ان سے الجھنے کی کوشش نہ کریں، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ پلٹ کر آپ کو ڈنک ماردیں۔ آپ کو بہت سے عقربی افراد رات میں کام کرتے نظر آئیں گے' اس میں حیرت کی کوئی بات نہیں، عقرب رات کے شہزادے ہیں (حالاں کہ انہیں اپنی نیند سے بھی پیار ہے) اور وہ اکثر آپ کو رات کے پچھلے پہر شہر کے باہر کسی ہوٹل میں کام کرتے نظر آئیں گے۔

سائنس ایک ایسا شعبہ ہے جس میں عقرب کو بہت سے چیلنج نظر آتے ہیں' انسانی فطرت بھی انہیں بہت پُراسرار اور دلچسپ لگتی ہے حالاں کہ وہ ریگ مال کی طرح خراش ڈالنے والے ماہر نفسیات اور کونسلر بھی ہو سکتے ہیں' انہیں وہ تمام باتیں لفظ بہ لفظ یاد رکھنے کا پُراسرار سلیقہ آتا ہے جو آپ نے کبھی ان سے کہی تھیں اور اگر آپ ان باتوں کے برعکس نظر آئے تو وہ ان باتوں کو آپ کے سامنے دہرانے سے ذرا نہیں ڈریں گے۔ عقرب افراد بہت اچھے والدین بھی ثابت ہوتے ہیں، وہ اپنے بچوں کے تحفظ میں غضب ناک ہوجاتے ہیں اور ان کی بہتری کے لیے کسی حد تک جاسکتے ہیں۔

عقرب صحت

عقرب لوگوں کو مرغن غذاؤں سے پرہیز کرنا چاہیے' نیز خمار لانے والی غذاؤں اور مشروبات سے بھی دور رہنا چاہیے' عقرب افراد سبزیوں کا استعمال کرکے اپنے آپ کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں، استحکام بخشنے والی غذائیں جیسے جوشی چاول، جوار، باجرہ، گندم، پالک، سلاد کے پتے اور کھیرا ان کی صحت کے لیے فائدہ مند ہیں۔ دوسری چیزوں میں چیری، نارنگیاں، لیموں وغیرہ شامل ہیں' مریخ کے اثرات اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ عقرب افراد پانی اور سبزی کا جوس خوب پئیں اور نمک سے پرہیز کریں اگر صبح نہار منہ عرقِ گلاب کے ساتھ شہد ملا کر پئیں تو بہترین بات ہوگی۔ عقرب ناک، زیر ناف کے علاقے اور اعضائے تولید پر حکومت کرتا ہے' اندرونی طور پر یہ جریان خون، مثانہ اور بڑے غدودوں پر حکومت کرتا ہے' صوتی تار اور نرخرے پر بھی اس کے اثرات ہیں' نیز اس برج کے اثرات گردے، بچہ دانی' حیض، پسینے کے غدود اور عام غدودوں پر بھی ہیں۔ خصوصیت سے عقرب عورتوں میں خون کی کمی، غدود نما مواد کی تکلیف، تپ کاہی، حیض کی بندش، حیض میں تکلیف اور بے قاعدگی، رحم میں تکلیف، پیچش، جریان خون، حد سے بڑھی ہوئی حسیت، مثانے میں تکلیف اور انفیکشن، موٹاپا، ذیابطیس، امراض قلب اور عضو مخصوصہ میں انفیکشن شامل ہیں۔

خوشبویات میں ان کے لیے کالی مرچ، کافی، ادرک اور پائن وغیرہ مفید ہیں۔

عقرب ساتھی

جب آپ دونوں ساتھ کسی پارٹی میں جائیں تو اپنی عقرب ساتھی کو آگے جانے دیں' عقرب افراد عام طور سے کسی پارٹی میں اپنے پارٹنر کے ساتھ جاتے ہوئے تھوڑا گھبراتے ہیں کیوں کہ انہیں دکھاوے کی محبت والی ایسی پارٹیوں میں بڑے خطرات نظر آتے ہیں، وہ بہت جلد حسد میں مبتلا ہوجاتے ہیں لیکن وہ یہ پسند نہیں کرتے کہ آپ ہر وقت ان کے ساتھ چپکے رہیں۔ جب آپ دوسرے لوگوں سے ان کا تعارف کرا رہے ہوں تو اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کا ہاتھ

شائستگی سے ان کے کاندھے یا کمر پر ہو، کمرے میں دور سے ان سے آنکھیں چار کریں اور دیکھیں کہ کیا انہیں کسی چیز کی ضرورت ہے، اگر ہے تو انہیں فراہم کردیں۔ دوستوں کی ٹولی سے نکل کر ان کے پیچھے جائیں اور ان کے کانوں میں سرگوشی کریں کہ وہ بہت ہی شاندار لگ رہی ہیں، ان کے رگ و پے میں سنسنی سی دوڑ جائے گی اور گردن کے روئیں کھڑے ہوجائیں گے۔

عقرب کے لیے تحفہ

عقرب افراد خفیہ معاشقے اور رازداری برتنے کے معاملے میں بہت پرجوش اور شدت پسند ہوتے ہیں، کوئی ڈبا کھولتے وقت ان کی بے تابی اور یہ جاننے کی خواہش عروج پر ہوتی ہے کہ ڈبے میں کیا ہے؟ سرّیت ان کے رگ و پے میں ایک عجیب سنسنی دوڑا دیتی ہے اور وہ جلد از جلد کسی راز کی تہہ تک پہنچنے کے لیے بہت بے قرار ہوجاتے ہیں۔ انہیں تفتیش کرنا بہت اچھا لگتا ہے لہٰذا ان کے لیے کوئی ایسی بات سوچیں جو اسرار کے پردے میں لپٹی ہوئی ہو اور اس کے افشا ہونے پر ان پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں' مثال کے طور پر اگر آپ انہیں ان کی سالگرہ کے موقع پر کوئی رومینٹک ٹائم گزارنے کا سرپرائز دینا چاہتے ہوں تو اپنے سفری بیگ میں صرف ایک زنانہ زیر جامہ رکھیں اور ان کے یہاں پہنچ جائیں' جب وہ آپ کو سفری بیگ کے ساتھ دیکھیں گی اور آپ انہیں خوبصورت سا زیر جامہ دکھائیں گے تو وہ سمجھ جائیں گی اور ان کی آنکھیں ستاروں کے مانند جگمگانے لگیں گی اور یہی وہ موقع ہوگا کہ جب آپ اپنی اوپری جیب سے ٹرین یا ہوائی جہاز کے ٹکٹ نکالیں اور انہیں پیش کردیں۔

چھپا کر کوئی تحفہ دینے سے انہیں اور بھی گدگداہٹ ہوگی' اگر آپ نے ان کے لیے کوئی کنگن خریدا ہے تو کسی پارٹی کا انتظار کریں اور پھر انہیں پراسرار طریقے سے لوگوں کے ہجوم سے نکال کر کسی تنہا گوشے میں لے جائیں اور وہ تحفہ پیش کریں اور تھوڑی بہت پُرجوش حرکتوں کے بعد اس طرح پارٹی میں لوٹ جائیں جیسے کچھ ہوا ہی نہیں، انہیں رازداری میں ایک عجیب سی پراسراریت محسوس ہوتی ہے اور وہ اس پراسراریت سے روحانی طور پر کوئی انجانی سی مسرت محسوس کرتے ہیں۔ بعض عقرب افراد پُراسرار علوم سے تفریحاً دلچسپی لیتے نظر آتے ہیں لہٰذا انہیں کرسٹل بال، ٹیروٹ کارڈز' پامسٹری' علم الاعداد اور علم نجوم کی کتابوں اور اسی طرح کی دیگر چیزیں پسند آسکتی ہیں' مشہور پامسٹ کیرو کا شمسی برج بھی عقرب تھا وہ اپنے وقت کا خاصا پراسرار انسان تھا۔ عقرب لوگوں کو پانی سے بھی محبت ہوتی ہے اور انہیں تیرنے کا بہت شوق ہوتا ہے لہٰذا کوئی نیا تیراکی کا سوٹ ایک اچھا آئیڈیا ہوسکتا ہے، اس کے علاوہ اعلیٰ درجے کے پرفیوم، ساٹن کی چادریں اور اسی طرح کی الٹی سیدھی چیزیں ان کے شہوانی ذوق کو ابھاریں گی اور وہ اس قسم کے تحفے پاکر بہت خوش ہوں گے۔

صرف خواتین کے لیے

وہ کیسا ہے؟

وہ بیک وقت کئی سطحوں پر مصروف عمل رہتا ہے لہٰذا بیشتر وقت' وہ بھی ایک ہی وقت میں وہ بہت کچھ ہے۔ وہ منطقۃ البروج کا سب سے پیچیدہ کردار ہے اور کسی پہیلی کی طرح ایک معما ہے' اسے وہی عورت سمجھ سکتی ہے جو خود بھی اتنی ہی پیچیدہ ہو جتنا وہ ہے' اسے گہرائی سے جاننے کے لیے اس کے پورے رویّے کو سمجھنا پڑے گا اور چوں کہ بہت زیادہ لوگ نہیں ہیں جن کے ذہن کی ساخت اُس جیسی ہو لہٰذا اسے ٹھیک سے سمجھا ہی نہیں جاسکا اور اِس سے وہ اکثر فائدہ اٹھاتا ہے۔ آپ اس کی صحبت میں ایک گھنٹہ گزاریں اور آپ جان جائیں گی کہ یہ آدمی خطرناک ہے' اس کی آنکھیں یا تو کسی پالش کیے ہوئے ہتھیار کے مانند چمکتی ہیں یا پھر سانپ کی زبان کے مانند جھلملاتی ہیں' وہ ایک ہی مرتبہ گھور کر دیکھتا ہے اور سب کچھ دیکھ لیتا ہے' آپ اس کے ساتھ پوری شام گزارنے کے باوجود اس کے بارے میں برائے نام جان سکیں گی۔

عقرب مرد پُراسرار ہے' اکثر اپنے لیے اور دوسروں کے لیے بھی' وہ شاذ و نادر ہی سیدھی طرح بات کرتا ہے' عام طور سے وہ پہیلیوں میں باتیں کرتا ہے۔ اکثر وہ کہتا کچھ ہے اور اس کا مطلب کچھ اور ہوتا ہے لہٰذا جو لوگ اس کی باتیں سنتے ہیں' کبھی نہیں سمجھ سکتے کہ وہ کہہ کیا رہا ہے؟ یہ بات نہیں ہے کہ وہ جان بوجھ کر مسئلوں کو الجھانا چاہتا ہے، بات صرف اتنی سی ہے کہ وہ زندگی کو مزید پے چیدہ بنانے کے فن میں ماہر ہے۔ اگرچہ وہ بظاہر پرسکون نظر آتا ہے

لیکن اس کے اندر ایک ہیجان بپا ہوتا ہے اور کبھی کبھی وہ اپنے ہی تخلیق کردہ ڈرامے سے خود کو تھکا دیتا ہے' اگر اس کے شوق یا وقار کا معاملہ ہو تو وہ جلے بُھنے گا' کُڑھے گا اور ایک طوفان کھڑا کر دے گا لیکن مضحکہ خیز حد تک یہ ظاہر کرے گا کہ کوئی بھی چیز اسے پریشان نہیں کر رہی ہے۔ عقرب اس وقت تک نہیں کھلتا جب تک وہ یہ نہ محسوس کرے کہ صورت حال پوری طرح محفوظ ہے اور جب تک اسے یقین نہ ہو جائے کہ وہ پوری طرح کنٹرول میں ہے، وہ کسی بھی صورت حال میں خود کو محفوظ نہیں سمجھتا' اس کے لاشعوری خوف بے پناہ ہیں۔ اکثر و بیشتر وہ اپنی جنسی خواہشات کے جوہر کو اپنے کام میں محو ہو کر ضائع کرتا ہے' پریشان کن جذباتی مسائل سے فرار حاصل کرنے کے لیے وہ بے حد محنت و مشقت کرتا ہے اور دن رات ایک کر دیتا ہے' اسی طرح زندگی کی بے لطفی اور اپنے غصے سے فرار حاصل کرنے کے لیے وہ کسی نشے کا سہارا بھی لے سکتا ہے' بہر حال، اگر چہ عقرب حد سے زیادہ مدہوش رہتا ہے لیکن اس میں انتہا پسندی کے رجحانات کے لیے غیر معمولی قوت ارادی ہوتی ہے اور وہ زندگی کے کسی بھی مرحلے میں منشیات سے دور رہنے کا سخت فیصلہ بھی کر سکتا ہے۔ چونکہ اس کا ذہن تیز ہے، اس کی سوچ میں تلخی ہے اور اس کی یادداشت خطرناک ہے لہٰذا وہ کسی ایسے پیشے کے لیے بے حد موزوں ہے جہاں کامیابی کا مطلب صرف اپنے حریفوں کو شکست دینا ہو' وہ یہ کام نشے میں، نیم مردہ حالت میں یا کھلی آنکھوں سے بھی کر سکتا ہے' مسئلہ یہ ہے کہ وہ ذہنی داؤ پیچ میں اتنا ماہر ہوتا ہے کہ اکثر بھول جاتا ہے کہ رکنا کہاں ہے' بچپن میں ایک گلاس دودھ کے لیے بھی وہ اپنی ماں کو چکر دیتا ہوگا کیوں کہ اسے یہ خیال آتا ہی نہیں ہوگا کہ سیدھے سادے لفظوں میں یہ کہہ سکے کہ مجھے ایک گلاس دودھ چاہیے' جوانی میں بھی وہ سیدھے سادے طریقے سے کسی کی محبت میں مبتلا نہیں ہوتا' اس کے لیے وہ منصوبہ بناتا ہے اور جذباتی فضا تیار کرتا ہے اور دیکھتا ہے کہ حالات اس کے کنٹرول میں ہیں یا نہیں' وہ اکثر موڈی اور افسردہ رہتا ہے کیوں کہ اپنی چال بازی اور عیاری سے خود کو تھکا دیتا ہے۔

وہ کیا سوچتا ہے کہ اسے کیا چاہیے؟

ایسے شوق کے لیے اس کا خون جوش مارتا ہے جس سے اس کی سانسیں رک جائیں' وہ دل کی گہرائی سے جنسی سحر زدگی کا متلاشی ہے جب کہ اس کا منطقی حصہ اپنے آپ کو کنٹرول کرنے کو ترجیح دیتا ہے لہٰذا اس کے اندر ہر وقت اپنے پسندیدہ حالات میں بھی ایک جنگ جاری رہتی ہے لیکن خوش قسمتی سے اس کی ذہنی صحت کے حق میں یہ بہتر ہے کہ ایسے یادگار لمحات اکثر نہیں آتے۔ یہ کوئی سیدھا سادا آدمی نہیں بلکہ بہت پیچیدہ ہے، اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ وہ سب سے زیادہ جو چاہتا ہے' اُس سے سب سے زیادہ ڈرتا ہے لہٰذا وہ سوچتا ہے کہ اسے کچھ اور چاہیے' یہ ''کچھ'' دراصل ایک قریبی مستحکم تعلق ہے جو محفوظ ہو اور بڑی حد تک اسکے کنٹرول میں ہو' جذباتی اعتبار سے یہ ایک اچھی صورت حال ہے۔

وہ کیا چاہتا ہے؟

اس کی زندگی میں تین ترجیحات شامل ہیں۔ تحفظ، کنٹرول اور پاور۔ اگر چہ اسے شوق کی بھی ضرورت ہے لیکن وہ اس کے بغیر عرصہ دراز تک گزارا کر سکتا ہے چوں کہ اسے تحفظ کی بے حد ضرورت ہے لہٰذا وہ ایک ایسا شخص ہے جو شادی پر شادی کرتا ہے' یہ شادیاں اکثر ناکام اور بعض اوقات کامیاب ہوتی ہیں' بہت سے عقرب طلاق دینے کے بجائے شادی کو دفتر کی طرح برتتے ہیں اور دوسری عورتوں سے ملتے رہتے ہیں' اس طرح انہیں تحفظ حاصل ہو جاتا ہے۔

تحفظ ان کی فطرت کے لیے انتہائی ضروری ہے کیوں کہ اس کے بغیر وہ کسی پر بھی اپنا کنٹرول نہیں رکھ سکتے اور کنٹرول کے بغیر پاور کا احساس بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے اور پاور کا احساس اپنے آپ کو اور دوسروں کو کنٹرول کرنے سے پیدا ہوتا ہے اور یہی وہ چیز ہے جو عقرب کی دھڑکنیں تیز کر دیتی ہے۔

وہ کس سے ڈرتا ہے؟

وہ کسی بھی صورت حال سے باہر کر دیے جانے سے ڈرتا ہے اور ایسی صورت حال سے بچنے کے لیے سازشیں کرتا ہے، منصوبے بناتا ہے اور ساز باز کرتا ہے، اسے تنہا رہ جانے کا بھی خوف لاحق رہتا ہے اور محبت میں اکثر اس کے ساتھ یہی ہوتا ہے۔ مزید یہ کہ وہ موت سے بہت ڈرتا ہے اور اکثر اس کے بارے میں سوچ سوچ کر ہلکان ہوتا رہتا ہے۔

بقیہ صفحہ نمبر 38

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَـا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَـا حَیُّ یَـا قَیُّوْمُ یَـا حَـافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِـحَـقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ الـنَّـحُوْسَـتُ اَلشَّـمْـسُ وَالْقَمَر وَالْـمُشْتَـرِی وَالـزُحَـلِ وَالـزُهرَهِ وَالْعطَارِد وَالمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَنب بِـحَـقِّ یَـا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَـمْ یُوْ لَـدْ وَلَـمْ یَـکُنْ لَّـهٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّـی اللّٰـهُ عَـلٰـی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں- بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں- اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی- میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے- **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں- ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے- پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے-

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے- ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بد حالات ملاحظہ فرمائیں- ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں-

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں- اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں- اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے- اگر 2 باقی بچے تو ثور- 3 بچے تو جوزا- 4 بچے تو سرطان- 5 بچے اسد 6 بچے تو سنبلہ- 7 بچے تو میزان- 8 بچے تو عقرب- 9 بچے تو قوس- 10 بچے تو جدی- 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا-

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں-

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

آپکا ماہِ نومبر کیسا 2016ء رہے گا

astrology November

فہرست

ARIES

21Marc
20April

حمل

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire

RulingPlanet: Mars

Symbol: The Ram

YourStone: Ruby

LifePursuit: The thrill of the moment.

SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم تا **9** نومبر دسویں رہتے ہوئے کیریئر و کاروبار میں بہتری کیلئے جدوجہد اور کئی ایک مشاورت عمل میں آسکیں۔ جبکہ **10** تا **30** نومبر مریخ گیارہویں رہتے ہوئے سیاسی وسماجی زندگی میں خوشگوار تبدیلیاں اور دوست فائدہ مند ثابت ہوں۔ جبکہ ساتویں مشتری کی موجودگی سے ملازمت کے حصول میں آسانی ملے اور شریک حیات کی طرف سے معاملات میں تعاون ملے۔ **6,5** نومبر خانہ مال کے حاکم زہرہ کی یورانس سے تثلیث سے مالی وسائل اور آمدن بڑھانے کے مواقع ملیں۔ **16,15** نومبر عطارد مریخ تسدیس سے تکنیکی مہارت اور ایمانداری سے کام میں عزت ملے۔ **24,23** نومبر عطارد زحل قران کے باعث حالات و واقعات کے مطابق سنجیدہ اقدامات اور مثبت مشاورت سے کئی ایک امور احسن طریقے سے انجام دے سکیں۔

پہلا ہفتہ :مالی پوزیشن کی بہتری کیساتھ گھریلو مسائل بھی حل ہوسکیں گے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ ہمسائے تعاون کریں گے۔ شراکتی قانونی و وراثتی امور کیساتھ ساتھ انشورنس وکلیم سے متعلقہ امور میں بہتری کی اُمید ہوسکے گی۔

دوسرا ہفتہ :اس ہفتے محبت کے معاملات میں مصروفیت رہے گی اور قسمت کا ساتھ بھی رہے گا۔ اس کے علاوہ نصیب یاوری کرنے سے کاروباری معاملات میں بھی فائدہ ہوگا اور نامکمل کام کرسکیں گے جس کے باعث ذہنی بوجھ میں کمی آئے گی۔ غیر ضروری معاہدے اور فیصلے کرسکتے ہیں۔ نئے آئیڈیاز میں تیزی رہے گی حالات میں تبدیلی کے خواہاں رہیں گے۔

تیسرا ہفتہ :اس ہفتے مالی مسائل کا خاتمہ ہوسکے گا۔ لیکن بحث وتکرار سے گریز لازمی ہے ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ رشتے داروں کے تعاون سے گھریلو مسائل کا خاتمہ ہوگا اور پریشانی میں کمی ہوگی۔ شریک حیات کا تعاون بھی رہے گا۔ قائدانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور پیشہ ورانہ وتکنیکی مہارت حاصل ہوسکے گی۔ ملازمتی ذمہ داریاں بڑھ سکتی ہیں عزیز واقارب کیساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے

چوتھا ہفتہ :بیرون ملک مقیم دوست احباب رابطے میں رہیں گے اور مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ اس ہفتے جو بھی نیا کام شروع کریں گے وہ آپ کی زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہوگا۔ دوسروں کیساتھ خفیہ مقابلہ ہوسکتا ہے معاملات سے بھاگنا چاہیں گے۔ مگر اپنی فطرت مردانگی کے تحت ایسا نہ کرپائیں گے اپنے سینئر بزرگوں سے صلاح ضرور لیں صحت جسمانی متاثر ہوسکتی ہے۔

سعد تواریخ: **29,28,6,5** نومبر **نحس تواریخ**: **17,16,10,9** نومبر

TAURUS

21April
21May

ثور

ستارہ: زہرہ
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth

RulingPlanet: Venus

Symbol: The Bull

YourStone: Emerald

LifePursuit: Emotional and financial security.

SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا **12** نومبر آٹھویں رہتے ہوئے وراثتی وقانونی امور میں خاص توجہ بڑھے اور انشورنس وکلیم کے امور انجام دے سکیں۔ جبکہ **13** تا **30** نومبر زہرہ نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے کی گئی کوششیں فائدہ مند اور بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد اس دوران کوشش کرنے سے جاسکیں۔ **6,5** نومبر زہرہ یورانس تثلیث سے تخلیقی وذہنی صلاحیتیں نکھر سکیں۔ اور منفرد خیالات کا اظہار عمل میں آئے۔ **21,20** نومبر زہرہ نیپچون تسدیس سے عشق ومحبت کے امور حساس اور مثبت ومستحکم فیصلے کرسکیں۔ **26,25** نومبر زہرہ پلوٹو قران اور زہرہ مشتری تربیع کے باعث یہ ایام احتیاط طلب رہیں۔ دوسرے افراد بہانے بازی اور ڈرامائی حالات سے معاملات میں پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں محتاط رہیں **30,29** نومبر زہرہ یورانس تربیع کے باعث حالات میں سکون بحال رکھنے کیلئے جذبات وغصہ پر کنٹرول رکھیں۔

پہلا ہفتہ :صحت سے متعلقہ معاملات پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں گے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ جس سے کافی مسائل خود بخود حل ہوسکیں گے۔ قانونی معاملات سے ممکنہ گریز کرنا بہتر رہے گا۔ لین دین کے امور کو اہمیت دے گا اور شریک حیات کا تعاون رہے گا۔

دوسرا ہفتہ :اس ہفتے صحت بہتر رہے گی اور دوستوں اور عزیزوں کیساتھ تعلقات بحال رہیں گے۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ محنت رنگ لائے گی اور اہم کام مکمل ہونے سے فائدہ ہوسکے گا۔ رشتے داروں کا تعاون رہے گا جس سے مسائل میں کمی ہوگی۔ ڈپریشن کا شکار ہوسکتے ہیں۔ حاسدین خواہشات میں رکاوٹ بن سکتے ہیں دوستوں کے تعاون سے معاملات میں بہتری اور ذہنی صلاحیتیں نکھر سکیں گی۔

تیسرا ہفتہ :بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہونگے اور مالی پوزیشن میں بہتری کے امکان ہونگے۔ قسمت کا ساتھ رہے گا۔ جس سے شریک حیات اور شریک کار کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں اور غلط فہمیوں کے بادل چھٹ سکیں گے گھریلو ماحول خوشگوار ہوسکے گا۔ معاملات محبت مزید بہتر ہونے سے آپ خود کو فریش محسوس کریں۔ عشق ومحبت سے متعلقہ امور حساس اور کام میں خامیاں رہ سکتی ہیں۔

چوتھا ہفتہ :اس ہفتے خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ غصے اور جذبات پر قابو رکھئے اور صبر وتحمل سے کام لیں ورنہ لڑائی جھگڑے اور نقصان کا اندیشہ ہے۔ جلد بازی سے گریز کریں شراکتی کام مسائل کا شکار ہوسکتے ہیں۔ الفاظ کی ادائیگی سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ دوسروں سے رابطہ منقطع ہوسکتا ہے سماجی امور سنجیدہ رہیں گے۔ سخاوت ودوستی بڑھے گی اور سماجی امور خوشگوار رہیں کام میں خوبصورتی کو سراہا جائے گا۔

سعد تواریخ: **21,15,4,3,2** نومبر **نحس تواریخ**: **30,29,28,12** نومبر

Gemini

22May 21June جوڑا

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ یکم تا 12 نومبر چھٹے ہمراہ شمس رہتے ہوئے ملازمتی ذمہ داریوں میں کوتاہی سے گریز کریں اور ماتحت افراد پر ضرورت سے زیادہ بھروسہ بھی پریشانی کا باعث بن سکتا ہے محتاط رہیں۔ 13 تا 30 نومبر عطارد ساتویں ہمراہ زحل کے رہتے ہوئے شراکتی واز دواجی زندگی میں احتیاط برتیں اور الفاظ کا چناؤ سوچ سمجھ کر کریں ورنہ خواہ مخواہ کے مسائل کا اندیشہ 4,3 نومبر عطارد پلوٹو تسدیس سے حالات کے مطابق گفتگو کا فن اور نفسیات کو سمجھ سکیں۔ 16,15 نومبر عطارد مریخ تسدیس سے ڈپلومیسی، فرض شناسی تکنیکی مہارت آئے اور کام کے معیار اور رفتار میں بھی تیزی آئے۔ 19,18 نومبر عطارد نیپچون تربیع میں غلط فہمی کا اندیشہ محتاط رہیں۔ 23,22 نومبر عطارد مشتری تسدیس سے حالات کے مطابق مثبت و مستحکم فیصلے کرسکیں۔ شعبہ تعلیم میں دلچسپی بڑھے۔ 24,23 نومبر عطارد زحل قران سے حالات میں بہتری کیلئے فوکس کرسکیں۔ اور سنجیدگی سے حالات میں بہتری آسکے۔ 27,26 نومبر عطارد یورانس تثلیث کے باعث تجرباتی رویہ اور خیالات کا مثبت اظہار کرسکیں۔

پہلا ہفتہ: بیرون ملک مقیم دوست احباب رابطے میں رہیں گے اور مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ اس ہفتے جو بھی نیا کام شروع کریں گے وہ آپ کی زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہوگا۔ درپیش رکاوٹیں اور پریشانیاں ختم ہوسکیں گی اور حالات میں بہتری آئے گی۔ اپنے جذباتی پن غم و غصہ پر قابو رکھیں اجنبیوں پر بے جا بھروسہ نہ کریں ورنہ غیر متوقع مالی اخلاقی نقصان ہوسکتا ہے۔

